★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ
قوت
لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | ہفتہ 30 شعبان المعظم 1446ھ، ہفتہ یکم مارچ 2025ء 17 پھاگن 2081 بپ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 127

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

نوجوانوں کو روزگار کے مواقع مہیا کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، مریم نواز شریف

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت نوجوانوں کیلئے ٹیکنیکل اور ووکیشنل اداروں میں آن لائن پورٹل رجسٹریشن کا آغاز، درخواست وصولی سے لیکر سرٹیفکیٹ کے اجراء تک مکمل آن لائن ہوگا

طلبہ، والدین کیلئے دفاتر کے چکر لگانے کی پریشانی سے آزادی، ایک ہی کلک پر تمام معلومات کی فراہمی، تین سالہ ڈی اے ای کورسز کی رعایتی فیس میں مکمل دورانیہ کیلئے رجسٹریشن ہوگی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت نوجوانوں کیلئے ٹیکنیکل اور ووکیشنل اداروں میں آن لائن پورٹل رجسٹریشن کا آغاز کر دیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر سہل اور تیز ترین آن لائن رجسٹریشن کا یکم مارچ (آج) سے ہوگا۔ درخواست وصولی سے لیکر سرٹیفکیٹ کے اجراء تک مکمل آن لائن ہوگا۔ تین سالہ ڈی اے ای کورسز کی رعایتی فیس میں مکمل دورانیہ کیلئے رجسٹریشن ہوگی۔ ادارے کے نام پر بنک اکاؤنٹ کھلوانے کی شرط میں نرمی اور اکاؤنٹ سرٹیفکیٹ کے اجراء سے مشروط کر دیا گیا۔ طلبہ اور والدین کے لئے دفاتر کے چکر لگانے کی پریشانی سے آزادی اور ایک ہی کلک پر تمام معلومات کی فراہمی ہوگی۔ پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی ایکٹ 2019ء کے تحت تمام اداروں کو پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ساتھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

نوشہرہ مسجد میں خودکش دھماکہ، دوسری جانب شہید جے یو آئی س کے سربراہ مولانا حامد الحق کی (فائل فوٹو)

سویلین کے ملٹری ٹرائل سے متعلق استدعا تو

آپ کی غیر مؤثر ہو چکی، جسٹس محمد علی مظہر

اسلام آباد (این این آئی) 9 مئی واقعے پر جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کیلئے سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے تحریک انصاف کو مزید دستاویزات جمع کرانے کی مہلت دے دی۔ سپریم کورٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

صدر مملکت دوبارہ لاہور پہنچ گئے، نواز اور مریم نواز سے ملاقات متوقع

محسن نقوی کی بھی ملاقات کا امکان، پیپلز پارٹی کو پنجاب میں درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا جائے گا

لاہور (این این آئی) صدر پاکستان آصف علی زرداری اسلام آباد سے دوبارہ لاہور پہنچ گئے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری صرف ایک روز اسلام آباد قیام کے بعد واپس لاہور پہنچے، آصف زرداری کا گزشتہ دورہ لاہور پانچ روز پر محیط تھا، صدر مملکت آصف علی زرداری کی مسلم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

خلائی تحقیق میں تعاون کا سمجھوتہ پاک چین دوستی کا نیا باب ہے، وزیراعظم

وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کا سپارکو اور چین کی مینڈ اسپیس ایجنسی کے درمیان خلائی تحقیق میں تعاون کے معاہدے پر دستخطوں کی تقریب سے خطاب

پاک چین اقتصادی راہداری کے عظیم منصوبہ کے ذریعہ پاکستان میں بڑے بڑے منصوبے مکمل کئے گئے، سپارکو کو پاک چین خلائی تعاون سے بھرپور طریقے سے استفادہ کرنا ہوگا

اسلام آباد (یو این پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے درمیان خلائی تحقیق میں تعاون کا سمجھوتہ اور پہلے پاکستانی خلا باز کو چین کے خلائی سٹیشن تک لے جانے کا اقدام پاک چین دوستی کا ایک نیا باب ہے، سمجھوتہ سے دونوں ممالک کے درمیان مضبوط دوستی کی عکاسی ہو رہی ہے، پاک چین اقتصادی راہداری کے عظیم منصوبہ کے ذریعہ پاکستان میں بڑے بڑے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

دہشتگردی کے واقعہ سے ظاہر ہو گیا ہے صوبے میں دہشتگردی کی نئی لہر آئی ہے، فیصل کریم

پہلے ہی کہتا تھا صوبائی حکومت کی امن و امان کے سوا ہر چیز میں دلچسپی ہے، صوبائی حکومت کو کرپشن چھوڑ کر امن و امان پر قابو پانا ہوگا: گورنر کے پی کے

گزشتہ دنوں میں نے امن و امان پر آل پارٹیز کانفرنس طلب کی، مولانا فضل الرحمٰن زیرک سیاستدان ہیں، وہ آسانی سے پی ٹی آئی کے ہاتھ آنے والے نہیں، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ اکوڑہ خٹک میں دہشتگردی کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے، واقعہ سے ظاہر ہو گیا کہ صوبے میں دہشتگردی کی نئی لہر آئی ہے، پہلے ہی کہتا تھا کہ صوبائی حکومت کی امن و امان کے سوا ہر چیز میں دلچسپی ہے، صوبائی حکومت کو کرپشن چھوڑ کر امن و امان پر قابو پانا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

مدرسہ حقانیہ میں دھماکہ، حامد الحق سمیت 8 افراد شہید

حملہ ٹارگیٹڈ تھا جس میں 3 سے 4 افراد شہید ہوئے، حملے میں مولانا حامد الحق نشانہ تھے، آئی جی ذوالفقار حمید، بے گناہ نمازیوں کو نشانہ بنانا مذموم اور گھناؤنا عمل ہے، دہشتگرد ملک وقوم اور انسانیت کے دشمن ہیں، صدر مملکت

بزدلانہ اور مذموم دہشت گردی کی کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف ہمارے عزم کو پست نہیں کر سکتیں، وزیراعظم نے رپورٹ طلب کر لی، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کی دھماکے کی مذمت

نوشہرہ/پشاور/اسلام آباد (این این آئی) خیبر پختونخوا کے شہر نوشہرہ میں دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کی جامع مسجد میں خودکش دھماکے کے نتیجے میں جمعیت علمائے اسلام (س) کے سربراہ اور مدرسے کے نائب مہتمم مولانا حامد الحق سمیت 5 افراد شہید اور 20 زخمی ہو گئے، زخمیوں میں بعض کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)


اسلام آباد: وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نئے کابینہ ممبران کے ناشتے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف کا نئے کابینہ ارکان کے اعزاز میں ناشتہ

نئی کابینہ ارکان کو مبارک باد بھی پیش، قلمدانوں کا اعلان ایک دو روز میں متوقع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے نئے کابینہ ارکان کے اعزاز میں جمعہ کی صبح ناشتے کا اہتمام کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ میں شامل نئے ارکان کو ناشتہ وزیر اعظم ہاؤس میں دیا جا رہا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس موقع پر نئی کابینہ ارکان کو مبارک باد بھی پیش کی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نئے ارکان کی وزارتوں و ذمے داریوں کا اعلان ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی نوشہرہ کی مسجد میں بم دھماکا کی شدید مذمت

مسجد میں نماز جمعہ کے بعد بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے نوشہرہ کی مسجد میں بم دھماکا کی شدید مذمت کی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بم دھماکے میں مولانا حامد الحق اور دیگر نمازیوں کی شہادت پر گہرے رنج اور دکھ کا اظہار کیا ہے اور دھماکے میں زخمی ہونے والے نمازیوں کی جلد صحت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا ٹریفک حادثات

پر 2 خواتین کی ہلاکت پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ٹریفک حادثات میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

RATE GENERAL PUBLIC RELATIONS
DGPR
لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں اہم پریس کانفرنس کر رہی ہیں

دشمن ملک میں عدم استحکام پیدا کرنے کی سازش کر رہا ہے، وزیر داخلہ

متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت کی قوم کی حمایت سے دشمن کی ہر سازش ناکام بنائیں گے: بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک جامع مسجد میں دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دشمن ملک میں عدم استحکام پیدا کرنے کی سازش کر رہا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے نوشہرہ میں جمعے کی نماز کے بعد ہونے والے دھماکے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ اینڈ ریونیو محمد اورنگزیب میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

کرم میں سڑکیں بند، تعلیمی ادارے

بھی بند کرنے کی دھمکی

کرم (این این آئی) ضلع کرم میں ٹل پاراچنار مرکزی شاہراہ 151 روز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

متنازعہ ٹوئٹ کیس، اعظم سواتی کی حاضری

سے استثنیٰ کی درخواست منظور

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی مقامی عدالت نے متنازعہ ٹوئٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

ہوٹل انتظامیہ ایس او پیز پر عمل کرتی ہے، طلال چوہدری

پولیس اور ایف سی وہاں سیکیورٹی کے لیے تھیں، کیا پولیس نے کسی کو پکڑا یا منتشر کرنے کی کوشش کی؟

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت طلال چوہدری نے کہا ہے کہ جب اپوزیشن منقسم اور ایک دوسرے سے دست و گریباں ہو تو اس صورت حال میں ہیڈ لائنز بنانے کے لیے یا کانفرنس کو کامیاب دکھانے کے لیے اسی طرح کرنا پڑتا ہے جیسا اپوزیشن نے کیا۔ نجی ٹی وی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

پنجاب بھر کی جیلوں کو سولر انرجی پر منتقل کرنے کا فیصلہ

پنجاب کی 43 جیلوں میں بجلی اور گیس کا سالانہ بل ساڑھے 4 ارب تک پہنچ چکا ہے: ترجمان محکمہ داخلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر کی 43 جیلوں کو سولر انرجی پر منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے حتمی پلان وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی منظوری کیلئے پیش کر دیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے بحری امور قیصر احمد شیخ نیشنل میری ٹائم پالیسی ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں

پنجاب حکومت کی کارکردگی کچھ لوگوں کو ہضم نہیں ہو رہی، عظمیٰ بخاری

پی ٹی آئی کا دور حکومت سکینڈلز سے بھرا رہا، عثمان بزدار کو اپنا تعارف کرانے کے لئے شہباز شریف کے نام کی ضرورت پڑتی تھی، وزیر اطلاعات

کوئی بھی منصوبہ ایسا نہیں کہ کہا جا رہا ہو شروع کریں گے، ہر منصوبے کا بتانے کے لئے دروازے پر دستک نہیں دی جاتی

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت کی کارکردگی کچھ لوگوں کو ہضم نہیں ہو رہی، پی ٹی آئی کا دور حکومت سکینڈلز سے بھرا رہا، پنکی اور گوگی کا رشوت کا بازار گرم تھا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کو ایک سال مکمل ہوا، وزیراعلی مریم نواز کی حکومت کا ایک بھی منصوبہ ادھورا نہیں ہے، کوئی بھی منصوبہ ایسا نہیں کہ کہا جا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

دھاندلی انکوائری کمیشن کی تشکیل، شیر افضل، عمران خان کی درخواست پر اعتراضات برقرار

جب تک میری درخواست پر نمبر نہیں لگتا، دلائل نہیں دوں گا، وکیل شیر افضل مروت

اسلام آباد (این این آئی) عام انتخابات میں دھاندلی پر انکوائری کمیشن کی تشکیل کے معاملے پر شیر افضل مروت اور بانی پی ٹی آئی عمران خان کی درخواستوں پر سپریم کورٹ نے رجسٹرار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

تمام مقدمات جعلی، عوام دیکھ رہی ہے کہ یہ کیا سرکس جاری ہے، شبلی فراز

نیب کی جانب سے جو تفصیلات بتائی گئی ہیں 40 ارب سے زائد کا سرمایہ اس ملک سے چلا گیا ہے، ہم بھیک مانگ رہے ہیں

ملک کی بھلائی کے لئے کوئی پلان نہیں ہے، وزیروں کا ایک جھرمٹ انہوں نے شامل کیا ہے: رہنما پاکستان تحریک انصاف

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شبلی فراز نے کہا ہے کہ تمام مقدمات جعلی ہیں، عوام دیکھ رہی ہے کہ یہ کیا سرکس جاری ہے۔ سپریم کورٹ کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شبلی فراز نے کہا کہ تمام مقدمات مکمل طور پر جعلی مقدمات ہیں، لوگ اس ملک سے فرار ہونے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیب کی جانب سے جو تفصیلات بتائی گئی ہیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

صوبہ بھر میں اشیائے خورونوش کے نرخوں میں

ریلیف کی فراہمی جاری ہے، ملک افضل کھوکھر

لاہور (این این آئی) چیئرمین پنجاب ماڈل بازار کمپنی ملک افضل کھوکھر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

امریکا گورنمنٹ چھوٹی کر رہا، ہم بڑی کر رہے، فواد چوہدری

پی ٹی آئی عہدیداروں کا کوئی سیاسی بیک گراؤنڈ نہیں، یہ گرینڈ الائنس بنانے میں بھی ناکام ہیں

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ رمضان میں آسانیوں کے بجائے پچاس وزیر بنا دیئے، امریکا گورنمنٹ چھوٹی کر رہا، ہم بڑی کر رہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق ترکی این جی او کی بانی کو سووینئر پیش کر رہے ہیں

ماہ رحمت، امارات میں جیلوں سے

3727 قیدیوں کو رہا کر دیا گیا

ابوظہبی (این این آئی) ایمریٹس نیوز نے بتایا ہے کہ متحدہ عرب امارات نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

پاکستان کی ایوی ایشن انڈسٹری نے اہم سنگ میل عبور کر لیا

آنے والی بین الاقوامی پرواز کی گراؤنڈ ہینڈلنگ پہلی مرتبہ مکمل طور پر خواتین عملے نے انجام دی

کراچی (این این آئی) پاکستان کی ایوی ایشن انڈسٹری نے ایک نیا سنگ میل عبور کر لیا، کراچی ایئرپورٹ پر آنے والی بین الاقوامی پرواز کی گراؤنڈ ہینڈلنگ پہلی مرتبہ مکمل طور پر خواتین عملے نے انجام دی۔ لینڈنگ کے بعد طیارے کی بحفاظت پارکنگ، مسافروں کو طیارے سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

سندھ کے علاقے قمبر اور پنجاب کے منڈی

بہاؤالدین میں پولیو کیسز کی تصدیق کر دی

قمبر، منڈی بہاء الدین (این این آئی) پاکستان میں پولیو کے دو نئے کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، حکام نے سندھ کے علاقے قمبر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

اگر ہم مل کر کوشش کریں تو ملک میں سیاسی استحکام لا سکتے ہیں، شرجیل میمن

ذہنی طور پر پیکا کی سپورٹ نہیں کرتا، لیکن جھوٹ پھیلانے کی سزا ہونی چاہیے، میڈیا سے بات چیت

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل میمن نے کہا ہے کہ اگر ہم مل کر کوشش کریں تو ملک میں سیاسی استحکام لا سکتے ہیں۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال اور وزیر اعظم کے مشیر سیاسی امور رانا ثناء اللہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کے سابق صدر رفیق تارڑ کی

تیسری برسی 7 مارچ کو منائی جائے گی

ملکوآنہ (این این آئی) پاکستان کے سابق صدر رفیق تارڑ کی تیسری برسی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

کفایت شعاری صرف غریب کیلئے

ہے؟ ترجمان پی پی پی

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کی جانب سے وفاقی کابینہ میں توسیع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نواز شریف سنٹر آف ایکسیلینس فار ارلی چائلڈ ہوڈ ایجوکیشن کی انرولمنٹ مہم کا افتتاح اور اپنے بیٹے کی انرولمنٹ کر رہے ہیں۔

راولپنڈی، روات میں کار اور ٹرک کی

ٹکر، 4 افراد جاں بحق

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے علاقے روات میں چیک بیلی روڈ پر کار اور ٹرک کی ٹکر کے نتیجے میں 4 افراد جاں بحق ہو گئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

غزہ میں جاری مذاکرات بہت اطمینان بخش ہیں، ٹرمپ

دو ریاستی حل ہی بالآخر خطے میں پائیدار امن کا واحد راستہ ہے، برطانوی وزیراعظم

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ غزہ کے حوالے سے بہت اچھی بات چیت جاری ہے، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق برطانوی وزیراعظم کیئر سٹارمر کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس میں ٹرمپ سے سوال کیا گیا کہ کیا دوسرا مرحلہ نتیجہ خیز ہوگا؟ تو انہوں نے کہا کہ ہم دیکھیں گے کہ کیا ہوتا ہے۔ کوئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

عالیہ حمزہ و دیگر کی ضمانت منسوخی سے متعلق

درخواست، پنجاب حکومت نے وقت مانگ لیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں 9 اور 10 مئی کے ملزمان کی ضمانت منسوخی سے متعلق کیس کی سماعت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

غزہ میں فلاڈیلفیا کوریڈور بفرزون رہے

گا، اسرائیلی وزیر دفاع

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر دفاع یسرائیل کاٹز نے کہا ہے کہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے حکومت کے اندر سکیورٹی مشاورت کرنے کی تیاری کر رہے ہیں اور جنگ بندی معاہدے کے پہلے مرحلے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

رمضان کے بعد ایک بڑا ملین مارچ کریں گے: حافظ نعیم الرحمٰن

بجلی کی قیمتیں کم نہ کی گئیں تو رمضان کے بعد زبردست احتجاجی تحریک شروع کی جائے گی

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے جمعہ کے روز ادارہ نور حق میں امیر کراچی منعم ظفر خان و دیگر رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ حکومت نے بجلی کی قیمتیں کم، ناجائز ٹیکسز ختم اور عوام کو بجلی بلوں میں حقیقی ریلیف نہ دیا گیا تو جماعت اسلامی رمضان المبارک کے بعد ملک بھر میں زبردست احتجاجی تحریک شروع کرے گی، گورنر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

موجودہ حکومت نے بانی پی ٹی آئی کو فرشتہ بنا دیا، خاقان عباسی

موجودہ حکومت اقتدار کے زعم میں ہے، ہماری کانفرنس کامیاب تھی، اعلامیے پر اتفاق کیا، نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو

بانی پی ٹی آئی کا دور حکومت میں رویہ بھی ٹھیک نہیں تھا، موجودہ حکومت کی وجہ سے لوگ بانی کا رویہ بھول گئے: گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کا دور حکومت میں رویہ بھی ٹھیک نہیں تھا، بانی پی ٹی آئی کو سوچنا چاہیے کہ ان کا رویہ کیسا تھا، موجودہ حکومت کی وجہ سے لوگ بانی کا رویہ بھول گئے، موجودہ حکومت نے بانی پی ٹی آئی کو فرشتہ بنا دیا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ ہم نے دو روزہ کانفرنس کیلئے ہال بک کیا ہوا تھا، جب ہم وہاں پہنچے تو ہوٹل کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

مجتبیٰ شجاع الرحمان کی زیرصدارت لاہور ڈویلپمنٹ پلان پر اعلیٰ سطحی اجلاس

لاہور سے تعلق رکھنے والے اراکین اسمبلی کی شرکت، سرکاری اداروں کو ترقیاتی منصوبوں میں تیزی لانے کی ہدایت

لاہور (خبر نگار) وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان کی زیر صدارت لاہور ڈویلپمنٹ پلان کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا، جس میں لاہور کے تمام حلقوں سے تعلق رکھنے والے اراکین اسمبلی، کمشنر لاہور، ڈپٹی کمشنر، ایم ڈی واسا، ایم ڈی لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی، سی او میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور، لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایل ڈی اے) کے حکام اور تمام ٹاؤنز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

لاہور ہائیکورٹ کا اسکولز کی چھٹی کے دوران سروس روڈ ون وے کرنے کا حکم

کیمرہ نصب کر کے مانیٹرنگ کی جائے، خلاف ورزی پر 10 ہزار روپے جرمانہ کیا جائے، ہدایت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے اسکولز کی چھٹی کے دوران سروس روڈ کو ون وے کرنے اور خلاف ورزی پر 10 ہزار روپے جرمانے کا حکم دے دیا۔ عدالت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

PRIDE
IT EQUIPMENT
لاہور: وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن پنجاب ریسورس امپرومنٹ اینڈ ڈیجیٹل ایفکٹونس پروگرام پرائڈ کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن کراچی آمد کے موقع پر موجودہ ملکی سیاسی صورتحال کے حوالے سے ادارہ نور حق میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

چوری کا جھوٹا الزام لگا کر شہری پر تشدد اور برہنہ ویڈیو وائرل ہونے کا معاملہ

ایس پی سول لائنز ڈاکٹر عبدالحنان کی سربراہی میں ایس ایچ او تھانہ ریس کورس کی پولیس ٹیم کے ہمراہ انٹیلیجنس بیسڈ کاروائی



لاہور (چیف رپورٹر سے) تفصیلات کے مطابق شہری نے چند روز قبل ملزمان کی دکان سے چند روپیوں کا سامان خریدا تھا جس کے جلد بازی میں پیسے دینا بھول گیا، ترجمان کچھ روز بعد شہری جب دوبارہ سامان لینے دکان پر آیا تو ملزمان نے شہری پر چوری کا الزام لگا کر تشدد شروع کر دیا شہری کے لاکھ پیسے لوٹانے پر بھی ملزمان تشدد سے باز نہ آئے اور شہری کی برہنہ ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر وائرل کر دی ملزمان زین، عبداللہ اور ولید کے خلاف تھانہ ریس کورس میں مقدمات درج مزید کاروائی کے لیے انویسٹیگیشن ونگ کے حوالے، ترجمان انسانیت کی تذلیل کسی صورت برداشت نہ کی جائے گی، ایس پی سول لائنز قانون شکن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں، ایس پی سول لائنز ڈاکٹر عبدالحنان نے کہا کہ شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنائیں گے۔

07 سالہ بچے کے ساتھ بد فعلی کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) 07 سالہ بچے کے ساتھ بد فعلی کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ ایس پی کینٹ اویس شفیق کی ہدایت پر شالی چھا¶نی پولیس کا 15 کی کال پر فوری ایکشن لیا گیا۔ ایس ایچ او شالی چھاؤنی محمد رومان نے بتایا کہ 07 سالہ بچے کے ساتھ بد فعلی کرنے والا ملزم عمر فاروق گرفتار کر لیا گیا۔ ایس پی کینٹ اویس شفیق نے بتایا کہ بچہ گھر میں کھیل رہا تھا کہ ملزم عمر فاروق نے بچے کو ورغلا پھسلا کر اوپر والے پورشین اپنے کمرے میں لے جا کر بچے کو بد فعلی کا نشانہ بنایا بچے کے والد محمد عدیل کی مدعیت میں ملزم عمر فاروق کے خلاف فوری مقدمہ درج کر لیا گیا۔

چوکی پنجاب سوسائٹی ستوکتلہ پولیس کی خفیہ اطلاع پر کارروائی کر کے 07 خواتین سمیت 03 ملزمان کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) چوکی پنجاب سوسائٹی ستوکتلہ پولیس کی خفیہ اطلاع پر کارروائی کر کے 07 خواتین سمیت 03 ملزمان کو گرفتار کر لیا ایس پی صدر ڈاکٹر غیور احمد خاں نے بتایا کہ ملزمان کو ہوٹلز کی آڑ میں قائم قحبہ خانوں سے حراست میں لیا گیا ملزمان میں استخار، زوہیب اور علی حسن، سہرش شہباز، سونیا، ثنائی، مہک، ریچل، زاہرہ اور نبیلہ شامل ہیں ملزمان کیخلاف مقدمات درج کر کے انویسٹیگیشن کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی ہیڈ کوارٹر میں "جین اے آئی فار سمارٹر ٹومورو" کے موضوع پر کانفرنس کا انعقاد کیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی ہیڈ کوارٹر میں "جین اے آئی فار سمارٹر ٹومورو" کے موضوع پر کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سیف سٹی البیرونی سینٹر آف ریسرچ اینڈ انوویشن کے زیر اہتمام کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس میں ماہرین ٹیکنالوجی، سول سوسائٹی× طلبہ اور مختلف اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ کانفرنس کا مقصد مصنوعی ذہانت کے جدید رجحانات اور سمارٹ شہروں کی تعمیر میں اس کے کردار کو اجاگر کرنا ہے۔ کانفرنس سے ہمیں اے آئی کی نئی جہتوں کو سمجھنے اور سمارٹ حل تلاش کرنے میں مدد دے گی۔ مقررین نے مصنوعی ذہانت کے ذریعے پولیسنگ، ٹریفک مینجمنٹ اور عوامی تحفظ کے نظام میں بہتری کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں۔ ماہرین کا کہنا تھا کہ جین اے آئی فار سمارٹ ٹومورو" جیسے اقدامات انسانی زندگی کو آسان بنائیں گے۔ پنجاب کو جدید ٹیکنالوجی کے لحاظ سے ماڈل صوبہ بنانے میں بھی اہم کردار ادا کریں گے۔ جین اے آئی فار سمارٹر ٹومورو" محفوظ اور جدید پاکستان کی طرف ایک اور قدم ہے۔

پاکستان اور ایران کے درمیان طبی تعاون کے فروغ پر اتفاق

ڈی جی خانہ فرہنگ لاہور کی یو ایچ ایس آمد، وزیر صحت پنجاب سے ملاقات

ڈاکٹر اصغر مسعودی کے دورے کا مقصد ایران کی میڈیکل یونیورسٹیوں اور یو ایچ ایس کے درمیان اشتراک عمل پر تبادلہ خیالات تھا

ایران ہر لحاظ سے عظیم ملک، خود انقلاب ایران کا بغور مطالعہ کر چکا، بے حد متاثر ہوں خواجہ سلمان رفیق

ایرانی پیڈریاٹک ہارٹ سرجن پاکستان آئیں اور ان بچوں کی سرجری کریں: وزیر صحت پنجاب

لاہور (خبر نگار) خانہ فرہنگ اسلامی جمہوریہ ایران لاہور کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر اصغر مسعودی نے جمعے کے روز یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (یو ایچ ایس) کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، وائس چانسلر پروفیسر احسن وحید راٹھور اور سینئر فیکلٹی سے ملاقات کی۔ ڈاکٹر اصغر مسعودی کے دورے کا مقصد ایران کی میڈیکل یونیورسٹیوں اور یو ایچ ایس کے درمیان اشتراک عمل پر تبادلہ خیالات تھا۔ اس موقع پر خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ ایران ہر لحاظ سے ایک عظیم ملک ہے اور وہ خود انقلاب ایران کا بغور مطالعہ کر چکے ہیں، جس سے وہ بے حد متاثر ہیں۔ ڈاکٹر اصغر مسعودی نے کہا کہ پاکستان اور ایران کئی معاملات میں یکساں ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان تاریخی وثقافتی تعلقات گہرے ہیں۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ خانہ فرہنگ لاہور کے پہلے ڈائریکٹر معروف شاعر، صوفی غلام مصطفیٰ تبسم تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کو سب سے پہلے ایران نے تسلیم کیا تھا اور اسلامی انقلاب کی سب سے پہلی مبارکباد بھی پاکستان نے ہی دی تھی۔ انہوں نے علامہ اقبال کے کلام اور فلسفے کی ایران میں مقبولیت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ آج بھی ایرانی شعراء پاکستان سے محبت کرتے ہیں۔ ڈاکٹر مسعودی نے یہ بھی بتایا کہ انقلاب کے بعد ایران نے میڈیکل سائنسز، خصوصاً روبوٹکس میں نمایاں ترقی کی ہے اور پاکستانی طلبہ ایران کو تعلیمی لحاظ سے ایک سازگار ملک سمجھتے ہیں۔ ان کے مطابق، گزشتہ سال 100 سے زائد ایرانی طلبہ لاہور آئے اور مختلف اداروں میں داخلہ لیا۔ ملاقات کے دوران ایرانی قونصل جنرل کے پیڈریاٹک ہارٹ سرجری میں تعاون کے حوالے سے وزیر اعلیٰ پنجاب کو لکھے گئے خط پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب حکومت چاہتی ہے کہ ایرانی پیڈریاٹک ہارٹ سرجن پاکستان آئیں اور ان بچوں کی سرجری کریں جن کے دل میں پیدائشی سوراخ ہے۔ اس حوالے سے ڈی جی خانہ فرہنگ نے خواجہ سلمان رفیق کی ایرانی نائب وزیر صحت سے ٹیلی فونک بات چیت بھی کروائی، جس میں ایرانی نائب وزیر نے پنجاب حکومت کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ پرو وائس چانسلر یو ایچ ایس، پروفیسر نادیہ نسیم نے ایرانی طلبہ کے پنجاب کے میڈیکل کالجوں میں داخلے، پوسٹ گریجویٹ پروگرامز، مختصر کورسز، انٹرن شپ، اور سمر اسکول کی سہولیات پر بریفنگ دی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈیجیٹل ایجوکیشن، ٹیلی کنسلٹیشن اور میڈیکل جرنلزم میں بھی دونوں ممالک کے اداروں کے درمیان تعاون کی گنجائش موجود ہے۔ آخر میں، ڈی جی خانہ فرہنگ نے وزیر صحت پنجاب اور وائس چانسلر یو ایچ ایس کو ایرانی سووینیئر پیش کیے۔

ایم بی بی ایس میں داخلوں کی آخری سلیکشن لسٹ جاری

کم سے کم میرٹ 9.71 فیصد پر آ گیا، میرٹ پر کسی قسم سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (یو ایچ ایس) نے پنجاب کے 32 پرائیویٹ میڈیکل کالجز میں ایم بی بی ایس داخلوں کے لیے پانچویں اور آخری سلیکشن لسٹ جاری کر دی ہے۔ لسٹ یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ پانچویں سلیکشن لسٹ 209 خالی نشستوں کے لیے جاری کی گئی ہے جبکہ میرٹ میں مجموعی طور پر 0.6 فیصد تک کمی واقع ہوئی ہے۔ پانچویں لسٹ میں بھی سب سے زیادہ میرٹ اَلعلیم میڈیکل کالج لاہور کا 0045.91 فیصد رہا، جبکہ سب سے کم میرٹ رائے میڈیکل کالج سرگودھا میں 9818.71 فیصد پر بند ہوا۔ لاہور میں کم سے کم میرٹ عذرا ناہید میڈیکل کالج کا 1682.73 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔ یو ایچ ایس کے ترجمان کے مطابق نئے داخلہ لینے والے امیدواروں کو 5 مارچ تک اپنی فیس جمع کروا کر متعلقہ کالج میں حاضری دینا لازمی ہوگا۔ اسی طرح اپ گریڈ ہونے والے طلبہ کو بھی مقررہ تاریخ تک نئے کالج میں رپورٹ کرنا ہوگی۔ ان امیدواروں کی فیس ان کے پرانے کالجز سے نئے کالجوں کو منتقل کر دی جائے گی۔

عابد تہامی کی نئی کتاب 'ہمکلام معاشرہ" شائع ہو گئی

معاشرتی مسائل کے حوالے سے روزنامہ جنگ میں شائع ہونے والے کالموں پر مشتمل کتاب ہے



لاہور (خبر نگار) اے پی این ایس ایوارڈ یافتہ بیسٹ فیچر رائٹر آف پاکستان، سینئر صحافی، اور کالم نگار عابد تہامی کی معاشرتی مسائل کے حوالے سے روزنامہ جنگ میں شائع ہونے والے کالموں پر مشتمل کتاب 'ہمکلام معاشرہ" شائع ہو گئی ہے، کتاب کا انتساب حق سچ سننے، بولنے، اسکا ساتھ دینے اور اسکے لئے کھڑے ہونے والوں کے نام کیا گیا ہے، عابد تہامی کی یہ سولویں کتاب ہے،، اس سے پہلے شائع ہونے والی کتابوں میں شہرہ آفاق کتابیں "انتخابات 90 کا وائٹ پیپر، بدعنوانیاں، الیکشن 2، داغدار الیکشن اور شہید عامر چیمہ" شامل ہیں۔ انسٹی ٹیوٹ آف ماس کمیونیکیشن پلاننگ اینڈ کنسلٹنسی لاہور کے زیر اہتمام شائع کردہ یہ کتاب "الحقائق پبلی کیشنز گنج بخش روڈ لاہور سے مل سکتی ہے،

03074568270,03337861895

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:15
فجر	6:00
ظہر	1:30
عصر	4:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	7:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

لاہور: فاروقی گرائمر سکول تھری کلاس میں فرسٹ پوزیشن لینے والی منی تنزیل کا اپنی فیملی کے ساتھ گروپ فوٹو

آئی جی پنجاب کی زیر صدارت کرائم میٹنگ سنٹر پولیس آفس میں ہوئی

آئی جی پنجاب نے شیخوپورہ اور فیصل آباد ریجنز میں کرائم کنٹرول، لا اینڈ آرڈر اور سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت شیخوپورہ اور فیصل آباد ریجن کی کرائم میٹنگ سنٹرل پولیس آفس پنجاب لاہور میں منعقد ہوئی۔ آئی جی پنجاب نے شیخوپورہ اور فیصل آباد ریجنز میں کرائم کنٹرول، لا اینڈ آرڈر اور سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا۔ کرائم میٹنگ میں آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل، آر پی او فیصل آباد ذیشان اصغر، سی پی او فیصل آباد صاحبزادہ بلال عمر اور متعلقہ اضلاع کے ڈی پی اوز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ آئی جی پنجاب نے دونوں ریجنز میں چالانگ، ملزمان کی گرفتاری اور ریکوری پوزیشن کا جائزہ لیا۔ آئی جی پنجاب نے شیخوپورہ ریجن کو کرائم کنٹرول کے لئے کارکردگی بہتر بنانے جبکہ فیصل آباد میں نئے تعینات ہونے والے آر پی او اور سی پی او کو کرائم کنٹرول کے لئے بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کی ہدایت کی۔ آئی جی پنجاب نے افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ سنگین جرائم کے اشتہاری مجرمان کی گرفتاری اور چالانگ کی شرح بہتر بنائیں۔ رمضان المبارک کے دوران مساجد، عبادت گاہوں، مارکیٹوں اور شہریوں کی سکیورٹی یقینی بنائیں۔ ڈی پی اوز 1787، سی ایم کمپلینٹس اور ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن پر شکایت کنندگان سے خود رابطہ کر کے فیڈ بیک لیں۔ بلائنڈ مرڈر، خواتین اور بچوں سے زیادتی و دیگر سنگین کیسز کے حل پر فوکس کریں۔ خواتین اور بچوں سے زیادتی کے کیسز میں انویسٹی گیشن افسران ڈی این اے لازمی کروائیں اور لائن آف انکوائری کو فالو کریں۔ اینٹی ریپ ایکٹ ٹریننگ ماڈیول کے تحت اپریل میں انویسٹی گیشن افسران کا تربیتی کورس کروایا جائے گا۔

سی ای او سبطین رضا کی ٹیم کا غیر قانونی تجاوزات کے خلاف دبنگ آپریشن

والٹن روڈ نشاط کالونی اور مریم کالونی کی گلیوں میں غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے بھاری جرمانے اور سامان قبضہ میں لے لیا

لاہور (سٹی رپورٹ) ڈی جی ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹ کے حکم پر سی ای او والٹن کنٹونمنٹ بورڈ سی ای او سبطین رضا کی ٹیم نے غیر قانونی تجاوزات کے خلاف دبنگ آپریشن کر ڈالا تجاوزات گلی محلوں سے ہٹانے کا سلسلہ 22 روز میں داخل۔ بتایا گیا ہے کہ والٹن کینٹونمنٹ بورڈ کی ہدایات پر والٹن روڈ نشاط کالونی اور مریم کالونی کی گلیوں میں غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے بھاری جرمانے اور سامان قبضہ میں لے لیا اس موقع پر کرنل فرخ مصطفی۔ نے بتایا کہ ڈی جی [illegible] انکروچمنٹ عملہ دن رات کام کر رہا ہے جلد پورے علاقے کو غیر قانونی تجاوزات سے پاک کر دیا جائے گا جس کے باعث شہریوں۔ کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔

جامع مسجد القادسیہ میں پاکستان کے معروف قاری القرآن قاری عبدالودود عاصم نماز تراویح پڑھائیں گے

قاری عبدالودود عاصم گزشتہ 25 سال سے جامع مسجد القادسیہ میں نماز تراویح کی امامت کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) رمضان المبارک کی روح پرور ساعتوں میں، جامع مسجد القادسیہ چوبرجی چوک ایک بار پھر قرآن کریم کی مسحور کن تلاوت سے گونج اٹھے گی۔ پاکستان کے معروف قاری القرآن، سدیسِ پاکستان قاری عبدالودود عاصم، امسال بھی نمازِ تراویح کی امامت کے فرائض سرانجام دیں گے۔ قاری عبدالودود عاصم گزشتہ 25 سال سے جامع مسجد القادسیہ میں نمازِ تراویح کی امامت کر رہے ہیں۔ ان کا لب و لہجہ اور اندازِ تلاوت امامِ کعبہ قاری عبدالرحمن السدیس سے مشابہت رکھتا ہے، جو مقتدیوں پر رقت طاری کر دیتا ہے۔ ان کی پرسوز تلاوت سننے کے لیے ہر سال ہزاروں افراد مسجد میں جمع ہوتے ہیں۔ یاد رہے کہ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کے دورِ حکومت میں جب امامِ کعبہ قاری عبدالرحمن السدیس پاکستان تشریف لائے تھے، تو ایک عشائیے کے دوران انہوں نے قاری عبدالودود عاصم کو پاکستان کا سدیس قرار دیا تھا۔ یہ اعزاز ان کے منفرد اور مؤثر اندازِ تلاوت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ جامع مسجد القادسیہ، جو لاہور شہر کے قلب میں واقع ہے، رمضان المبارک کی پرکیف محافل میں ہمیشہ مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔ اس سال بھی نمازیوں کی بڑی تعداد کی شرکت متوقع ہے، جو قاری عبدالودود عاصم کی روح پرور تلاوت سے فیض یاب ہوں گے۔

چین کے مکاؤ میں چینی قمری کیلنڈر کا جشن منانے کے لیے 5 روزہ کینٹونیز اوپرا شو میں فنکار "گون کو بائن یانگ یوہوانگ" ڈرامہ پیش کر رہے ہیں۔ شنہوا۔

کلین مشن کی تکمیل، ڈی سی لاہور کا دورہ، افسران کو ہدایات

ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کے علی اصبح تحصیل کینٹ کے مختلف مقامات کے دورے

لاہور (شہباز بھٹی سے) کلین مشن کی تکمیل کے حوالے سے ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے علی اصبح تحصیل کینٹ کے مختلف مقامات کے دورے کیے۔ سی او ایم سی ایل شاہد عباس کاٹھیا، اسسٹنٹ کمشنر کینٹ فاطمہ ارشد و دیگر بھی ڈی سی لاہور کے ہمراہ تھے۔ انہوں نے برکی روڈ و اطراف میں بارش کے بعد کی صورتحال و صفائی اقدامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے واسا حکام کو فی الفور سورنگ پوائنٹس سے بارشی پانی کے نکاس کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی سی لاہور نے ہدایت کی کہ شہر بھر میں کسی بھی مقام پر بارشی پانی کھڑا نہ ہو اور فیلڈ میں موجود رہیں۔ انہوں نے کہا کہ واسا افسران آب نکاسی کے عمل کی مؤثر نگرانی کریں اور ٹیموں کو متحرک کیا جائے، ڈی سی لاہور نے واضح ہدایت کی کہ صفائی انتظامات کو یقینی بنانے کیلئے ایل ڈبلیو ایم سی ورکرز فیلڈ میں متحرک رہیں اور کہا کہ مرکزی شاہراہوں، فٹ پاتھ، گلی و محلوں میں صفائی یقینی بنائی جائے اور گندگی جمع نہ ہونے دی جائے، ڈی سی لاہور نے کہا کہ تجاوزات کے مکمل خاتمے کے لئے تجاوزات مافیا سے آہنی ہاتھوں نمٹا جائے، ڈی سی لاہور نے کہا کہ تجاوزات کا باعث بننے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، ڈی سی لاہور نے کہا کہ جھگیاں و مویشیوں کی نشاندہی پر انہیں فی الفور کلیئر کروائیں اور شہر کی خوبصورتی کو ماند نہ پڑنے دیا جائے کارروائیاں جاری رکھی جائیں، ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی اور صاف ماحول کی فراہمی ہم سب کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔

نشتر ٹاون کے علاقہ سے پچیس سالہ نوجوان لاپتہ ہو گیا

تھانہ نشتر ٹاون نے نامعلوم ملزم کے خلاف اغوا کا مقدمہ درج کر لیا

مغوی ظہیر احمد کی فائل فوٹو

لاہور (خبر نگار) تھانہ نشتر ٹاون کے علاقہ سے پچیس سالہ نوجوان لاپتہ ہو گیا۔ ورثاء کی جانب سے نشتر ٹاون پولیس کو اغواء کی درخواست دے دی گئی جس پر تھانہ نشتر ٹاون نے نامعلوم ملزم کے خلاف اغوا کا مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق نشتر ٹاون رحمت کالونی بہادر آباد کے رہائشی منیر احمد ولد محمد علی کی جانب سے تھانہ نشتر ٹاون کو درخواست گزاری گئی کہ میرا 25 سالہ بیٹا ظہیر احمد جس نے گرے رنگ کی شلوار قمیض اور سیاہ رنگ کا اپر پہنا ہوا تھا گھر سے تقریبا 10 بجے گھر کا سامان لینے کے لئے نکلا جو کہ تا حال واپس نہ آیا ہے پتہ جوئی کرنے کے بعد تھانہ حاضر ہوا ہوں اور مجھے قوی امکان ہے کہ کسی نامعلوم شخص نے میرے بیٹے کو اغوا کر لیا ہے اسلئے قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے جس پر تھانہ نشتر کالونی پولیس کی جانب سے نامعلوم شخص کے خلاف اغواء کا مقدمہ درج کر کے تفتیش انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دی گئی ہے۔

ڈی ایس ریلوے کی کھلی کچہری: ملازمین سمیت عوامی شکایات سنیں گئیں

ملازمین کی شکایات محکمانہ پالیسی کے مطابق حل کی جائیں گی۔ ڈی ایس ریلوے محمد حنیف گل

لاہور (صابر غوری) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور ڈویژن محمد حنیف گل نے کھلی اور ای کچہری میں ملازمین سمیت عوامی شکایات سنیں۔ کھلی کچہری میں 17 جبکہ ای کچہری میں 1 شکایت سنی گئی۔ کھلی کچہری میں واجبات کی ادائیگی، پی ایم پیکیج وٹی ایل اے پر نوکری، ریلوے کوارٹرز کی الاٹمنٹ، ملازمین کی پروموشن اور ٹرانسفر پوسٹنگ، بجلی بحالی و واٹر کنکشن سے متعلق شکایات زیر بحث آئیں۔ ڈی ایس ریلوے لاہور کی جانب سے اکثر شکایات کا موقع پر ہی ازالہ کر دیا گیا جبکہ دیگر شکایات کے فوری ازالے کیلئے افسران کو موقع پر احکامات دیئے گئے۔ کھلی کچہری کے موقع پر واجبات کی ادائیگی کے حوالے سے ڈی ایس ریلوے لاہور کا کہنا تھا کہ فنڈز ملتے ہی ترجیح بنیادوں پر واجبات کی ادائیگی کر دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین کی تمام شکایات محکمانہ پالیسی کے مطابق حل کی جائیں گی۔ اس کے علاوہ ڈی ایس ریلوے لاہور کا کھلی کچہری کے موقع پر مزید کہنا تھا کہ محکمے کی ترقی و خوشحالی کیلئے ملازمین کو شرافت اور ایمانداری سے فرائض ادا کرنے چاہیے۔ اس موقع پر ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ دستیاب وسائل میں شکایات کے جلد حل کیلئے کوشاں ہیں۔ کھلی کچہری کے موقع پر ڈویژنل ٹرانسپورٹیشن آفیسر ارواخان، ڈویژنل پرسانل آفیسر سید محمد علی ذیشان زیدی، ڈویژنل مکینیکل انجینیئر محمد زوہیب ڈویژنل ایگزیکٹو انجینیئرز حاجی محمد، غلام مرتضی اور محمد انجم، ڈویژنل ٹیلی کام اینڈ سگنل انجینیئر محمد ندیم خٹک، ڈپٹی ڈائریکٹر پراپرٹی اینڈ لینڈ ریاض محمود لاشاری، اسسٹنٹ اکاؤنٹس آفیسر محمد علیم کے علاوہ متعلقہ سٹاف بھی موجود تھا۔

لاہور پولیس کا شہدائے پولیس کو خراج تحسین پیش کرنے کا سلسلہ جاری

لاہور پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہید کی قبر پر سلامی پیش کی

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس کا شہدائے پولیس کو خراج تحسین پیش کرنے کا سلسلہ جاری ہیں۔ ایس پی ہیڈ کوارٹر احمد زنیر چیمہ نے کہا کہ شہید اسسٹنٹ سب انسپکٹر شاہنواز خاں کی برسی کے موقع پر پولیس گارڈ نے شہید کی قبر پر حاضری دی لاہور پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہید کی قبر پر سلامی پیش کی۔ فاتحہ خوانی کی فرض کی راہ میں اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدائ کی خدمات کے اعتراف میں منعقدہ تقریب میں شہید کے اہل خانہ بھی شریک تھے۔ شہید اسسٹنٹ سب انسپکٹر 28 فروری 1993 کو تھانہ فیکٹری ایریا تعینات تھے۔ ایس پی احمد زنیر چیمہ نے کہا کہ اسسٹنٹ سب انسپکٹر شاہنواز خاں لائ اینڈ آرڈر ڈیوٹی کے حوالے سے پنجاب یونیورسٹی ڈیوٹی پر تھے یونیورسٹی میں پولیس پارٹی پر بھی فائرنگ کی گئی گولی لگنے سے آپ شہید ہو گئے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدائ محکمہ پولیس کا مان ہیں۔ ایس پی ہیڈ کوارٹر احمد زنیر چیمہ نے کہا کہ پولیس فورس کا قیام امن میں مثالی کردار ہے محکمہ پولیس شہدائ کے ورثا کی فلاح و بہبود کیلئے مسلسل کوشاں ہے شہدائ کے ورثا کو گھروں کی فراہمی، بچوں کیلئے سکالرشپس اور ملازمتوں کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جا رہے ہیں محکمہ پولیس زندگی کے ہر موقع پر شہدائ کے لواحقین کے شانہ بشانہ موجود رہے گا۔

رمضان المبارک میں ریلوے ریزرویشن دفاتر کے اوقات کار میں تبدیلی

لاہور (سپیشل رپورٹر) ریلوے انتظامیہ کے اعلان کے مطابق رمضان المبارک میں ریزرویشن دفاتر کے اوقات کار میں تبدیلی کی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق صبح کی شفٹ 7 بجکر 30 منٹ سے لے کر 12 بجکر 30 منٹ تک جبکہ شام کی شفٹ دوپہر 12 بجکر 30 منٹ سے لے کر شام 5 بجکر 30 منٹ تک کام کرے گی۔ اس کے علاوہ جمعہ کے روز 12 بجکر 30 منٹ سے لے کر دوپہر 2 بجے تک نماز جمعہ کا وقفہ ہوگا۔ ایسے تمام ریزرویشن دفاتر جہاں سنگل شفٹ کام کرتی ہے وہاں اوقات کار میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ یہ اوقات کار 15 رمضان المبارک تک لاگو ہوں گے۔ اس کے بعد تمام ریزرویشن دفاتر اپنے پرانے اوقات کار کے مطابق کام کریں گے۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

اشیاء کی مقررہ نرخوں پر فراہمی اولین ترجیح ہے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ

اس مقصد کے حصول کیلئے پرائس مجسٹریٹس کو موثر انداز میں گراں فروشوں کے خلاف کرنے کی ہدایت کی گئی ہے

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق ماہ صیام میں اشیاء ضروریہ کی مقررہ نرخوں پر صارفین کو فراہمی ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی اولین ذمہ داری ہے اس مقصد کے حصول کیلئے پرائس مجسٹریٹس کو موثر انداز میں گراں فروشوں کے خلاف کرنے کی ہدایت کی گئی ہے اس ضمن میں پولیس اور قانون نافذ کرنے والے ادارے کی مدد بھی لی جائے گی۔ انہوں نے یہ بات ڈسٹرکٹ پرائس کمیٹی برائے اشیاء خوردونوش کے ممبران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وائس چیئرمین ضلعی پرائس کنٹرول کمیٹی خالد بٹ، سیکرٹری/ ڈی او انڈسٹریز تنویر احمد، ممبران ملک تاج، اشفاق ندر گھمن، عقیل کپور، حافظ نصیر، سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی، لائیو سٹاک اور فوڈ کنٹرولر کے مقامی حکام نے شرکت کی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ایوب بخاری نے کہا کہ رمضان المبارک کے دوران تاجر کمیونٹی اپنے منافع کی شرح کو کم سے کم رکھیں اور گراں فروشی سے گریز کریں۔ انہوں نے پرائس لسٹ دکانوں پر واضح جگہ پر آویزاں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پرائس مجسٹریٹس مارکیٹ میں اشیاء خوردونوش کی طلب و رسد پر نظر رکھیں گے اور ذخیرہ اندوزوں اور مصنوعی قلت پیدا کرنے والے عناصر سے سختی سے نمٹا جائے گا۔

فیضان مدینہ قلعہ احمد آباد 25 فروری کو عظیم الشان جلسہ دستار فضیلت منعقد ہوا

جس میں 6 بچوں کا مکمل قرآن حفظ کرنے اور 15 بچوں کا ناظرہ قرآن مکمل کرنے پر انکی دستار بندی کی گئی

قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) اس موقع پر نارووال ڈویژن کے نگران نوید عطاری اور مولانا رضوان مدنی نے بچوں کی دستار بندی کی اور سنتوں بھرا بیان فرمایا بیان میں مولانا رضوان کا کہنا تھا کہ نظام بہتر کرنے کے لئے تعلیم بہتر کرنے کی ضرورت ہے پر امن ماحول کے انعقاد اور بہترین معاشرے کو پروان چڑھانے کے لئے قرآن پاک تعلیم انتہائی ضروری ہے انہوں نے کہا کہ دنیاوی تعلیم کے ساتھ اپنے بچوں کو قرآن کی تعلیم لازمی دلوائیں کیونکہ بروز قیامت حافظ قرآن بچے کے باپ کو نور کا تاج پہنایا جائے گا۔

پاسپورٹ آفس میں عملہ شہریوں کو کسی مشکل کا سامنا نہیں تمام کاؤنٹرز فعال ہیں: اسسٹنٹ ڈائریکٹر آصف گل

تمام افسران وملازمین وفاقی وزارت داخلہ کی ہدایت پر شہریوں کو پاسپورٹ بنوانے کے حوالے سے بھرپور ریلیف فراہم کر رہے ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاسپورٹ آفس شیخوپورہ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر آصف گل نے کہا ہے کہ پاسپورٹ آفس میں عملہ شہریوں کو کسی مشکل کا سامنا نہیں تمام کاؤنٹرز فعال ہیں اور عملہ بھرپور مستعدی سے امور ذمہ دار انجام دے رہا ہے تمام افسران وملازمین وفاقی وزارت داخلہ کی ہدایت پر شہریوں کو پاسپورٹ بنوانے کے حوالے سے بھرپور ریلیف فراہم کر رہے ہیں اور آئندہ بھی اس حوالے سے کسی غفلت ولاپرواہی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اسسٹنٹ ڈائریکٹر آصف گل نے کہا کہ خواتین اور معمر افراد کیلئے الگ کاؤنٹرز قائم کئے گئے ہیں جبکہ محکمہ کی آن لائن سروسز کو بھی مسلسل فعال رکھا گیا ہے تاکہ شہریوں ان سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کرسکیں جبکہ جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے شہریوں کے کوائف کی تکمیل اور پاسپورٹس کا اجراء یقینی بنایا جارہا ہے محکمانہ امور کی مانیٹرنگ اور سائلین سے ملاقاتیں کرنا میرا معمول ہے تاکہ ان کی شکایات کا ازالہ کرکے فوری ریلیف فراہم کرنے سمیت عملہ کی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جاسکے ٹاؤٹ مافیا کی منفی سرگرمیوں کی روک تھام کیلئے کی گئی کاروائیاں نہایت کارگر ثابت ہوئی ہیں اور سائلین کو ٹاؤٹوں سے چھٹکارا ملا ہے پاسپورٹ بنوانے کے نام پر کسی کو شہریوں کا مالی استحصال ہرگز نہیں کرنے دیں گے۔

پاکستان سوشل انویسٹیگیشن ٹیم کے ہیڈ آفس کا افتتاح کر دیا گیا

چنیوٹ: (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان سوشل انویسٹیگیشن ٹیم کے ہیڈ آفس کا افتتاح کردیا گیا اس موقع پر ہیڈ آفس پاکستان سوشل انویسٹیگیشن ٹیم میں ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا ہیڈ آفس کا افتتاح صاحبزادہ شاہ احمد رضا (مرکزی ادارہ عالیہ قادریہ فاضلیہ تفضیلیہ طرطوسیہ) کے ہمراہ سید قلب عباس اور سید ثمین عباس، سید اعجاز مہدی و مرکزی چیئرمین پیرزادہ شاہ آویز و مرکزی جنرل سیکرٹری سید دانش عباس نے اپنے دست مبارک سے کیا اس پروقار تقریب میں شہر بھر سے سیاسی وسماجی شخصیات اور صحافی حضرات نے شرکت کی اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہو✕ مرکزی چیئرمین کا کہنا تھا کہ پاکستان سوشل انویسٹیگیشن ٹیم کا شہر چنیوٹ میں قیام ایک اہم و مثبت اقدام ہے ادارے کا اولین مقصد عوامی مسائل کو اجاگر کرنا صحافت کے مثبت فروغ کے لیے اپنا اہم کردار ادا کرنا ہے اسی حوالے سے مرکزی جنرل سیکرٹری سید دانش عباس نے تقریب سے خطاب کرتے ہو✕ کہنا تھا کہ پاکستان سوشل انویسٹیگیشن ٹیم ہر مقام پر عوام کے حق کی آواز کو بلند کرنے میں اپنا اہم کردار ادا کرے گی۔

سٹی پریس کلب کے سالانہ انتخابات مکمل، ملک شریف ارشد صدر منتخب

رانا افضل رسول جنرل سیکرٹری کامیاب، اہم سماجی حلقوں، وکلاء، تاجر وصحافی برادری کی جانب سے مبارک باد

چھانگا مانگا (میاں شفیق احمد) سٹی پریس کلب چھانگا مانگا (رجسٹرڈ) کے سالانہ انتخابات مکمل صدر ملک شریف ارشد، جنرل سیکرٹری رانا افضل رسول منتخب، عوامی سماجی حلقوں، وکلاء، تاجر وصحافی برادری کی جانب سے مبارک باد ✕ تفصیلات کے مطابق سٹی پریس کلب چھانگا مانگا (رجسٹرڈ) کے سالانہ انتخابات سال 2025 مکمل ہو گئے جس میں بانی منیر احمد خان ساقی، سرپرست اعلیٰ رانا الیاس خان، سرپرست راؤ امجد علی خان ✕ چیئرمین ارشد جاوید مصطفائی، وائس چیئرمین حاجی عابد یسین ناگی، صدر ملک شریف ارشد، سینئر نائب صدر محمد اشرف قادری، نائب صدر، نوید انجم بھٹی، جنرل سیکرٹری رانا افضل رسول، جوائنٹ سیکرٹری میاں شفیق احمد، فنانس سیکرٹری ملک ناظم سیکرٹری اطلاعات عثمان علی بھٹی، آفس سیکرٹری بشارت علی منتخب ہوگئے مجلس عاملہ میں، ملک پرویز صادق، راؤ افضل، ملک اسلم، صفدر علی عادل، نثار شاکر، و دیگر اراکین شامل ہیں نو منتخب عہدیداران کو عوامی سماجی حلقوں، وکلاء، انجمن تاجران وصحافی برادری نے مبارک باد پیش کی، اور یہ امید ظاہر کی کہ سٹی پریس کلب چھانگا مانگا کے تمام صحافی اپنی سابقہ روایات کو برقرار رکھتے ہوئے اس سال بھی عوامی مسائل کو ایوانوں تک پہنچانے میں قلیدی کردار ادا کریں گے مظلوم کا ساتھ دینگے اور ظالم کیخلاف سیسہ پلائی دیوار ثابت ہونگے

سستی اشیاء کی فراہمی کے لیے رمضان سہولت بازار قائم

پھل، سبزیاں، آٹا، کھجور، چینی، گوشت سمیت 19 اشیاء عام مارکیٹ کی نسبت سستے داموں دستیاب ہیں

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر حافظ آباد میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے رمضان المبارک میں سستی اشیاء کی فراہمی کے لیے رمضان سہولت بازار قائم کر دیا گیا۔ جہاں پھل، سبزیاں، آٹا، کھجور، چینی، گوشت سمیت 19 اشیاء عام مارکیٹ کی نسبت سستے داموں دستیاب ہیں۔ ماڈل بازار میں قائم رمضان سہولت بازار میں مختلف اشیائے خوردونوش کے الگ الگ کاؤنٹرز سمیت سینئر سٹیزن، میڈیکل اور شکایات کے لیے بھی خصوصی کاؤنٹرز قائم کیے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے رمضان سہولت بازار کا دورہ کیا، اسسٹنٹ کمشنر سہیل ریاض، مینجر علی رضا نیکو کارہ بھی انکے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے رمضان سہولت بازار میں سستی اشیاء کی کوالٹی، دستیابی اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر رمضان المبارک میں سستے داموں اشیائے خوردونوش کی فراہمی کے لیے رمضان سہولت بازات کا قیام عوامی ریلیف کی جانب ایک اچھا قدم ہے۔ شہریوں کی بڑی تعداد اس رمضان سہولت بازار میں آکر اشیائے خوردونوش کی خریداری کر رہی ہے۔ انکا کہنا تھا کہ اس رمضان سہولت بازار سمیت دیگر عام مارکیٹوں، بازاروں میں بھی اشیائے خوردونوش کی قیمتوں اور کوالٹی کو یقینی بنانے کے لیے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی ڈیوٹیاں لگائی گئی ہیں اور تمام متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ رمضان سہولت بازار سمیت تمام مارکیٹوں میں پھل، سبزیوں، دودھ، دہی، گوشت اور دیگر اشیائے ضروریہ کی کوالٹی اور قیمتوں کو روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کیا جائے۔ انکا کہنا تھا کہ مہنگے داموں اور غیر معیاری اشیائے خوردونوش فروخت کرنے والے دوکاندار، تاجر کسی رعائت کے مستحق نہیں انکے خلاف بلاتفریق سخت کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

محفوظ پنجاب کے تحت چنیوٹ
پولیس کا جرائم پیشہ عناصر
کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن محفوظ پنجاب کے تحت چنیوٹ پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ پولیس نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران عدالتی مفروران سمیت مختلف علاقوں سے منشیات برآمد ہونے پر 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ مجرمان اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن میں 4 عدالتی مفروران کو گرفتار کرلیا گیا۔ منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن میں 2 ملزمان کو گرفتار کرکے 1 کلوگرام سے زائد چرس، 100 لیٹر سے زائد شراب برآمد کرلی گئی۔ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 2 سو سے زائد گاڑیوں کے چالان کیے گئے اور 1 لاکھ روپے سے زائد جرمانہ کیا گیا۔ جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ اپی پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے 53 مشکوک افراد، 393 مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔

میاں عبدالمنان پر فائرنگ کروانے کا الزام غلط ثابت: بے گناہ قرار

ایم پی اے حسان ریاض نے دونوں صحافتی تنظیموں کے درمیان کشیدگی ختم کروادی

صحافت ریاست کا اہم ستون ہے: آپس میں نہیں الجھنا چاہیے، حسان ریاض

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سٹی پریس کلب نارنگ کے ممبر میاں عبدالمنان پر فائرنگ کروانے کا الزام غلط ثابت، عبدالمنان بے گناہ قرار رکن صوبائی اسمبلی چوہدری حسان ریاض نے دو میڈیا تنظیموں کے درمیان کشیدگی ختم کروانے میں اہم کردار ادا کیا تفصیل کے مطابق چند روز قبل ینگ جرنلسٹ پریس کلب کے چیف آرگنائزر زبیر بھٹی پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا جس پر سٹی پریس کلب نارنگ کے ممبر میاں عبدالمنان پر الزام لگایا گیا کہ فائرنگ انہوں نے کروائی ہے جس سے دو میڈیا تنظیموں کے درمیان سخت کشیدگی پائی گئی جس پر پاکستان مسلم لیگ ن کے رکن صوبائی اسمبلی چوہدری حسان ریاض نے کردار ادا کرتے ہوئے دونوں میڈیا تنظیموں اور معززین علاقہ کی موجودگی میں واقعے پر تحقیقات کرتے ہوئے میاں عبدالمنان کو بے گناہ قرار دے دیا جس پر الزام لگانے والوں نے معافی مانگ لی ایم پی اے چوہدری حسان ریاض نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صحافت ریاست کا اہم ستون ہے صحافی برادری مثبت صحافت کے فروغ کے لئے کردار ادا کرے لڑائی جھگڑے اور الزام تراشی کی بجائے تحقیق اور تحمل مزاجی سے کام لینا چاہیے میاں عبدالمنان نے حلف دیا ہے کہ وہ اس واقعے میں کسی بھی طرح ملوث نہیں ہیں جس پر انہیں 100٪ بے گناہ قرار دیتے ہوئے ان کی کشیدگی ختم کروادی گئی ہے۔

کانووکیشن طلباء کیلئے بہت اہمیت کا حامل ایونٹ ہوتا ہے: اسسٹنٹ کمشنر

طلباء کا تعلیمی کیریئر یہاں سے ختم ہو رہا ہوتا ہے اور پریکٹیکل لائف یہاں سے شروع ہو رہی ہوتی ہے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اسسٹنٹ کمشنر عثمان غنی نے کہا کہ کانووکیشن طلباء کیلئے بہت اہمیت کا حامل ایونٹ ہوتا ہے جو ادارے سے طلباء نالج لے کر نکلتے ہیں وہ پریکٹیکل فیلڈ میں استعمال کرنے کا موقع ملتا ہے یعنی طلباء کا تعلیمی کیریئر یہاں سے ختم ہو رہا ہوتا ہے اور پریکٹیکل لائف یہاں سے شروع ہو رہی ہوتی ہے ڈگری لینے والی طالبات کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کیلئے دعا گو ہوں کہ اللہ تبارک وتعالی ان کی پریکٹیکل لائف میں آسانیاں پیدا فرمائے اور جو مقاصد انہوں نے سیٹ کیے ہوئے ہیں ان مقاصد کو حاصل کرنے میں کامیاب فرمائے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سپیریئر کالج ڈسکہ کی پانچویں کانووکیشن تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کیا ڈائریکٹر اشفاق حیدر چیمہ نے کہا کہ بے شک تعلیم ہی انسان کو اچھا انسان بناتی ہے تعلیم کے حصول کے بغیر کسی بھی قوم کی ترقی ناممکن ہے طلباء وطالبات کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنا ہمارا فریضہ ہے تاکہ وہ معاشرے کے بہترین شہری بن سکیں اور بیٹوں کے ساتھ ساتھ بیٹیوں کی تعلیم پر بھی خصوصی توجہ دینی چاہیے۔

ڈپٹی کمشنر/کنٹرولر جنرل نے اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کی نئی پرائس لسٹ جاری کر دی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر/کنٹرولر جنرل پرائسز سیالکوٹ محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کی نئی پرائس لسٹ جاری کر دی، نوٹیفکیشن کے مطابق ضلع سیالکوٹ کی حدود میں 20 کلوگرام وزنی آٹے کا فی تھیلہ 1720 روپے، 10 کلوگرام وزنی آٹے کا فی تھیلہ 855 روپے، چاول سپر باسمتی نیا 245 روپے فی کلوگرام، دال چنا موٹی 275 روپے فی کلوگرام، دال چنا باریک 260 روپے فی کلوگرام، دال مسور موٹی 275 روپے فی کلوگرام،، دال ماش دھلی ہوئی 420 روپے فی کلوگرام، دال ماش بغیر دھلی ہوئی 385 روپے فی کلوگرام، کالے چنے موٹے 265 روپے فی کلوگرام، سفید چنے پانچ سے چھ ایم سائز 250 روپے فی کلوگرام، بیسن 300 روپے فی کلوگرام، فی تندوری روٹی 100 گرام وزنی 14 روپے، مٹن گوشت 1800 روپے فی کلوگرام، بیف 900 روپے فی کلوگرام، کھلا دودھ فی لیٹر 170 روپے فی کلوگرام اور دہی کی زیادہ سے زیادہ قیمت 180 روپے فی کلو گرام روپے مقرر کی گئی ہے۔ بنا سپتی گھی (پیکٹ/کھلا) اور چینی کی فی کلوگرام قیمت بمطابق گورنمنٹ پالیسی ہوگی۔

رمضان سہولت بازار اور عام مارکیٹ کے لئے مختلف اشیائے ضروریہ کی نئی قیمتیں مقرر کر دیں

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں بعض اشیائے ضروریہ کی فراہمی کو یقینی بنانے پر زور



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹی نے رمضان سہولت بازار اور عام مارکیٹ کے لئے مختلف اشیائے ضروریہ کی نئی قیمتیں مقرر کردیں۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں بعض اشیائے ضروریہ کی موجودہ قیمتوں کا از سر نو جائزہ لیکر رمضان سہولت بازار اور عام مارکیٹ کے لئے مختلف اشیائے خورونوش کی قیمتیں مقرر کردی گئیں تفصیلات کے مطابق چنا سفید (موٹا) رمضان سہولت بازار میں 350 روپے فی کلوگرام اور عام مارکیٹ میں 358 روپے فی کلوگرام کے حساب سے فروخت ہوگا۔ چنا سفید (باریک) 250 روپے اور 255 روپے فی کلوگرام مقرر کی گئی۔ اسی طرح چنا سیاہ موٹا 270 روپے اور 278 روپے فی کلو گرام، چنا سیاہ باریک 250 روپے اور 265 روپے فی کلوگرام، دال چنا (موٹی) 285 روپے اور 290 روپے، دال چنا (باریک) 260 روپے اور 265 روپے فی کلوگرام، دال مونگ کوری (بغیر دھلی) 365 روپے اور 370 روپے، دال ماش دھلی ہوئی 430 روپے اور 440 روپے فی کلوگرام، دال ماش بغیر دھلی 400 روپے اور 415 روپے فی کلوگرام، دال مسور موٹی 250 روپے اور 255 روپے فی کلوگرام، دال مسور (باریک) 265 روپے اور 272 روپے فی کلوگرام، بیسن سہولت بازار میں 285 روپے اور عام مارکیٹ میں 290 روپے فی کلوگرام ہوگا۔ چاول باسمتی سپر کرنل پرانا 260 روپے اور 265 روپے فی کلوگرام، چاول باسمتی سپر کرنل نیا 245 اور 250 روپے، چاول اری 120 روپے اور 128 روپے فی کلوگرام کے حساب سے فروخت ہوگا۔ عام مارکیٹ میں دودھ 160 روپے فی کلوگرام، دہی 170 روپے، گوشت چھوٹا 1600 روپے، گوشت بڑا 750 روپے فی کلوگرام کے حساب سے فروخت ہوگا۔ روٹی سو گرام وزنی 12 روپے، نان سادہ کی قیمت 20 روپے ہوگی۔ 10 کلوگرام آٹا کا تھیلہ 855 روپے اور 20 کلوگرام آٹا کا تھیلہ 1710 روپے میں فروخت ہوگا۔ پھلوں، سبزیوں اور چکن کے نرخ روزانہ کی بنیاد پر مقرر کئے جائیں گے۔

رمضان المبارک میں مستحقین کا خاص خیال رکھیں: محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

اللہ تعالیٰ ریاکاری سے منع فرماتا ہے۔ کنوینئر اتحاد گروپ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) مہنگائی و بیروزگاری کے شکار ہمارے اردگرد موجود عام پاکستانی معاشی مشکلات کا شکار ہیں جن کی پریشانی کا اندازہ با آسانی لگایا جاسکتا ہے ماہ صیام کا مبارک مہینہ شروع ہو چکا ہے مستحقین وغرباء ومساکین کی مالی امداد اور انکی چھپ کر امداد کرنا تمام صاحب ثروت و صاحب اختیار مسلمانوں کا فرض بنتا ہے۔ ان باتوں کا اظہار جمعہ المبارک کے بعد اپنی رہائشگاہ پر ملاقات کیلئے آئے زعماء سے گفتگو کرتے ہوئے انسان دوست شخصیت و کنوینئر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ یاد رہے کہ فیاضیاں و امداد کرتے ہمیں سفید پوشوں کا بھرم رکھتے ہوئے نیک کام چھپ کر کرنا ہونگے۔ افسوس کا مقام ہے کہ لوگ امدادی راشن و دیگر سامان غرباؤ مساکین اور مستحقین کو دیتے فوٹو سیشن کراتے ہوں اور تو اور آٹے کے تھیلے بھی فوٹو سیشن کے ساتھ دیئے جاتے ہیں جس سے اللہ کہ مخلوق کہ بے توقیری اور انکی سفید پوشی پر ضرب آتی ہے اور ریاکاری سے اللہ نے منع فرمایا ہے۔

سرپرست اعلی انجمن تاجران ڈاکٹر نعیم کی رہائشگاہ پر تقریب کا انعقاد

رمضان المبارک میں اپنی مدد آپ کے تحت سستا سٹال لگائیں گے: شاہد محمود، اعظم شفیق

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سرپرست اعلی انجمن تاجران صدر بازار نارنگ ڈاکٹر نعیم حمید کی رہائش گاہ پر نو منتخب کابینہ کے اعزاز میں تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں صدر سیٹھ شاہد محمود اور جنرل سیکرٹری اعظم شفیق صابری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انجمن تاجران صدر بازار اپنی مدد آپ کے تحت سستا سٹال لگائے گی جہاں پھل وغیرہ سستے داموں فروخت کیے جائیں گے تاکہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں روزہ داروں کو سستے داموں پھل وغیرہ مل سکیں رمضان المبارک میں کھانے پینے کی دوکانوں اور دیگر سٹال وغیرہ پر ایس او پیز نافذ کیے جائیں گے تاکہ احترام باقی رہے کسی کو بھی سر عام کھانے پینے کے سٹال اور دوکانیں لگانے کی اجازت نہیں ہوگی ہمارا مقصد تاجر برادری کی فلاح و بہبود کے ساتھ عام شہریوں کی فلاح کے لئے بھی کام کرنا ہے جس کیلئے ہوم ورک کر رہے ہیں ان شاء اللہ بہت جلد تجارتی مارکیٹ کو حکومتی ہدایات کے مطابق ماڈل بنائیں گے تمام دوکاندار ہمارے شانہ بشانہ چلتے ہوئے حکومتی ایس او پیز کو کامیاب بنائیں۔

فرقہ واریت سے بالاتر ہو کر انسانی خدمت کرنا ہوگی: میاں محمد عارف

دیپالپور (زاہد خان جنجوعہ) وابستگان انٹرنیشنل عالمی مرکز تاجدار دارالاحسان گلوگڑہ شریف لاہور پاکستان گزشتہ روز میاں محمد عارف سعید کی زیر نگرانی انٹرنیشنل مرکز تاجدار دارالاحسان گلوگڑہ شریف سے رکن شوریٰ کے عہدیداران جس میں دارالاحسان گلوگڑہ شریف کے صدر حاجی ریاض اور ان کے ساتھ حافظ شہباز محمد شرافت، ڈاکٹر مقصود اصغر علی جیلانی اور محمد جاوید دارالاحسان اوکاڑہ کی یونٹ سازی کے لیے تشریف لے کر آئے اس یونٹ سازی کا مقصد اللہ کے دین کی سربلندی اور جو لوگ دین سے دور ہیں ان کو کیسے اللہ کے ساتھ جوڑا جائے اور کس طرح اللہ کے دین کا پیغام ہر کچے پکے مکان تک پہنچایا جائے اس ایجنڈے پر تفصیلی گفتگو اور سب سے اہم اتحاد بین المسلمین فرقہ واریت کی نفی کر کے کس طرح سارے مسلمان ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے ہو کر اللہ کے دین اسلام کو بلند کرے گیں اس پر گفتگو ہوئی اس حوالے سے اوکاڑہ کے گردونواح کے علاقوں میں سے دس لوگوں کو امیر منتخب کیا گیا جو اس عزم کو ہر کچے پکے مکان تک پہنچائیں گیں اور دن رات ایک کر کے جو لوگ دین سے دور ہیں ان کو اللہ کے دین کے ساتھ جوڑیں گیں جن کا کوئی دنیاوی مقصد نہیں صرف اور صرف اللہ کے دین اسلام کے لیے لوگوں سے مل کر دین کا پیغام سنانا ہوگا اور یہی حکم ہمارے آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے آخری خطبہ حجتہ الوداع میں ارشاد فرمایا تھا کہ اگر تمہارے پاس ایک آیت بھی ہے تو تم اس کو بھی لوگوں تک پہنچاؤ

رمضان المبارک کی آمد سے قبل ڈی پی او اوکاڑہ
محمد راشد ہدایت کی شہداء کی فیملیز سے ملاقات

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) رمضان المبارک کی آمد سے قبل ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت کی شہداء کی فیملیز سے ملاقات۔ ملاقات کے دوران فیملیز سے مسائل دریافت کیے اور انکے حل کے لیے احکامات جاری کیے۔ اوکاڑہ پولیس کے تمام 42 شہداء کی فیملیز میں رمضان راشن بیگ بھی تقسیم کیے گئے۔ ڈی پی او کے احکامات پر ایس پی انویسٹیگیشن سمیت تمام ایس ڈی پی اوز نے بھی شہدا کی فیملیز میں راشن بیگ تقسیم کیے۔ اپنے آج کو ہمارے کل کے لیے قربان کرنے والے بہادر پولیس افسران کی فیملیز کو کبھی بھی نہیں بھول سکتے۔ جان پر کھیل کر فرض نبھانے والا شہید معاشرے اور محکمے کا محسن ہے۔ فرض کی راہ میں شہداء کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔

ایفا سکول (ارفع کیمپس) دیپالپور میں سالانہ تقسیم ایوارڈ کی رنگارنگ پروقار تقریب کا انعقاد

نمایاں پوزیشن ہولڈر بچوں کو صدر دیپالپور بار سید اسرار حسن گیلانی اور ڈاکٹر عادل رشید سمیت دیگر نے انعامات تقسیم کئے

EFA SCHOOL DEPALPUR
ANNUAL PRIZE DISTRIBUTION
CAMPUS

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) ایفا سکول (ارفع کیمپس) دیپالپور میں سالانہ تقسیم ایوارڈ کی رنگارنگ پروقار تقریب کا انعقاد، ادارہ ھذا کے ہونہار طلباء و طالبات میں نمایاں پوزیشن ہولڈر بچوں کو مہمانان گرامی صدر دیپالپور بار سید اسرار حسن گیلانی اور ڈاکٹر عادل رشید سمیت دیگر نے انعامات تقسیم کئے، تفصیلات کے مطابق ایفا سکول (ارفع کیمپس) دیپالپور میں رنگ رنگ پروقار تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کیا گیا، قومی ترانہ کے بعد ادارہ کے ہونہار طلباء و طالبات نے ماں کی عظمت، جیسی کرنی ویسی بھرنی صوفیانہ کلام اور مختلف قسم کے ٹیبلو پیش کر کے حاضری محفل کے دل موہ لیے، جبکہ تقریب کی کمپیئرنگ کے فرائض پروفیسر علی صابر رضوی نے منفرد انداز میں سرانجام دیئے اور شرکاء تقریب سے خوب داد سمیٹی، اس موقع پر ڈائریکٹر ایفا سکول پروفیسر شاہد نواز نے ماہر تعلیم پروفیسر سید مشہور الحسن شاہ، تحصیل صدر رجسٹرڈ یونین آف دیپالپور مرزا فاروق احمد سلفی، وائس چیئرمین RUJ دیپالپور ڈاکٹر محمد شعبان ثقفی، پرنسپل ادارہ افتخار احمد اور سید کاشف عباس شاہ AEO و دیگر کی موجودگی میں شرکاء تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم دانش و آگہی ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ نوجوان نسل کو زیور تعلیم سے آراستہ کیا جائے، خوش آئند بات یہ ہے کہ ہمارے طلباء و طالبات میں بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے اور وہ تعلیمی میدان میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کر کے ملک و قوم کا نام روشن کریں گے، ان کا کہنا تھا کہ طلباء کی ذہنی و جسمانی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کیلئے بہترین کاوشیں عمل میں لا رہے ہیں، آج کا دور جذبات اور سائنس کا دور ہے اور طلباء و طالبات کو عصر حاضر کی تعلیمی سہولیات کی فراہمی اس لئے بھی ضروری ہے کہ وہ معاشرہ کے بہترین فرد بن سکیں،

رمضان سہولت سٹالز پر اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں واضح فرق نظر آنا چاہیے

اشیاء ضروریہ معیاری ہونے کے ساتھ ساتھ کم نرخوں پر فروخت کی جا رہی ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) رمضان المبارک میں رمضان سہولت سٹالز پر اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں واضح فرق نظر آنا چاہیے۔ چینی اور آٹے کے سیل پوائنٹس پر بھی وافر مقدار میں چینی اور اٹے کی دستیابی یقینی بنائی جائے گی۔ اس امر کا اظہار ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس نے گزشتہ روز جہلم پریس کلب کے وفد سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا وفد کی قیادت چیرمین جہلم پریس کلب چوہدری عابد محمود کر رہے تھے جبکہ وفد میں صدر الیکٹرانک میڈیا عامر کیانی چوہدری تصور حسین شہر یار علی راجہ مرزا فاران بیگ سید ناصر محمود دانیال عابد عمیر احمد راجہ شامل تھے ڈپٹی کمشنر سید محمد میثم عباس نے بتایا کہ رمضان س✕ولت بازار مشین محلہ میں فعال ہو چکا ہے جہاں پر اشیاء ضروریہ معیاری ہونے کے ساتھ ساتھ کم نرخوں پر فروخت کی جا رہی ہیں ڈپٹی کمشنر نے رمضان المبارک میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو فعال کردار ادا کرنے کی ہدایت کر دی ہے۔

موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں
تین خواتین سمیت چار افراد شدید زخمی ہوگئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں تیز رفتار دو موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں تین خواتین سمیت چار افراد شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ اڈا ملک شاہ حجرہ شاہ مقیم کے قریب تیز رفتار دو موٹر سائیکل آپس میں ٹکرا گئے جس کے نتیجے میں نواحی قصبہ مالی سنگھ کے رہائشی 25 سالہ ندیم ولد محمد احمد 55 سالہ ذکراں بی بی زوجہ محمد احمد 16 سالہ جمیلہ بی بی دختر انور علی اور 15 سالہ نبیلہ بی بی دختر انور علی شدید زخمی ہو گئے۔

ڈرائیونگ لائسنس کی فراہمی کا عمل تیزی سے جاری ہے: انچارج انسپکٹر محمد پرویز

ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کیلئے آنے والے امیدوار عملہ کی کارکردگی اور فراہم کردہ سہولیات پر پوری طرح مطمئن ہیں

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈرائیونگ لائسنس برانچ کے انچارج انسپکٹر محمد پرویز نے کہا ہے کہ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک مرزا فاران بیگ کی ہدایت پر ڈرائیونگ لائسنس کی فراہمی کا عمل تیزی سے جاری ہے جس کی نگرانی ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان کر رہے ہیں ڈرائیونگ لائسنس برانچ کا وزٹ کر کے تمام امور کا جائزہ لینا ان کا معمول ہے اور وہ ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کیلئے آنے والے امیدوار عملہ کی کارکردگی اور فراہم کردہ سہولیات پر پوری طرح مطمئن ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے نائب انچارج سب انسپکٹر میاں ناصر اقبال کے ہمراہ میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، انسپکٹر محمد پرویز نے کہا کہ ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ سے شہری لرنر، ریگولر، انٹرنیشنل اور تجدید شدہ ڈرائیونگ لائسنس با آسانی حاصل کر رہے ہیں آن لائن لرنر لائسنس پروگرام سے بھی شہریوں بھرپور استفادہ کر رہے ہیں جس اس جدید سسٹم کے ذریعے شہری گھر بیٹھے اپنے کوائف کی تکمیل ممکن بنا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ ٹریفک قوانین کی لاعلمی کی وجہ سے ٹریفک حادثات رونما ہوتے ہیں جس کے پیش نظر ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء میں نہایت احتیاط برتی جارہی ہے اور ڈرائیونگ سکلز میں مہارت رکھنے اور ٹریفک قوانین سے مکمل آگاہی کے حامل امیدواروں کو ہی ڈرائیونگ لائسنس جاری کیا جاتا ہے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ عبدالجبار گجر کی زیر صدارت محکمہ بہبود آبادی کی ضلعی رابطہ کمیٹی کا اجلاس منعقد

محکمانہ کارکردگی کے ساتھ ساتھ تیزی سے بڑھتی ہوئی بے ہنگم آبادی اور اس سے پیدا ہونے والے مسائل کے بارے میں بریفنگ دی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ عبدالجبار گجر کی زیر صدارت محکمہ بہبود آبادی کی ضلعی رابطہ کمیٹی کا اجلاس منعقد، ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر چوہدری عاصم ہدایت نے محکمانہ کارکردگی کے ساتھ ساتھ تیزی سے بڑھتی ہوئی بے ہنگم آبادی اور اس سے پیدا ہونے والے مسائل کے بارے میں بریفنگ دی، اجلاس میں محکمہ صحت، محکمہ تعلیم، محکمہ سماجی بہبود، محکمہ تعلقات عامہ، اوقاف اور محکمہ بہبود آبادی کے افسران، ممبران امن کمیٹی اور سماجی رہنماؤں نے شرکت کی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر عبدالجبار گجر نے بے ہنگم آبادی اور اس سے پیدا ہونے والے معاشرتی، معاشی اور سماجی مسائل کے حوالے سے آگاہی اور شعور بیدار کرنے کے لئے موجودہ ڈیجیٹل دور میں خاندانی منصوبہ بندی کی اہمیت اجاگر کرنے کیلئے بھرپور آگاہی مہم چلانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ سماجی رویوں میں تبدیلی لائی جا سکے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ نے کہا کہ خاندانی منصوبہ بندی کے حوالے سے رویوں میں مثبت تبدیلی ہی ہمیں آبادی کے طے کردہ اہداف تک پہنچنے میں مدد فراہم کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا مثبت تبدیلی کے لئے مزید اقدامات عمل میں لانا وقت کا اہم تقاضا ہے۔ علماء کرام خطبات میں لوگوں کو چھوٹے کنبہ کی اہمیت کے بارے میں آگاہی دیں، پرنٹ، الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا سے وابستہ افراد بھی اس حوالے سے اپنا مثبت کردار ادا کریں کیونکہ آبادی کا عفریت وسائل کو نگلتے ہوئے سنگین مسائل کا باعث بن رہا ہے۔

ریجنل یونین آف جرنلسٹس ضلع اوکاڑہ، ڈی یو جے کے نو منتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) ریجنل یونین آف جرنلسٹس ضلع اوکاڑہ، ڈی یو جے کے نو منتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری، آر یو جے پاکستان کے قائدین کی شرکت۔ تفصیلات کے مطابق ریجنل یونین آف جرنلسٹس ضلع اوکاڑہ، ڈی یو جے اوکاڑہ، آر یو جے تحصیل اوکاڑہ، دیپالپور اور رینالہ خورد کے نو منتخب عہدیداران کی تقریب حلف برداری بلدیہ ہال اوکاڑہ میں منعقد ہوئی ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کے مرکزی سینئر نائب صدر سید طاہر احمد شاہ، سیکرٹری اطلاعات سید شہزاد نقوی، صوبائی صدر ویسٹ پنجاب رانا خالد محمود، جنرل سیکرٹری جنوبی پنجاب رضوان الحسن قریشی اور رہنما پیپلز پارٹی سید علی حسنین نقوی نے حلف لیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس چوہدری جبار گجر، رہنما پاکستان مسلم لیگ (ن) چوہدری فیاض ظفر، پرنسپل کیڈٹ کالج عامر روف، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمشنر چوہدری شفیق، ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن سید سلمان شاہ، ڈی ایس پی لیگل تصدق کچھی، صدر غلہ منڈی چوہدری حبیب الحق، ضلعی صدر پی ایم ایل (ق) علی عمران چوہدری ممبر ڈسٹرکٹ امن کمیٹی قاری سعید عثمانی سمیت ضلع اوکاڑہ کے 21 پریس کلبز کے عہدیداران نے شرکت کی۔

''اپنا گھر، اپنی چھت'' وزیر اعلیٰ پنجاب کا بہترین اقدام ہے: احتشام الحق ضیاء

سکیم کے تحت 24 خاندانوں کو تقریباً دو کروڑ 45 لاکھ روپے کے فنڈز کی فراہمی کی جا چکی ہے

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) اخوت فاؤنڈیشن مائیکرو فنانس کے زیر اہتمام کے برانچ منیجر محمد احتشام الحق ضیاء کی بے لوث خدمات اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ''اپنا گھر، اپنی چھت'' سکیم کے تحت 24 خاندانوں کو تقریباً دو کروڑ 45 لاکھ روپے کے فنڈز کی فراہمی قابل تحسین ہے۔ یہ اقدام کم آمدنی والے افراد کو بلاسود قرضوں کے ذریعے اپنے گھر کا خواب پورا کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے اپنا گھر، اپنی چھت'' سکیم کے تحت پنجاب بھر میں بلاسود قرضوں کی فراہمی جاری ہے۔ حکومتی اعداد و شمار کے مطابق، اب تک 4800 افراد کو قرضوں کی پہلی قسط جبکہ 500 افراد کو دوسری قسط جاری کی جا چکی ہے۔ مزید برآں، 498,73 درخواست گزاروں کی جانچ پڑتال جاری ہے تاکہ انہیں بھی اس سکیم سے مستفید کیا جا سکے اس سکیم کے تحت، شہری علاقوں میں 5 مرلے اور دیہی علاقوں میں 10 مرلے تک زمین کے مالکان 15 لاکھ روپے تک بلاسود قرضہ حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ رقم 14 ہزار روپے ماہانہ اقساط میں 7 سال کے دوران واپس کی جا سکتی ہے۔ درخواست دینے کے لیے، متعلقہ ڈپٹی کمشنر آفس سے معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں یا آن لائن درخواست دی جا سکتی ہے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اس سکیم کو کم آمدنی والے افراد کے لیے اپنی چھت کا خواب پورا کرنے کا اہم ذریعہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے اخوت فاؤنڈیشن مائیکرو فنانس کی سماجی خدمات کو بھی سراہا ہے محمد احتشام الحق کی خدمات اور اخوت فاؤنڈیشن کی کاوشیں معاشرے میں مثبت تبدیلی لانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں، جو قابل ستائش ہے۔

کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا بارش کے پانی کی نکاسی کا جائزہ لینے کے لئے شہر کا دورہ

فائیو ویز چوک سے ٹینکی چوک تک لیاقت روڈ پر لگائے گئے بورڈز اور تجاوزات ختم کروائی جائیں

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے بارش کے پانی کی نکاسی کا جائزہ لینے کے لئے شہر کا دورہ کیا۔ انہوں نے شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی کے ناقص انتظامات اور پانی کھڑے ہونے پر اظہار ناراضگی کرتے ہوئے میونسپل کارپوریشن کو فوری اقدامات کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ صدر بازار، گول چکر سمیت دیگر علاقوں سے پانی کی نکاسی کے فوری انتظامات کئے جائیں۔ انہوں نے سیشن کالونی کی دیوار کے ساتھ پڑے کچرے کو فوری اٹھانے کی بھی ہدایت کی۔ بعد ازاں اپنے دفتر میں پسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کمشنر شعیب اقبال سید نے کہا کہ فائیو ویز چوک سے ٹینکی چوک تک لیاقت روڈ پر لگائے گئے بورڈز اور تجاوزات ختم کروائی جائیں۔ انہوں نے پاکپتن بازار میں ٹھیکیدار کی طرف سے ابھی تک کام شروع نہ کرنے پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے فوری کام شروع کروانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے پی ایچ اے حکام کو شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے لئے کام کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد نے بتایا کہ منظور کالونی میں تجاوزات کے خلاف مہم جاری ہے اور اب تک 50 فی صد کام مکمل کر لیا گیا ہے جبکہ جھال روڈ پر 80 فی صد تجاوزات گرادی گئی ہیں۔

ایڈیٹوریل
DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پاکستان اور ازبکستان کے مابین متعدد معاہدے

پاکستان اور ازبکستان نے دفاع، ٹیکنالوجی، تکنیکی تربیت، میڈیا اور نوجوانوں کو با اختیار بنانے کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے متعدد معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کیے ہیں۔ ان دستاویزات پر وزیراعظم محمد شہباز شریف کے ازبک صدر شوکت مرزایوف کی دعوت پر کیے جانے والے دو روزہ دورہ ازبکستان کے دوران دستخط کیے گئے۔ دونوں رہنماؤں کی ملاقات اور وفود کی سطح پر ہونے والی بات چیت کے بعد وزیراعظم اور ازبک صدر نے دستخط کی تقریب میں شرکت کی جبکہ دونوں اطراف کے حکام نے مختلف شعبوں میں تعاون کے معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں کی پہلے سے دستخط شدہ دستاویزات کا تبادلہ کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور ازبک وزیر خارجہ بختیار سیدوف نے سفارتی پاسپورٹ رکھنے والوں کے لیے ویزا فری سفر، ملٹری انٹیلی جنس، داخلی امور، پیشہ ورانہ اور تکنیکی تربیت اور سفارت کاروں کی تربیت کے شعبوں میں معاہدوں کی دستاویزات کا تبادلہ کیا۔ سائنسی تحقیق، ٹیکنالوجی اور اختراع کے شعبوں میں تعاون کے لیے فریقین کے درمیان ایک اور بین الحکومتی معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ پاکستان اور ازبکستان نے خوشحالی اور ترقی کے مشترکہ عزم کا اظہار کرتے ہوئے مستقبل قریب میں دوطرفہ تجارت کے حجم کو موجودہ 400 ملین ڈالر سے 2 ارب ڈالر تک بڑھانے، علاقائی رابطے کے فروغ کے لیے ٹرانس افغان ریلوے منصوبے سمیت مواصلات، تجارت، معدنیات، سیاحت، زراعت، سائنس و ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے۔ ان معاہدوں کا طے پانا ایک خوش آئند پیشرفت ہے جس سے دفاع، سائنس و ٹیکنالوجی، سیاحت و زراعت جیسے شعبوں کو فروغ ملے گا۔ پاکستان کو صرف اپنے معاشی استحکام کے لیے ہی نہیں بلکہ دفاعی اور تزویراتی معاملات کو فروغ دینے اور خطے میں طاقت کا توازن قائم کرنے کے لیے بھی ایسے معاہدوں کی ضرورت ہے۔

پاکستان اور ازبکستان نے دفاع، ٹیکنالوجی، تکنیکی تربیت، میڈیا اور نوجوانوں کو با اختیار بنانے کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے کے لیے متعدد معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط کیے ہیں۔ ان دستاویزات پر وزیراعظم محمد شہباز شریف کے ازبک صدر شوکت مرزایوف کی دعوت پر کیے جانے والے دو روزہ دورہ ازبکستان کے دوران دستخط کیے گئے۔ دونوں رہنماؤں کی ملاقات اور وفود کی سطح پر ہونے والی بات چیت کے بعد وزیراعظم اور ازبک صدر نے دستخط کی تقریب میں شرکت کی جبکہ دونوں اطراف کے حکام نے مختلف شعبوں میں تعاون کے معاہدوں اور مفاہمت کی یادداشتوں کی پہلے سے دستخط شدہ دستاویزات کا تبادلہ کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور ازبک وزیر خارجہ بختیار سیدوف نے سفارتی پاسپورٹ رکھنے والوں کے لیے ویزا فری سفر، ملٹری انٹیلی جنس، داخلی امور، پیشہ ورانہ اور تکنیکی تربیت اور سفارت کاروں کی تربیت کے شعبوں میں معاہدوں کی دستاویزات کا تبادلہ کیا۔ سائنسی تحقیق، ٹیکنالوجی اور اختراع کے شعبوں میں تعاون کے لیے فریقین کے درمیان ایک اور بین الحکومتی معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ پاکستان اور ازبکستان نے خوشحالی اور ترقی کے مشترکہ عزم کا اظہار کرتے ہوئے مستقبل قریب میں دوطرفہ تجارت کے حجم کو موجودہ 400 ملین ڈالر سے 2 ارب ڈالر تک بڑھانے، علاقائی رابطے کے فروغ کے لیے ٹرانس افغان ریلوے منصوبے سمیت مواصلات، تجارت، معدنیات، سیاحت، زراعت، سائنس و ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے۔ ان معاہدوں کا طے پانا ایک خوش آئند پیشرفت ہے جس سے دفاع، سائنس و ٹیکنالوجی، سیاحت و زراعت جیسے شعبوں کو فروغ ملے گا۔ پاکستان کو صرف اپنے معاشی استحکام کے لیے ہی نہیں بلکہ دفاعی اور تزویراتی معاملات کو فروغ دینے اور خطے میں طاقت کا توازن قائم کرنے کے لیے بھی ایسے معاہدوں کی ضرورت ہے۔

آمد رمضان پرائس کنٹرول کام کرنے کی فوری ضرورت

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

دنیا بھر میں آمد رمضان برکات اور اللہ کی رحمتیں سمیٹنے کے لیے امت مسلمہ کوشاں ہوتی ہے ہر کوئی اپنی بساط اور ہمت کے مطابق اللہ کے راستے میں خرچ کرتا اور عبادات میں مشغول ہوتے ہیں دنیا کے وہ ممالک جن کی بنیاد اسلام کی نہیں ہوتی وہاں پر تمام حکومتیں مسلم آبادی کے لیے خصوصی سہولتوں اور خاص سطح پہ رعایت بغیر کسی امتیازی سلوک کے دیتی ہیں اور ان کو احساس دلاتی ہیں کہ ہم سب اس ملک کے شہری ہیں اور آپ کا احترام ہم پر لازم ہے مسلم ریاستیں جن میں گلف سعودیہ جشن رمضان کے نام پر اپنے لوگوں کو افطار سحر کے لیے بے دریغ خرچ کرتی ہیں مخیّر حضرات خدمت کرنے کے لیے منت کے انداز میں خدمت کرتے ہیں مگر ہمارے ہاں الٹی گنگا بہتی ہے اور سال بھر کا منافع ایک ہی ماہ میں حاصل کرنے کے لیے کوشاں تاجر دکاندار مل مالکان سبزی منڈیاں فروٹ مارکیٹیں چکن بیف اور مٹن کے دکاندار دونوں ہاتھوں سے لوگوں کی مجبوری کا فائدہ اٹھاتے ہیں اور ایک کا بوجھ دوسرے اور دوسرا اپنا بوجھ تیسرے پر بس سب مل کے بوجھ سرکار پر اور سرکار ووٹوں کے حصول کے نام پر خاموش تماشائی اور سرکاری پریس ریلیزوں سیاسی بیانات اور اشتہارات کے ذریعے کنٹرول کرنے کی سعی کر رہی ہوتی ہے اور قیمتوں کا تعین کرنے والے ادارے گھر بیٹھے بادشاہ سلامت کے انداز میں حکم جاری کر رہے ہوتے ہیں اس کام کو میدان عمل میں آئے بغیر نہیں کیا جا سکتا اور سپلائی اور ڈیمانڈ کو قائم رکھنے والی ٹیمیں گھر میں موجود رہتی ہیں اور بازاروں میں عوام لٹتی رہتی ہے پہلے عشرہ میں کچھ کوشش اور کچھ اشتہارات سے ماحول بنانے میں مصروف رہتے ہیں دوسرے عشرے میں میٹنگ میٹنگ کا شاندار مظاہرہ اور حکمرانوں کو سب اچھا ہے کی رپورٹ پیش کی جاتی ہے اور تیسرے عشرے میں عید کے نام پہ کمائی کی کھلی چھٹی اور منظر سے غائب ہو جایا جاتا ہے پھر عید کے بعد عوام بے حال ہو کہ اگلے ماہ تک مہنگائی کا رونا روتی رہتی ہے اور تقدیر کا لکھا سمجھ کے خاموشی اختیار کر لیتی ہے رمضان المبارک کے دوران اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کے نفاذ کے اثرات بہترین ہو سکتے ہیں اگر ضروری اشیا کی قیمتیں مستحکم رہتی ہیں، جس سے صارفین پر بوجھ کم ہوتا ہے۔ کم آمدنی والے گھرانوں کے لیے ضروری اشیا زیادہ سستی ہو جاتی ہیں۔ ضروری اشیا کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے سے مہنگائی کے دباؤ کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ صارفین سستی قیمتوں پر ضروری اشیا خریدنے کی اپنی صلاحیت پر زیادہ اعتماد محسوس کرتے ہیں۔ قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے اقدامات پر عمل درآمد سپلائی چین کے انتظام میں بہتری، قلت اور اسٹاک آؤٹ کو کم کرنے کا ضروری اشیا کی قلت کا باعث بن سکتی ہیں۔ سخت قیمتوں پر کنٹرول بلیک مارکیٹرز کے لیے صارفین کا استحصال کرنے کے مواقع پیدا کر سکتا ہے۔ قیمتوں پر کنٹرول وسائل کی غیر موثر تقسیم کا باعث بن سکتا ہے، کیونکہ پروڈیوسر کو ضروری اشیا تیار کرنے کی ترغیب نہیں دی جا سکتی ہے۔ قیمتوں کے کنٹرول کو لاگو کرنے سے کاروبار پر انتظامی بوجھ بڑھ سکتا ہے، جو ممکنہ طور پر اخراجات میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔ قیمتوں پر کنٹرول بدعنوانی کے مواقع پیدا کر سکتا ہے، کیونکہ افسران کو مناسب علاج کے بدلے رشوت لینے کا لالچ دیا قیمتوں کے کنٹرول کو لاگو کرنے سے طویل مدت میں مارکیٹ کی کارکردگی میں بہتری آ سکتی ہے، کیونکہ پروڈیوسرز اور صارفین قیمت کے نئے ماحول کے مطابق ہوتے ہیں۔ مستحکم قیمتیں زرعی اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں سرمایہ کاری کو راغب کر سکتی ہیں، جس سے پیداوار میں اضافہ اور معاشی نمو ہوتی ہے۔ ضروری اشیا کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے سے سماجی بہبود میں بہتری آ سکتی ہے، کیونکہ کم آمدنی والے گھرانے بنیادی ضروریات کو برداشت کرنے کے قابل ہوتے ہیں۔ مجموعی طور پر رمضان المبارک کے دوران اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کے نفاذ کے اثرات مختلف عوامل پر منحصر ہوں گے، جن میں نافذ کیے گئے مخصوص اقدامات، معیشت کی حالت، اور پروڈیوسرز اور صارفین کے رویئے شامل ہیں۔ دکانداروں کا رویہ ایک اہم پہلو ہے جس پر توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ رمضان المبارک کے دوران صارفین کے لیے مناسب قیمتوں اور خریداری کا ایک ہموار تجربہ ہو۔ یہاں کچھ اہم مسائل اور ممکنہ حل ہیں: اوور چارجنگ: دکاندار رمضان کے دوران بڑھتی ہوئی مانگ کا فائدہ اٹھاتے ہوئے صارفین سے اوور چارج کر سکتے ہیں دکاندار مصنوعی قلت پیدا کرنے کے لیے ضروری اشیا کو ذخیرہ کر سکتے ہیں جس سے قیمتیں بڑھ جاتی ہیں دکاندار صارفین کو دھوکہ دینے کے لیے قیمتوں، وزن یا مقدار میں ہیرا پھیری کر سکتے ہیں۔ دکاندار قیمتیں واضح طور پر ظاہر نہیں کر سکتے اور نہ ہی رسیدیں فراہم کر سکتے ہیں، جس سے صارفین کے لیے احکام اوور چارجنگ کو روکنے اور قیمت کی حدود کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لیے قیمتوں کی باقاعدہ نگرانی کر سکتے ہیں۔ حکومتیں دکانداروں کے لیے لائسنس کے تقاضے قائم اور نافذ کر سکتی ہیں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ وہ مخصوص معیارات پر پورا اترتے ہیں اور ضوابط کی پابندی کرتے ہیں عوامی بیداری کی مہم صارفین کو ان کے حقوق، غیر منصفانہ طریقوں کی نشاندہی کرنے اور شکایات کی اطلاع دینے کے بارے میں آگاہ کر سکتی ہے۔ حکومتیں شکایت کا طریقہ کار قائم کر سکتی ہیں، جیسے ہاٹ لائنز یا آن لائن پورٹل، تاکہ صارفین کو غیر منصفانہ طرز عمل کی اطلاع دینے اور اس کا ازالہ کرنے کی اجازت دی جا سکے۔ منصفانہ طرز عمل کے لیے ترغیبات: حکومتیں منصفانہ اور شفاف کاروباری طریقوں کا مظاہرہ کرنے والے دکانداروں کو ٹیکس میں چھوٹ یا شناختی پروگرام جیسی مراعات پیش کر سکتی ہیں۔ باقاعدہ معائنہ: حکام اس بات کو یقینی بنانے کے لیے باقاعدہ معائنہ کر سکتے ہیں کہ دکاندار قواعد و ضوابط کی تعمیل کر رہے ہیں اور منصفانہ کاروباری طریقوں کو برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ دکانداروں کے رویئے سے نمٹنے کے ذریعے حکومتیں مارکیٹ کا ایک منصفانہ اور شفاف ماحول پیدا کرنے میں مدد کر سکتی ہیں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ رمضان المبارک کے دوران صارفین کو مناسب قیمتوں پر ضروری اشیا تک رسائی حاصل ہو۔ حکومت کو ماہ رمضان مکمل انصاف اور انتظامی مشینری کو الرٹ رکھنا اور تمام کے ساتھ یکساں سلوک اور رویہ اور اخلاقیات کو مدنظر رکھتے ہوئے اقدامات پر سختی سے عمل پیرا ہونا اور سب سے بڑھ کے ذخیرہ اندوزوں کو ذخیرہ اندوزی کا موقع نہ دینا کامیابی کی نوید ہو سکتی ہے سپلائی و ضرورت سے کچھ زیادہ مارکیٹ میں میسر رکھنا قیمتیں بہتر رکھنے میں اہم قدم ہو سکتا ہے میں نے اپنے ذاتی مشاہدے اور عملی تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے کوشش کی ہے کہ عوام اور حکومت دونوں سے درخواست کی ہے کہ اپنا اپنا کردار ادا کریں تاکہ نیک نامی کمائی جا سکے کچھ ہوتا نظر تو نہیں آ رہا مگر امید بہار رکھ۔

دنیا بھر میں آمد رمضان برکات اور اللہ کی رحمتیں سمیٹنے کے لیے امت مسلمہ کوشاں ہوتی ہے ہر کوئی اپنی بساط اور ہمت کے مطابق اللہ کے راستے میں خرچ کرتا اور عبادات میں مشغول ہوتے ہیں دنیا کے وہ ممالک جن کی بنیاد اسلام کی نہیں ہوتی وہاں پر تمام حکومتیں مسلم آبادی کے لیے خصوصی سہولتوں اور خاص سطح پہ رعایت بغیر کسی امتیازی سلوک کے دیتی ہیں اور ان کو احساس دلاتی ہیں کہ ہم سب اس ملک کے شہری ہیں اور آپ کا احترام ہم پر لازم ہے مسلم ریاستیں جن میں گلف سعودیہ جشن رمضان کے نام پر اپنے لوگوں کو افطار سحر کے لیے بے دریغ خرچ کرتی ہیں مخیّر حضرات خدمت کرنے کے لیے منت کے انداز میں خدمت کرتے ہیں مگر ہمارے ہاں الٹی گنگا بہتی ہے اور سال بھر کا منافع ایک ہی ماہ میں حاصل کرنے کے لیے کوشاں تاجر دکاندار مل مالکان سبزی منڈیاں فروٹ مارکیٹیں چکن بیف اور مٹن کے دکاندار دونوں ہاتھوں سے لوگوں کی مجبوری کا فائدہ اٹھاتے ہیں اور ایک کا بوجھ دوسرے اور دوسرا اپنا بوجھ تیسرے پر بس سب مل کے بوجھ سرکار پر اور سرکار ووٹوں کے حصول کے نام پر خاموش تماشائی اور سرکاری پریس ریلیزوں سیاسی بیانات اور اشتہارات کے ذریعے کنٹرول کرنے کی سعی کر رہی ہوتی ہے اور قیمتوں کا تعین کرنے والے ادارے گھر بیٹھے بادشاہ سلامت کے انداز میں حکم جاری کر رہے ہوتے ہیں اس کام کو میدان عمل میں آئے بغیر نہیں کیا جا سکتا اور سپلائی اور ڈیمانڈ کو قائم رکھنے والی ٹیمیں گھر میں موجود رہتی ہیں اور بازاروں میں عوام لٹتی رہتی ہے پہلے عشرہ میں کچھ کوشش اور کچھ اشتہارات سے ماحول بنانے میں مصروف رہتے ہیں دوسرے عشرے میں میٹنگ میٹنگ کا شاندار مظاہرہ اور حکمرانوں کو سب اچھا ہے کی رپورٹ پیش کی جاتی ہے اور تیسرے عشرے میں عید کے نام پہ کمائی کی کھلی چھٹی اور منظر سے غائب ہو جایا جاتا ہے پھر عید کے بعد عوام بے حال ہو کہ اگلے ماہ تک مہنگائی کا رونا روتی رہتی ہے اور تقدیر کا لکھا سمجھ کے خاموشی اختیار کر لیتی ہے رمضان المبارک کے دوران اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کے نفاذ کے اثرات بہترین ہو سکتے ہیں اگر ضروری اشیا کی قیمتیں مستحکم رہتی ہیں، جس سے صارفین پر بوجھ کم ہوتا ہے۔ کم آمدنی والے گھرانوں کے لیے ضروری اشیا زیادہ سستی ہو جاتی ہیں۔ ضروری اشیا کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے سے مہنگائی کے دباؤ کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ صارفین سستی قیمتوں پر ضروری اشیا خریدنے کی اپنی صلاحیت پر زیادہ اعتماد محسوس کرتے ہیں۔ قیمتوں کو کنٹرول کرنے کے لیے اقدامات پر عمل درآمد سپلائی چین کے انتظام میں بہتری، قلت اور اسٹاک آؤٹ کو کم کرنے کا ضروری اشیا کی قلت کا باعث بن سکتی ہیں۔ سخت قیمتوں پر کنٹرول بلیک مارکیٹرز کے لیے صارفین کا استحصال کرنے کے مواقع پیدا کر سکتا ہے۔ قیمتوں پر کنٹرول وسائل کی غیر موثر تقسیم کا باعث بن سکتا ہے، کیونکہ پروڈیوسر کو ضروری اشیا تیار کرنے کی ترغیب نہیں دی جا سکتی ہے۔ قیمتوں کے کنٹرول کو لاگو کرنے سے کاروبار پر انتظامی بوجھ بڑھ سکتا ہے، جو ممکنہ طور پر اخراجات میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔ قیمتوں پر کنٹرول بدعنوانی کے مواقع پیدا کر سکتا ہے، کیونکہ افسران کو مناسب علاج کے بدلے رشوت لینے کا لالچ دیا قیمتوں کے کنٹرول کو لاگو کرنے سے طویل مدت میں مارکیٹ کی کارکردگی میں بہتری آ سکتی ہے، کیونکہ پروڈیوسرز اور صارفین قیمت کے نئے ماحول کے مطابق ہوتے ہیں۔ مستحکم قیمتیں زرعی اور مینوفیکچرنگ کے شعبوں میں سرمایہ کاری کو راغب کر سکتی ہیں، جس سے پیداوار میں اضافہ اور معاشی نمو ہوتی ہے۔

ایک امید زرداری کو، دوسری مریم کو



پاکستان اور افغانستان میں باہم کئی معاہدے ہوئے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ازبکستان کے دورے میں ان معاہدوں پر دستخط کیے۔ اس موقع پر وزیراعظم نے بتایا کہ ٹرانس افغان ریلوے لائن منصوبے پر کمیٹی بنائی جائے گی۔ بڑی پیشرفت ہے۔ ٹرانس افغان ریلوے لائن بنانے کے فیصلے کی خبریں 1990 میں آئی تھی، پھر گاہے گاہے اس کا ذکر ہوتا رہا۔ اب 35 سال بعد اس پر کمیٹی بنانے کا فیصلہ ہوا ہے تو اسے بڑی پیشرفت ہی کہا جائے گا۔ امید ہے، اگلے 35 برس بعد اس کمیٹی کا پہلا اجلاس بلانے کا فیصلہ بھی کر لیا جائے گا۔ پھر مزید 35 برس بعد کمیٹی کا دوسرا اجلاس ہو گا، اور پھر چل سو چل۔ یعنی منزل ما دور نیست! وزیراعظم نے ٹرانس افغان ریلوے لائن کو گیم چینجر منصوبہ قرار دیا ہے۔ بالکل درست کہا، پاکستان معدنی وسائل، سامان تجارت سے بھرے ہوئے وسط ایشیائی ملکوں کے ساتھ افغانستان کے آر پار بننے والی ریلوے لائن کے ذریعے جڑ جائے گا تو گیم بدل جائے گی۔ ان کا بھی بھلا، ہمارا بھی بھلا، انت بھلے میں سب کا بھلا۔ ظاہر ہے، جس رفتار سے ہمارے ہاں کام ہوتے ہیں، اگلے دو اڑھائی ہزار سال تک یہ لائن بن ہی جائے گی۔ یعنی اڑھائی تین ہزار سال بعد آنے والی ہماری نسلیں خوشحال نسلیں کہلائیں گی۔ لیکن گیم چینجر سے سی پیک کی یاد بھی آ گئی۔ کہا گیا تھا کہ یہ خطے میں سب سے بڑا گیم چینجر منصوبہ ثابت ہو گا لیکن اس کی تو اپنی ہی گیم بدل دی گئی۔ باجوہ، ثاقب نثار اور مرشدان خان بھادڑ کے گنڈاسے لے کر سی پیک پر پل پڑے۔ چلیے، اب وہ پرانی بات ہو گئی، تینوں گنڈاسہ بردار اب منظر پر نہیں ہیں تو سی پیک کا قافلہ سخت جان کون سی منزل پر پہنچا ہے یا بدستور راستے ہی میں پھنس کے رہ گیا ہے۔ شہباز حکومت کو بنے سال تو ہو ہی گیا، سی پیک کی کوئی خیر خبر ہی نہیں۔ اس دوران بلوچستان کی صورت حال پہلے سے کئی گنا زیادہ سنگین ہو گئی۔ صاف لگ رہا ہے کہ سی پیک کے امکانات ختم کرنے کیلئے بلوچستان کی آگ کو مزید بھڑکایا جا رہا ہے۔ وزیراعظم کو، گمان یہی ہے کہ بلوچستان کی صورت حال کا علم ہو گا۔ ضرور علم ہو گا لیکن حکومت بلوچستان میں امن کیلئے کیا کر رہی ہے، اس کا علم کسی کو نہیں ہے۔ بظاہر تو کوئی بھی، کچھ بھی نہیں کر رہا۔ بلوچستان میں آگ پرویز مشرف نے لگائی تھی۔ شاید اس آگ کو مرحوم کی نشانی سمجھ کر بجھانے سے گریز کیا جا رہا ہے۔ پاکستان اگر ریلوے لائن کے ذریعے وسط ایشیا سے مل جاتا ہے تو یہ صرف وسط ایشیا سے مل جانا نہیں ہے، اس کے نتیجے میں پاکستان یورپ سے بھی مل جائے گا۔ کیونکہ وسط ایشیا کے زبردست ریلوے نیٹ ورک روس اور یورپ کے ریلوے نیٹ ورکس سے ملے ہوئے ہیں، اوپر سے چین نے ان ریل راستوں کو سلک روٹ منصوبے کے تحت اور بھی ترقی دے دی ہے۔ پاکستان سے بذریعہ ریل ایک راستہ ایران اور ترکی کا بھی ہے لیکن یہ دو جگہ سے کٹا ہوا ہے۔ ایک کٹ ایران میں ہے، دوسرا ایران ترکی کی سرحد پر، پھر آبنائے باسفورس کا تیسرا کٹ ہے۔ وسط ایشیا سے لائن کا راستہ ایک تو ویسے ہی شارٹ کٹ ہے، پھر کہیں کوئی کٹ بھی نہیں۔ جتنے کٹ اصل میں ہیں، وہ پاکستان میں ہیں۔ کے پی میں ٹی ٹی پی بیٹھی ہوئی ہے، کیا وہ ٹرانس افغان پراجیکٹ کو بننے دے گی؟ اڈیالہ والا ہی بتا سکتا ہے۔ اسلام آباد میں ڈیڑھ جماعتی اپوزیشن کا گرینڈ الائنس بن گیا ہے۔ ایک جماعت تو ٹھہری پی ٹی آئی، ایک چوتھائی اچکزئی صاحب کی پارٹی، مزید ایک چوتھائی گلگت والی فرقہ وارانہ تنظیم، کل ملا کر یہ ڈیڑھ جماعتی اتحاد ہوا۔ یہ اڑھائی جماعتی اتحاد بن سکتا تھا اگر مولانا فضل الرحمٰن بھی اس میں شامل ہو جاتے لیکن وہ شامل نہیں ہو رہے۔ وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ ان کی نظر کے پی حکومت پر ہے۔ پہلے تو یہ اطلاع آئی تھی کہ اڈیالے والا مرشد وزیراعلیٰ گنڈا پور سے خوش نہیں، اسے ہٹانا چاہتا ہے۔ اس پر مولانا نے انہیں پیغام دیا کہ گنڈا پور کو ہٹانے کے بعد نئے وزیراعلیٰ کا نام میں دوں گا۔ اس پر مرشد نے ارادہ بدل دیا۔ یہ بتایا گیا تھا ___ لیکن اب نئی صورت حال پیدا ہو گئی ہے۔ ایک سے زیادہ ذرائع بتا رہے ہیں کہ مہینے ڈیڑھ مہینے میں جی ایچ کیو حملہ کیس کے جملہ ملزموں کو سزا ہونے والی ہے اور من جملہ دیگر کے، ان میں گنڈا پور بھی شامل ہیں۔ سزا ہو گی تو وہ نااہل ہو جائیں گے، وزارت اعلیٰ کی کرسی خالی ہو جائے گی۔ مولانا نے سوچ لیا ہے کہ یہ خلا وہ پر کریں گے۔ اور ظاہر ہے یہ کام وہ مرشد کی مدد سے نہیں، حکومت کی مدد سے کرنا چاہتے ہیں۔ بس اسی لئے وہ گرینڈ الائنس سے دور دور ہیں۔ چنانچہ گرینڈ الائنس بدستور ڈیڑھ جماعتی ہے، اڑھائی جماعتی بننے کا امکان نہیں ہے۔ صدر آصف زرداری نے کہا ہے کہ وہ اور بلاول پنجاب میں بیٹھا کریں گے۔ یعنی پنجاب میں پیپلز پارٹی کا پھر احیا کریں گے۔ ایک زمانہ تھا، پیپلز پارٹی پنجاب میں سندھ سے بھی زیادہ مقبول تھی۔ 1977 اور اس کے بعد کے برسوں میں پنجاب میں پی پی کی مقبولیت بتدریج کم ہوتی گئی۔ مسلم لیگ ن سب سے بڑی پارٹی بن گئی اور پی پی سندھ تک محدود ہو گئی۔ جیالوں کی بڑی تعداد یوتھیالوں میں بدل گئی یعنی جوق در جوق مرشداتی پارٹی میں شامل ہو گئی۔ اب جادو ٹونے کا زور ٹوٹا ہے تو پیپلز پارٹی کی قیادت کو یہ امید ہو گئی ہے کہ یہ مایوس یوتھیالے پھر سے جیالے ہو جائیں گے۔ دیکھئے یہ امید کس حد تک بر آتی ہے، کس حد تک نہیں۔ خیر، کچھ نہ کچھ تو پی پی میں ضرور واپس آئیں گے، سب کیلئے نہیں کہا جا سکتا۔ پنجاب میں مسلم لیگ ن کی مقبولیت بھی پہلے جیسی نہیں رہی۔ وفاقی حکومت نے اتنی زیادہ مہنگائی کر دی ہے کہ مسلم لیگ کے پرجوش حامی بھی پریشان ہیں۔ اوپر سے وہ وفاقی حکومت کی شاہ خرچیوں اور کابینہ میں اضافے کی خبریں سنتے ہیں تو گویا سونے پر سہاگہ پھر جاتا ہے۔ مریم نواز کی صوبائی حکومت کو امید ہے کہ وہ اپنے ترقیاتی کاموں کی بدولت وفاق سے نازل ہوئی عدم مقبولیت کی دھند ہٹا لے گی گویا یہاں بھی معاملہ امید کا ہے۔ دیکھئے۔

پاکستان اور افغانستان میں باہم کئی معاہدے ہوئے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ازبکستان کے دورے میں ان معاہدوں پر دستخط کیے۔ اس موقع پر وزیراعظم نے بتایا کہ ٹرانس افغان ریلوے لائن منصوبے پر کمیٹی بنائی جائے گی۔ بڑی پیشرفت ہے۔ ٹرانس افغان ریلوے لائن بنانے کے فیصلے کی خبریں 1990 میں آئی تھی، پھر گاہے گاہے اس کا ذکر ہوتا رہا۔ اب 35 سال بعد اس پر کمیٹی بنانے کا فیصلہ ہوا ہے تو اسے بڑی پیشرفت ہی کہا جائے گا۔ امید ہے، اگلے 35 برس بعد اس کمیٹی کا پہلا اجلاس بلانے کا فیصلہ بھی کر لیا جائے گا۔ پھر مزید 35 برس بعد کمیٹی کا دوسرا اجلاس ہو گا، اور پھر چل سو چل۔ یعنی منزل ما دور نیست! وزیراعظم نے ٹرانس افغان ریلوے لائن کو گیم چینجر منصوبہ قرار دیا ہے۔ بالکل درست کہا، پاکستان معدنی وسائل، سامان تجارت سے بھرے ہوئے وسط ایشیائی ملکوں کے ساتھ افغانستان کے آر پار بننے والی ریلوے لائن کے ذریعے جڑ جائے گا تو گیم بدل جائے گی۔ ان کا بھی بھلا، ہمارا بھی بھلا، انت بھلے میں سب کا بھلا۔ ظاہر ہے، جس رفتار سے ہمارے ہاں کام ہوتے ہیں، اگلے دو اڑھائی ہزار سال تک یہ لائن بن ہی جائے گی۔ یعنی اڑھائی تین ہزار سال بعد آنے والی ہماری نسلیں خوشحال نسلیں کہلائیں گی۔ لیکن گیم چینجر سے سی پیک کی یاد بھی آ گئی۔ کہا گیا تھا کہ یہ خطے میں سب سے بڑا گیم چینجر منصوبہ ثابت ہو گا لیکن اس کی تو اپنی ہی گیم بدل دی گئی۔ باجوہ، ثاقب نثار اور مرشدان خان بھادڑ کے گنڈاسے لے کر سی پیک پر پل پڑے۔ چلیے، اب وہ پرانی بات ہو گئی، تینوں گنڈاسہ بردار اب منظر پر نہیں ہیں تو سی پیک کا قافلہ سخت جان کون سی منزل پر پہنچا ہے یا بدستور راستے ہی میں پھنس کے رہ گیا ہے۔ شہباز حکومت کو بنے سال تو ہو ہی گیا، سی پیک کی کوئی خیر خبر ہی نہیں۔ اس دوران بلوچستان کی صورت حال پہلے سے کئی گنا زیادہ سنگین ہو گئی۔ صاف لگ رہا ہے کہ سی پیک کے امکانات ختم کرنے کیلئے بلوچستان کی آگ کو مزید بھڑکایا جا رہا ہے۔ وزیراعظم کو، گمان یہی ہے کہ بلوچستان کی صورت حال کا علم ہو گا۔ ضرور علم ہو گا لیکن حکومت بلوچستان میں امن کیلئے کیا کر رہی ہے، اس کا علم کسی کو نہیں ہے۔ بظاہر تو کوئی بھی، کچھ بھی نہیں کر رہا۔ بلوچستان میں آگ پرویز مشرف نے لگائی تھی۔ شاید اس آگ کو مرحوم کی نشانی سمجھ کر بجھانے سے گریز کیا جا رہا ہے۔ پاکستان اگر ریلوے لائن کے ذریعے وسط ایشیا سے مل جاتا ہے تو یہ صرف وسط ایشیا سے مل جانا نہیں ہے، اس کے نتیجے میں پاکستان یورپ سے بھی مل جائے گا۔ کیونکہ وسط ایشیا کے زبردست ریلوے نیٹ ورک روس اور یورپ کے ریلوے نیٹ ورکس سے ملے ہوئے ہیں، اوپر سے چین نے ان ریل راستوں کو سلک روٹ منصوبے کے تحت اور بھی ترقی دے دی ہے۔ پاکستان سے بذریعہ ریل ایک راستہ ایران اور ترکی کا بھی ہے لیکن یہ دو جگہ سے کٹا ہوا ہے۔ ایک کٹ ایران میں ہے، دوسرا ایران ترکی کی سرحد پر، پھر آبنائے باسفورس کا تیسرا کٹ ہے۔ وسط ایشیا سے لائن کا راستہ ایک تو ویسے ہی شارٹ کٹ ہے، پھر کہیں کوئی کٹ بھی نہیں۔ جتنے کٹ اصل میں ہیں، وہ پاکستان میں ہیں۔ کے پی میں ٹی ٹی پی بیٹھی ہوئی ہے، کیا وہ ٹرانس افغان پراجیکٹ کو بننے دے گی؟ اڈیالہ والا ہی بتا سکتا ہے۔ اسلام آباد میں ڈیڑھ جماعتی اپوزیشن کا گرینڈ الائنس بن گیا ہے۔ ایک جماعت تو ٹھہری پی ٹی آئی، ایک چوتھائی اچکزئی صاحب کی پارٹی، مزید ایک چوتھائی گلگت والی فرقہ وارانہ تنظیم، کل ملا کر یہ ڈیڑھ جماعتی اتحاد ہوا۔ یہ اڑھائی جماعتی اتحاد بن سکتا تھا اگر مولانا فضل الرحمٰن بھی اس میں شامل ہو جاتے لیکن وہ شامل نہیں ہو رہے۔ وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ ان کی نظر کے پی حکومت پر ہے۔ پہلے تو یہ اطلاع آئی تھی کہ اڈیالے والا مرشد وزیراعلیٰ گنڈا پور سے خوش نہیں، اسے ہٹانا چاہتا ہے۔ اس پر مولانا نے انہیں پیغام دیا کہ گنڈا پور کو ہٹانے کے بعد نئے وزیراعلیٰ کا نام میں دوں گا۔ اس پر مرشد نے ارادہ بدل دیا۔ یہ بتایا گیا تھا ___ لیکن اب نئی صورت حال پیدا ہو گئی ہے۔ ایک سے زیادہ ذرائع بتا رہے ہیں کہ مہینے ڈیڑھ مہینے میں جی ایچ کیو حملہ کیس کے جملہ ملزموں کو سزا ہونے والی ہے اور من جملہ دیگر کے، ان میں گنڈا پور بھی شامل ہیں۔ سزا ہو گی تو وہ نااہل ہو جائیں گے، وزارت اعلیٰ کی کرسی خالی ہو جائے گی۔ مولانا نے سوچ لیا ہے کہ یہ خلا وہ پر کریں گے۔ اور ظاہر ہے یہ کام وہ مرشد کی مدد سے نہیں، حکومت کی مدد سے کرنا چاہتے ہیں۔ بس اسی لئے وہ گرینڈ الائنس سے دور دور ہیں۔ چنانچہ گرینڈ الائنس بدستور ڈیڑھ جماعتی ہے، اڑھائی جماعتی بننے کا امکان نہیں ہے۔ صدر آصف زرداری نے کہا ہے کہ وہ اور بلاول پنجاب میں بیٹھا کریں گے۔

صبرِ مصطفیٰ

مکتوب امریکہ
طیبہ ضیا

حضرت فاطمہ کو چھوڑ کر آپ کی تمام اولادیں آپ کی آنکھوں کے سامنے اس دنیا سے رخصت ہوئیں۔ تینوں بیٹے بچپن کی عمر میں ہی انتقال کر گئے۔ جبکہ تینوں بیٹیاں عین جوانی میں دنیا سے رخصت ہوئیں۔ حضرت فاطمہ کا انتقال بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رحلت کے صرف چھ ماہ بعد ہو گیا۔ یہ باتیں کتابوں میں پڑھنا بہت آسان ہے۔ لیکن ذرا دل پر ہاتھ رکھ کر سوچیں کہ کسی شخص کے ساتھ اگر یہ سانحہ پیش آ جائے تو کیا ہو گا۔ اولاد کا معمولی سا دکھ بھی برداشت نہیں ہوتا۔ مگر سرکار دو عالمؐ کی ذات پر یہ آزمائش ٹوٹی کہ تینوں بیٹے بچپن کی اس عمر میں جب انسان بچوں کی ایک ایک ادا پر نثار ہو رہا ہوتا ہے، انتقال کر گئے اور بیٹیاں جوانی کی اس عمر میں جب موت کا تصور کرنا بھی بوجھل معلوم ہوتا ہے، خالق حقیقی سے جا ملیں۔ مگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان صدمات کو کمال حوصلہ کے ساتھ برداشت کیا۔ آپ کے آخری صاحبزادے حضرت ابراہیم کا انتقال جنگ تبوک کے بعد بالکل آخری دور میں ہوا جب آپ کے وہ الفاظ تاریخ میں نقل ہو گئے جو آپؐ نے اس موقع پر ارشاد فرمائے تھے: ہماری آنکھیں بہہ رہی ہیں، دل افسردہ ہے، مگر ہم زبان سے صرف وہی کہیں گے جو ہمارے رب کو پسند ہے۔ دنیا میں کوئی اور شخص ہے جو صبر و برداشت کی یہ نظیر پیش کر سکے۔ جس روز اللہ کے رسولؐ نے لوگوں کو ایک اللہ کی طرف آنے کی دعوت دی اسی روز سے قوم کی نادانیوں اور ایذاؤں کا سلسلہ جاری ہو گیا۔ آپ کی راہ روکی گئی، آپ کو جھٹلایا گیا، آپ کو ٹھٹھہ اور تضحیک سے رسوا کرنے کی کوششیں کی گئیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب قریش کی ایذاؤں کا ہدف بنے تھے اس وقت آپ کے رفقا کو ابھی ان مصیبتوں سے واسطہ نہیں پڑا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے: مجھے اللہ کے معاملے میں اس قدر ڈرایا اور دھمکایا گیا کہ کسی اور کو اس قدر نہیں ڈرایا گیا۔ مجھے اللہ کے معاملے میں جس قدر اذیت سے دوچار کیا گیا کسی اور کو نہیں کیا گیا۔ میرے اوپر تیس تیس دن رات ایسے بھی آتے رہے کہ میرے اور بلال کے پاس کھانے کے لیے کوئی چیز نہیں ہوتی تھی جس کو کوئی جان دار کھا سکے، سوائے اس معمولی شے کے جو بلال اپنی بغل میں چھپائے ہوتے۔ (سنن ترمذی)۔۔۔ حضرت ابوسعید خدری بیان کرتے ہیں کہ ایک بار میں نے آپ سے پوچھا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! سب سے زیادہ سخت آزمائش کس کی ہوتی ہے؟ آپ نے فرمایا: انبیا کی، پھر ان سے کم درجہ لوگوں کی، پھر ان سے کم درجہ لوگوں کی۔ آدمی کی آزمائش اس کی دینی کیفیت کے مطابق ہوتی ہے۔ اگر وہ دین میں مضبوط ہو تو آزمائش بھی سخت ہوتی ہے اور اگر دین میں نرم ہو تو اس کی دینی کیفیت کے مطابق ہی آزمائش بھی ہوتی ہے۔ بندے پر آزمائشوں کا سلسلہ جاری رہتا ہے حتی کہ ایک وقت ایسا آ جاتا ہے کہ وہ زمین پر چلتا ہے تو اس کے اوپر کوئی گناہ نہیں ہوتا۔ (ترمذی)۔ ترمذی میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے جب کوئی معاملہ بڑا اہم ہو جاتا تو آپ آسمان کی طرف چہرہ بلند کر لیتے اور گڑگڑا کر دعا کرنا مقصود ہوتا تو یاحی یا قیوم کہتے۔ حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی اہم معاملہ درپیش ہوتا تو آپ یوں دعا کرتے: یاحی یا قیوم برحمتک استغیث اے زندہ اور قائم ذات! میں تیری رحمت کے واسطے سے تیری مدد کا طالب ہوں۔ آپ کو اللہ کے راستے میں ہر وہ تکلیف دی گئی جس کا تصور کیا جا سکتا ہے۔ آپ نے اپنے قریب ترین رشتے داروں اور ہم قبیلہ لوگوں کی بدترین مخالفت جھیلی۔ صبح و شام طرح طرح کے توہین آمیز کلمات، خطابات اور طنزیہ جملے سنے۔ ہر طرح کا الزام، بہتان، ہجوگوئی، استہزا اور سوشل بائیکاٹ سہا۔ عین حرم پاک میں، مکہ کے بازاروں میں اور طائف کے پہاڑوں پر آپ اور آپ کے ساتھی ہر طرح کی مخالفت، ذلت اور تشدد کا شکار رہے۔ ہجرت کے بعد کبھی جنگ و جدل کی سختیاں جھیلیں تو کبھی محبوب ترین رشتے داروں اور عزیزوں کی کفار کے ہاتھوں انتہائی دردناک موت کا سانحہ جھیلا۔ کبھی یہود و منافقین کے ہاتھوں اپنے اہل خانہ پر بدترین بہتانوں کو برداشت کیا تو کبھی اپنی ذات کے حوالے سے غلیظ اسکینڈلوں کو سہا۔ مگر کبھی بد دعا دی، نہ انتقام لیا۔

مجھے اللہ کے معاملے میں اس قدر ڈرایا اور دھمکایا گیا کہ کسی اور کو اس قدر نہیں ڈرایا گیا۔ مجھے اللہ کے معاملے میں جس قدر اذیت سے دوچار کیا گیا کسی اور کو نہیں کیا گیا۔ میرے اوپر تیس دن رات ایسے بھی آتے رہے کہ میرے اور بلال کے پاس کھانے کے لیے کوئی چیز نہیں ہوتی تھی جس کو کوئی جان دار کھا سکے، سوائے اس معمولی شے کے جو بلال اپنی بغل میں چھپائے ہوتے۔ (سنن ترمذی)۔۔۔ حضرت ابوسعید خدری بیان کرتے ہیں کہ ایک بار میں نے آپ سے پوچھا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! سب سے زیادہ سخت آزمائش کس کی ہوتی ہے؟ آپ نے فرمایا: انبیا کی، پھر ان سے کم درجہ لوگوں کی، پھر ان سے کم درجہ لوگوں کی۔ آدمی کی آزمائش اس کی دینی کیفیت کے مطابق ہوتی ہے۔ اگر وہ دین میں مضبوط ہو تو آزمائش بھی سخت ہوتی ہے اور اگر دین میں نرم ہو تو اس کی دینی کیفیت کے مطابق ہی آزمائش بھی ہوتی ہے۔ بندے پر آزمائشوں کا سلسلہ جاری رہتا ہے حتی کہ ایک وقت ایسا آ جاتا ہے کہ وہ زمین پر چلتا ہے تو اس کے اوپر کوئی گناہ نہیں ہوتا۔ (ترمذی)۔ ترمذی میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے جب کوئی معاملہ بڑا اہم ہو جاتا تو آپ آسمان کی طرف چہرہ بلند کر لیتے اور گڑگڑا کر دعا کرنا مقصود ہوتا تو یاحی یا قیوم کہتے۔ حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی اہم معاملہ درپیش ہوتا تو آپ یوں دعا کرتے: یاحی یا قیوم برحمتک استغیث اے زندہ اور قائم ذات! میں تیری رحمت کے واسطے سے تیری مدد کا طالب ہوں۔ آپ کو اللہ کے راستے میں ہر وہ تکلیف دی گئی جس کا تصور کیا جا سکتا ہے۔ آپ نے اپنے قریب ترین رشتے داروں اور ہم قبیلہ لوگوں کی بدترین مخالفت جھیلی۔ صبح و شام طرح طرح کے توہین آمیز کلمات، خطابات اور طنزیہ جملے سنے۔ ہر طرح کا الزام، بہتان، ہجوگوئی، استہزا اور سوشل بائیکاٹ سہا۔ عین حرم پاک میں، مکہ کے بازاروں میں اور طائف کے پہاڑوں پر آپ اور آپ کے ساتھی ہر طرح کی مخالفت، ذلت اور تشدد کا شکار رہے۔ ہجرت کے بعد کبھی جنگ و جدل کی سختیاں جھیلیں تو کبھی محبوب ترین رشتے داروں اور عزیزوں کی کفار کے ہاتھوں انتہائی دردناک موت کا سانحہ جھیلا۔ کبھی یہود و منافقین کے ہاتھوں اپنے اہل خانہ پر بدترین بہتانوں کو برداشت کیا تو کبھی اپنی ذات کے حوالے سے غلیظ اسکینڈلوں کو سہا۔

غیر محفوظ موبائل ڈیٹا کی قباحتیں

برملا
نصرت جاوید
nusrat.javeed@gmail.com

امریکہ میں ٹرمپ کے وائٹ ہاؤس لوٹ آنے کے بعد دنیا کسی بھی صورت ویسی نہیں رہے گی جس کے ہم کئی دہائیوں سے عادی ہو چکے ہیں۔ نئی دنیا کا آغاز کئی دانشوروں کی نگاہ میں کمیونزم کے خاتمے کے بعد ہوا تھا۔ سرد جنگ ختم ہوئی تو دنیا نظر بظاہر سکڑ کر عالمی گاؤں میں تبدیل ہو گئی اور پھر ہر جا پھیل گئے موبائل فون۔ ان میں فیس بک اور واٹس ایپ جیسی ایپس نصب ہوئیں تو گویا دور دراز شہروں اور قصبات میں مقیم ہر شخص ہمارا ہمسایہ بن گیا۔ سوال مگر یہ اٹھتا ہے کہ ہمسائیگی انسانوں کے مابین روحانی فیصلوں کو ختم کرنے میں ناکام ہوئی۔ اس سوال پر غور کریں تو جواب نفی میں ملتا ہے۔ دنیا سکڑی تو بلکہ انسانوں کو ایک دوسرے کے بہت قریب آ کر اپنی جداگانہ شناخت کا مزید احساس ہونا شروع ہو گیا۔ انسان کی اصل بیماری ہی اس کا احساس انفرادیت ہے۔ اسی باعث آپ کو پرانے دیہاتوں میں ایک دوسرے کے خاندانی ویری کثیر تعداد میں نظر آتے ہیں حالانکہ محدود قطعہ زمین پر نسلوں سے قریب رہنے کی وجہ سے ان میں الفت و قربت کے رشتے گہرے ہونا چاہئیں تھے۔ وائٹ ہاؤس میں ٹرمپ کی آمد درحقیقت اس نئی دنیا کے خاتمے کا اعلان ہے جو سرد جنگ کے اختتام پر نمودار ہوئی تھی۔ انفرادیت قوم پرستی میں بدل کر انسانوں کو عالمی ذمہ داریوں سے بیگانہ بنا رہی ہے۔ عالمی ذمہ داریوں سے بے اعتنائی کے سبب ہی 2022 کے اپریل سے روس کی یوکرین کے خلاف جنگ جاری ہے۔ ہزاروں لوگ اس کی وجہ سے مارے گئے۔ لاکھوں بے گھر ہو کر غیر ملکوں میں پناہ گزین ہو چکے ہیں۔ بے تحاشہ تباہی کے باوجود جنگ بندی کے امکانات ابھرے تو ہیں مگر وہ بنیادی طور پر جارح کے حق میں جاتے نظر آ رہے ہیں۔ اکتوبر 2023 سے غزہ کی پٹی بھی مستقل ظلم کا نشانہ بنی ہوئی ہے۔ وہاں نسلوں سے آباد فلسطینیوں کی مدد کوئی ملک کر نہیں پایا۔ ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس پہنچ کر بھی جو امن فارمولا سوچا ہے وہ غزہ کو فلسطینیوں سے پاک کرنا چاہ رہا ہے۔ نہایت سفاکی سے یہ نہ بانس رہے نہ بانسری والا رویہ ہے۔ غزہ سے فلسطینیوں کو نکال کر ٹرمپ وہاں جدید ترین سہولتوں سے مالا مال ایک بستی بسانا چاہتا ہے جہاں دنیا کے امیر ترین لوگ سمندر کے کنارے زندگی کا لطف اٹھائیں گے۔ اس کا فارمولا ابھی تک ظلم کا نشانہ بنے فلسطینیوں نے قبول نہیں کیا۔ وقتی طور پر جنگ اگرچہ تھم گئی ہے۔ دائمی امن کا حصول مگر ممکن دکھائی نہیں دے رہا۔ یوکرین اور غزہ سرد جنگ کے خاتمے کے بعد قائم ہوئی نئی دنیا کی تباہی کا بدترین مظہر ہیں۔ انتشار ابتری مگر دنیا میں ہر طرف پھیلی ہوئی ہے۔ یورپ کئی صدیوں تک نئی ایجادات و خیالات کا مرکز رہا۔ ان دنوں بے بس ہوا قرون وسطی میں لوٹتا نظر آ رہا ہے۔ ہمارے ہاں بھی زندگی بہت اداس ہے۔ کئی آمرانہ حکومتیں بھگتنے کے باوجود ہمارے ہاں زندہ دل مزاحمت کے رجحانات بھی اپنی جگہ برقرار رہے۔ گزشتہ چند برسوں سے وہ رویہ بھی ختم ہونا شروع ہو گیا ہے۔ حکمرانوں میں برداشت باقی نہیں رہی۔ اپوزیشن جماعتیں کثیر تعداد کی حمایت کے باوجود کوئی قابل عمل حکمت عملی بنانے میں ناکام ہیں۔ ابتری کے موجودہ ماحول کو میں اس کالم میں کسی ایک واقع پر توجہ دیتے ہوئے نام نہاد بگ پکچر کی جانب بڑھنا چاہتا ہوں۔ رات سونے سے قبل جو موضوع طے کر رکھا ہوتا ہے صبح اٹھتے ہی غیر متعلقہ محسوس ہوتا ہے۔ آج بھی کسی اور موضوع پر لکھنا تھا مگر گھر کی خبر لینا ضروری سمجھتا ہوں۔ بدھ کی صبح چھپے کالم میں آپ نے مصطفیٰ نامی نوجوان کے قتل کا ذکر سنا ہو گا۔ مبینہ طور پر اسے ارمغان نامی نوجوان نے بے دردی سے قتل کیا۔ مصطفیٰ اور ارمغان قریبی دوست ہوا کرتے تھے۔ شنید ہے کہ 2024 کی آخری رات ایک لڑکی کی وجہ سے ان کے مابین تلخی ہوئی۔ اس تلخی کے بعد ارمغان نے اسے اغوا کر لیا۔ اغوا کرنے کے بعد وہ ظالم شخص ٹاس کر کے یہ فیصلہ کرتا رہا کہ مصطفیٰ کو جان سے مارا جائے یا نہیں۔ بدقسمتی سے ٹاس مصطفیٰ کے خلاف آتا رہا۔ ارمغان نے ٹاس ہی کی وجہ سے شدید زخمی مگر زندہ مصطفیٰ کو کراچی سے حب لے جا کر نذر آتش کر دیا۔ بات رقابت سے شروع ہو کر ایک ہولناک قتل تک پہنچی ہوتی تو میں اسے نظرانداز کر دیتا۔ مذکورہ قتل کے بعد نمایاں ہوئے واقعات نے مگر حیران کر رکھا ہے۔ 7 جنوری 2025 کو لاپتہ ہوا مصطفیٰ مقتول کی صورت برآمد ہوا تو اس کے مبینہ قاتل کی گرفتاری کے لئے کراچی پولیس متحرک ہوئی۔ قاتل ایسے گھر میں مقیم تھا جہاں کال سنٹر بھی چلایا جاتا ہے۔ یہ کال سنٹر مگر ڈبہ تھا جس کا حقیقی مقصد امریکہ اور یورپ میں مقیم بوڑھوں کے کریڈٹ کارڈ اور بینک اکاؤنٹس کی تفصیلات جمع کر کے انہیں ہتھیانا تھا۔ ڈبہ کال سنٹر فقط کراچی تک ہی محدود نہیں ہیں۔ لاہور اور فیصل آباد کے اکثر سنٹر بھی ایسی وارداتوں میں شامل ہیں۔ موبائل فون کا حامل ہر پاکستانی بھی اب ان کے نشانے پر ہے۔ آپ میں سے اکثر کو ایسے فون نمبروں سے کال آتی ہو گی جو آپ کے پاس محفوظ نہیں ہیں۔ آپ اٹھا کر ہیلو کہیں تو وہ آپ کو نام لے کر پکاریں گے۔ ان کا تعلق کسی نہ کسی دھندے سے ہو گا۔ وہ اسے مارکیٹ کرنا چاہ رہے ہوں گے۔ آپ اکثر غصے میں ایسی کالز سے جان چھڑا لیتے ہیں۔ یہ مگر شاذ ہی سوچا ہو گا کہ آپ کو کسی دھندے میں پیسہ لگانے کی جانب راغب کرنے والے نے آپ کو نام لے کر کیوں پکارا ہے۔ میں اکثر اس کے بارے میں سوچتے ہوئے اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ موبائل کمپنیوں کے پاس اپنے صارفین کا جو ڈیٹا ہے وہ محفوظ نہیں۔ اسے چرانے کے بعد فروخت کیا جاتا ہے۔ اسی باعث آپ کے فون پر جب اجنبی فون آتا ہے۔ آپ ہیلو کہتے ہیں تو دوسری طرف سے آپ کو نصرت صاحب بات کر رہے ہیں؟ کہا جاتا ہے۔ آپ کے موبائل سے جمع شدہ معلومات کو Data کہا جاتا ہے۔ اس پر اجارہ داری کی بدولت ذہن سازی ہوتی ہے۔ اس ذہن سازی نے کئی ملکوں میں فرقہ وارانہ فسادات بھڑکائے۔ خانہ جنگی کو ہوا دی۔ ذہن سازی کے کارنامے سامنے آئے تو امریکی کانگریس میں طویل تحقیقات ہوئیں۔ اس کے نتیجے میں فیس بک کو اپنے ہاں پوسٹ ہوئے مواد پر نگاہ رکھنے کو چوکیدار بٹھانے پڑے۔ ٹرمپ کی آمد کے بعد مگر ان چوکیداروں کی آزادی اظہار کے نام پر فراغت ہو چکی ہے۔ جو کبھی ٹویٹر کہلاتا تھا ان دنوں ایلان مسک کی ملکیت ہے۔ وہ اس پلیٹ فارم کو انتہائی بے دردی سے اپنے خیالات کے فروغ کے لئے استعمال کر رہا ہے۔ یورپی یونین نے چونکہ ابھی تک انٹرنیٹ کے متعدد پلیٹ فارموں پر چوکیدار بٹھا رکھے ہیں۔ اسی باعث ایلان اور اس کا دوست ٹرمپ مل کر یورپی یونین کی تباہی کو ڈٹے ہوئے ہیں۔ اتنی بڑی لڑائی کے پس منظر میں ہمارے ہاں قائم ہوئے۔

وزیراعلیٰ لاہور پولیس کی مثالی کارکردگی کے باوجود ناراض کیوں؟

کرائم ڈائری
یونس باٹھ
Younasbaath@gmail.com

پولیس کا ذکر ہوتے ہی ذہن میں مختلف قسم کے سوال اٹھنے لگتے ہیں۔ دیکھا جائے تو ہر ریاست اور معاشرے میں پولیس کا اہم اور بنیادی رول ہے۔ وہ کسی بھی ریاست اور معاشرے میں نظم و نسق اور امن و امان کی بحالی میں اپنا کردار ادا کرتی ہے۔ جرائم بڑھ جائیں تو اس کی بیخ کنی کرتی ہے۔ جہاں پولیس اپنا مثالی اور فعال کردار ادا کرتی ہے، وہ ریاستیں اور معاشرے اعتماد و سکون کا گہوارہ بن جاتے ہیں۔ جہاں اس کے کردار کی نفی ہو جائے تو یوں سمجھئے پولیس کا سارا ڈھانچہ ہی کلیپس کر جاتا ہے۔ یہ ادارہ حکومت کی گڈ گورننس کے ساتھ بیڈ گورننس کا بھی باعث بنتا ہے۔ پنجاب بالخصوص لاہور پولیس جو ہمیشہ ہی تنقید کی زد میں رہتی ہے۔ ایک عرصے کے بعد لاہور پولیس جس نے بڑی محنت اور جانفشانی سے شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا جس سے شہر میں جرائم کی شرح میں نمایاں کمی واقع ہوئی یقیناً اسے لاہور پولیس کی بہتر کوارڈی نیشن کا نتیجہ ہی قرار دیا جا سکتا ہے۔ پنجاب پولیس نے خود کارکردگی رپورٹ جاری کرتے ہوئے دعوی کیا کہ تاریخ میں پہلی مرتبہ کارکردگی کے تناسب میں لاہور پولیس پہلے نمبر پر آ گئی ہے۔ پنجاب کے سینٹرل پولیس آفس کی جانب سے صوبے بھر کی کارکردگی کی جو رپورٹس جاری کی گئیں جس کے مطابق پنجاب کے 36 اضلاع کو تین کیٹگریز میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پولیس کی کارکردگی جانچنے کے لیے 36 نکات پر مشتمل کارکردگی رپورٹ تیار کی گئیں، جس میں جرائم کی روک تھام، دہشت گردی، لا اینڈ آرڈر اور ٹریفک کی روانی سمیت دیگر نکات کارکردگی رپورٹ میں شامل تھے اور کارکردگی جانچنے کے لیے ان 36 نکات کے 100 نمبر رکھے گئے۔ رپورٹ میں لاہور پولیس نے ہر بار اچھے نمبروں کے ساتھ نمایاں پوزیشن حاصل کی۔ محکمہ پولیس میں سب سے اہم رول کمانڈر کا ہوتا ہے وہ کمانڈر چاہے صوبے کا ہو یا اضلاع کا اگر وہ ایماندار اور پیشہ وارانہ مہارت کا حامل ہو گا تو پوری ٹیم کی کارکردگی خود بخود ٹھیک ہو جائے گی۔ یہ ہی وجہ ہے کہ لاہور پولیس کے کمانڈر بلال صدیق کمیانہ کی ان تھک محنت لگن اور ایمانداری کی بدولت ہی لاہور پولیس ہر بار نمایاں پوزیشن حاصل کرنے میں کامیاب رہی۔ اب پنجاب پولیس کے چند ایک بڑے افسران کو ان کی اس متاثر کن کارکردگی نے پریشان کر رکھا ہے اور انہوں نے ان سے خوش ہونے کی بجائے لاہور پولیس کے متعلق سازشیں شروع کر دی ہیں۔ لاہور پولیس کی ایک کامیاب ٹیم جو کہ ایک تسبیح کی مانند تھی آہستہ آہستہ اسے کمزور کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ سب سے پہلے ان کے ایک کامیاب پولیس آفیسر ایس ایس پی عاطف نذیر کو لاہور سے تبدیل کروایا گیا جو کہ انتہائی اچھی شہرت کے حامل اور پنجاب حکومت کی گڈ گورننس کا باعث بن رہے تھے وہ ایک بڑے اضلاع سیالکوٹ جیسے شہر میں اپنا لوہا منوا چکے تھے انہیں حافظ آباد جیسے تحصیل لیول کے چھوٹے اضلاع میں تعیناتی دے کر ان کے ساتھ مذاق کیا گیا ہے۔ پھر لاہور کا ایک کامیاب ونگ آرگنائزڈ کرائم جس کی بدولت لاہور پولیس نے حقیقی معنوں میں بے تحاشا کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ ڈی آئی جی عمران کشور کی خدمات مثالی رہیں۔ وہ انویسٹی گیشن میں تھے تو انہوں نے اس کا مورال بلند کر دیا پھر انہوں نے شہر سے بڑے بڑے نہ صرف گینگ کا خاتمہ کیا بلکہ چیلنج سمجھے جانے والے مقدمات کو ٹریس کر کے حکومت کی گڈ گورننس کا باعث بنے۔ آرگنائزڈ کرائم یونٹ کی پوری ٹیم نے جس طرح دن رات لگن سے کام کر کے نہ صرف خطرناک ڈاکوؤں کو گرفتار کیا بلکہ اربوں روپے نقدی اور دیگر مال مسروقہ سامان برآمد کر کے متاثرین کو ریکارڈ ریکوریاں بھی دی ہیں جس سے آج لوگ لاہور پولیس کو دعائیں دے رہے ہیں۔ اے وی ایل ایس کی بہتر کارکردگی کی بدولت لاہور شہر میں کار چوری کی وارداتوں کا آج مکمل طور پر خاتمہ ہو چکا ہے، آج کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ اس کی گاڑی چوری ہوئی اور ریکور نہیں کی گئی۔ شوٹرز جنہوں نے شہر میں اوپر تلے وارداتیں کر کے خوف و ہراس پھیلا رکھا تھا۔ ڈی آئی جی عمران کشور کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کی بدولت آج وہ بھی اپنے انجام کو پہنچ چکے ہیں۔ اس کامیاب ونگ کو بھی ختم کرنا لاہور پولیس کے ساتھ بڑی سازش ہی قرار دیا جا سکتا ہے۔ اسی طرح ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران جن کی تعیناتی سے قبل لاہور میں 150 سے زائد موٹر سائیکلیں چوری ہونے کی روزانہ کی بنیاد پر کالز ہو رہی تھیں انہوں نے بھی دن رات محنت کر کے جرائم کی شرح میں حقیقی معنوں میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔ انویسٹی گیشن ونگ جو کہ کمزور سمجھا جا رہا تھا نئے ڈی آئی جی ذیشان رضا کی آمد سے اس شعبے میں بھی نکھار پیدا ہو گیا ہے اور اس کی کارکردگی میں بھی بہتری نظر آنا شروع ہو گئی ہے۔ لاہور پولیس جو کہ پنجاب کا چہرہ مہرہ ہے اس کی کاوشوں اور کمانڈر کو خراج تحسین پیش کرنے کی بجائے انہیں سوچی سمجھی سازش کے تحت تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ کل تک پنجاب حکومت جو لاہور پولیس بالخصوص سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ کی بڑی متحرف نظر آ رہی تھی آخر اچانک کیا ہوا ہے۔

سانحہ نومئی تاریخ کا سیاہ ترین باب



سانحہ نو مئی کو رونما ہوئے ایک سال سے زائد عرصہ ہو چکا اور غالباً دوسرا سال بھی نو مئی کو مکمل ہو جائیگا اور یقیناً نو مئی کی تاریخ بھی دور نہیں فروری جاری ہے اور اسکے بعد مارچ اپریل اور پھر مئی آ جائے گا۔ دنیا جانتی ہے کہ نو مئی کو زبردست ہنگامہ آرائی، لڑائی جھگڑا، دنگا فساد رونما ہوا اور جس طرح سے ملک بھر میں ایک سازش کے تحت باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت فساد برپا کیا گیا وہ قابل مذمت ہے اور اس سے بڑھ کر افسوس ناک اور کیا ہو گا کہ عوام اپنے ہی اداروں کی سکیورٹی کو پامال کر دیں، انکے وقار کی دھجیاں بکھیر دیں اور یقیناً جس طرح سے ہمارے اداروں پہ حملہ کیا گیا ملک بھر میں آگ لگائی گئی وہ ہماری تاریخ کی کتابوں میں سیاہ حروف سے رقم ہو چکا ہے اور یقیناً سانحہ نو مئی کے حوالے سے تاحال اصل حقائق پہنچنے سے قاصر ہیں اور عوام تاحال یہ نہیں جان سکے کہ سانحہ نو مئی کیوں ہوا کیسے ہوا اور کس نے کیا۔ یقیناً عوام بھی سانحہ نو مئی کے اصل حالات و واقعات جاننے کے خواہشمند ہیں اور پاکستانی عوام کا مطالبہ بھی یہی ہے کہ جلد از جلد سانحہ نو مئی میں ملوث افراد کو بے نقاب کیا جائے اور سخت سے سخت سزا بھی دی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی ملکی سلامتی و بقا کے خلاف سازش نا رچا سکے تو بہر حال اجازت دوستو ملتے ہیں جلد بریک کے بعد تو چلتے چلتے اللہ نگہبان رب راکھا۔

سانحہ نو مئی کو رونما ہوئے ایک سال سے زائد عرصہ ہو چکا اور غالباً دوسرا سال بھی نو مئی کو مکمل ہو جائیگا اور یقیناً نو مئی کی تاریخ بھی دور نہیں فروری جاری ہے اور اسکے بعد مارچ اپریل اور پھر مئی آ جائے گا۔ دنیا جانتی ہے کہ نو مئی کو زبردست ہنگامہ آرائی، لڑائی جھگڑا، دنگا فساد رونما ہوا اور جس طرح سے ملک بھر میں ایک سازش کے تحت باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت فساد برپا کیا گیا وہ قابل مذمت ہے اور اس سے بڑھ کر افسوس ناک اور کیا ہو گا کہ عوام اپنے ہی اداروں کی سکیورٹی کو پامال کر دیں، انکے وقار کی دھجیاں بکھیر دیں اور یقیناً جس طرح سے ہمارے اداروں پہ حملہ کیا گیا ملک بھر میں آگ لگائی گئی وہ ہماری تاریخ کی کتابوں میں سیاہ حروف سے رقم ہو چکا ہے اور یقیناً سانحہ نو مئی کے حوالے سے تاحال اصل حقائق پہنچنے سے قاصر ہیں اور عوام تاحال یہ نہیں جان سکے کہ سانحہ نو مئی کیوں ہوا کیسے ہوا اور کس نے کیا۔ یقیناً عوام بھی سانحہ نو مئی کے اصل حالات و واقعات جاننے کے خواہشمند ہیں اور پاکستانی عوام کا مطالبہ بھی یہی ہے کہ جلد از جلد سانحہ نو مئی میں ملوث افراد کو بے نقاب کیا جائے اور سخت سے سخت سزا بھی دی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی ملکی سلامتی و بقا کے خلاف سازش نا رچا سکے تو بہر حال اجازت دوستو ملتے ہیں جلد بریک کے بعد تو چلتے چلتے اللہ نگہبان رب راکھا۔ سانحہ نو مئی کو رونما ہوئے ایک سال سے زائد عرصہ ہو چکا اور غالباً دوسرا سال بھی نو مئی کو مکمل ہو جائیگا اور یقیناً نو مئی کی تاریخ بھی دور نہیں فروری جاری ہے اور اسکے بعد مارچ اپریل اور پھر مئی آ جائے گا۔ دنیا جانتی ہے کہ نو مئی کو زبردست ہنگامہ آرائی، لڑائی جھگڑا، دنگا فساد رونما ہوا اور جس طرح سے ملک بھر میں ایک سازش کے تحت باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت فساد برپا کیا گیا وہ قابل مذمت ہے اور اس سے بڑھ کر افسوس ناک اور کیا ہو گا کہ عوام اپنے ہی اداروں کی سکیورٹی کو پامال کر دیں، انکے وقار کی دھجیاں بکھیر دیں اور یقیناً جس طرح سے ہمارے اداروں پہ حملہ کیا گیا ملک بھر میں آگ لگائی گئی وہ ہماری تاریخ کی کتابوں میں سیاہ حروف سے رقم ہو چکا ہے اور یقیناً سانحہ نو مئی کے حوالے سے تاحال اصل حقائق پہنچنے سے قاصر ہیں اور عوام تاحال یہ نہیں جان سکے کہ سانحہ نو مئی کیوں ہوا کیسے ہوا اور کس نے کیا۔ یقیناً عوام بھی سانحہ نو مئی کے اصل حالات و واقعات جاننے کے خواہشمند ہیں اور پاکستانی عوام کا مطالبہ بھی یہی ہے کہ جلد از جلد سانحہ نو مئی میں ملوث افراد کو بے نقاب کیا جائے اور سخت سے سخت سزا بھی دی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی ملکی سلامتی و بقا کے خلاف سازش نا رچا سکے تو بہر حال اجازت دوستو ملتے ہیں جلد بریک کے بعد تو چلتے چلتے اللہ نگہبان رب راکھا۔ سانحہ نو مئی کو رونما ہوئے ایک سال سے زائد عرصہ ہو چکا اور غالباً دوسرا سال بھی نو مئی کو مکمل ہو جائیگا اور یقیناً نو مئی کی تاریخ بھی دور نہیں فروری جاری ہے اور اسکے بعد مارچ اپریل اور پھر مئی آ جائے گا۔ دنیا جانتی ہے کہ نو مئی کو زبردست ہنگامہ آرائی، لڑائی جھگڑا، دنگا فساد رونما ہوا اور جس طرح سے ملک بھر میں ایک سازش کے تحت باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت فساد برپا کیا گیا وہ قابل مذمت ہے اور اس سے بڑھ کر افسوس ناک اور کیا ہو گا کہ عوام اپنے ہی اداروں کی سکیورٹی کو پامال کر دیں، انکے وقار کی دھجیاں بکھیر دیں اور یقیناً جس طرح سے ہمارے اداروں پہ حملہ کیا گیا ملک بھر میں آگ لگائی گئی وہ ہماری تاریخ کی کتابوں میں سیاہ حروف سے رقم ہو چکا ہے اور یقیناً سانحہ نو مئی کے حوالے سے تاحال اصل حقائق پہنچنے سے قاصر ہیں اور عوام تاحال یہ نہیں جان سکے کہ سانحہ نو مئی کیوں ہوا کیسے ہوا اور کس نے کیا۔ یقیناً عوام بھی سانحہ نو مئی کے اصل حالات و واقعات جاننے کے خواہشمند ہیں اور پاکستانی عوام کا مطالبہ بھی یہی ہے کہ جلد از جلد سانحہ نو مئی میں ملوث افراد کو بے نقاب کیا جائے اور سخت سے سخت سزا بھی دی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی ملکی سلامتی و بقا کے خلاف سازش نا رچا سکے تو بہر حال اجازت دوستو ملتے ہیں جلد بریک کے بعد تو چلتے چلتے اللہ نگہبان رب راکھا۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN

مشتاق احمد کی وقار یونس کو 20 اور وسیم اکرم کو 15 کروڑ روپے ہرجانے کی دھمکی

وقار یونس اور وسیم اکرم مجھے ہراسگی کا نشانہ بناتے تھے جس کے لیے میں انہیں عدالت میں لے کر جاؤں گا

آپ نے اچھے سے اچھے دن بھی انڈا (صفر) اسکور کیا، وسیم اکرم، وقار یونس نے مشتاق احمد سے معافی مانگ لی

لاہور (میاں شہروز سے) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کھلاڑی اور موجودہ بنگلا دیشی بولنگ کوچ مشتاق احمد نے وقار یونس اور وسیم اکرم کو ہرجانے کی دھمکی دے دی۔ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم یوٹیوب کے ایک شو کے دوران مشتاق احمد نے بذریعہ ویڈیو اپنے ماضی کے ساتھیوں کے لیے پیغام بھیجا جسے پروگرام کے دوران چلایا گیا۔ مذکورہ پیغام میں انہوں نے پاکستانی کرکٹ ٹیم کے سابق کھلاڑیوں وقار یونس اور وسیم اکرم سے ان کے ماضی کے رویوں پر شکوہ کیا ہے اور کہا ہے کہ جب ہم تینوں ٹیم کا حصہ ہوا کرتے تھے تو وقار یونس اور وسیم اکرم مجھے ہراسگی کا نشانہ بناتے تھے جس کے لیے میں انہیں عدالت میں لے کر جاؤں گا۔ مشتاق احمد کا کہنا ہے کہ وقار یونس اور وسیم اکرم میرے ساتھ تضحیک آمیز رویہ اختیار کرتے تھے، جس سے میرا اعتماد اور پرفارمنس متاثر ہوئی، اس کے لیے میں وقار یونس کو 20 کروڑ اور وسیم اکرم کو 15 کروڑ ہرجانے کا نوٹس بھیج رہا ہوں، اب میں ان سے عدالت میں ملوں گا۔ بنگلا دیشی بولنگ کوچ کا مذکورہ خصوصی پیغام سن کر ان کے ماضی کے ساتھی کھلاڑی وقار یونس اور وسیم اکرم ہنس ہنس کر لوٹ پوٹ ہو گئے۔ وسیم اکرم نے مشتاق احمد کے سنجیدہ انداز کے مذاق پر انہیں سراہتے ہوئے تالیاں بجائیں جبکہ وقار یونس نے کہا کہ مشی بھائی (مشتاق احمد) کے اس پیغام سے ہمارا شو اچھا ہو جائے گا، اس کے ساتھ ہی انہوں نے شکوہ بھی کیا کہ مجھ سے 5 کروڑ زیادہ کیوں مانگ رہے ہیں؟ جس پر وسیم اکرم نے کہا کہ کیونکہ آپ ان کی دکھتی رگ پر ہاتھ رکھتے ہیں۔ سوئنگ کے سلطان نے مشتاق احمد کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہم آپ کے بہت بڑے مداح ہیں، انہوں نے ماضی کی روایت برقرار رکھتے ہوئے بنگلا دیشی بولنگ کوچ کی ٹانگ ایک بار پھر کھینچی اور کہا کہ اعتماد کی بات آپ نہ کریں آپ نے اچھے سے اچھے دن بھی انڈا (صفر) اسکور کیا ہے اس لیے ہم عدالت میں ہی ملیں گے، دوسری جانب وقار یونس نے مشتاق احمد سے معافی مانگ لی۔

راولپنڈی میں 27 فروری 2025 کو مسلسل بارش کے باعث میچ منسوخ کر دیا گیا) آئی سی سی(

nni
GURBAZ
21

لاہور: افغانستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی انگلینڈ کے بلے باز کو آؤٹ کرنے پر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 میں سنچریوں کا نیا ریکارڈ بن گیا

ٹورنامنٹ میں اب تک 11 سنچریاں بن چکی ہیں، جو کسی بھی چیمپئنز ٹرافی ایڈیشن میں سب سے زیادہ ہیں

لاہور (میاں شہروز سے) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 میں سنچریوں کا نیا ریکارڈ بن گیا۔ چیمپئنز ٹرافی 2025 میں گروپ بی کے اہم میچ میں افغانستان نے دلچسپ مقابلے کے بعد انگلینڈ کو شکست دے کر سیمی فائنل کی دوڑ سے باہر کر دیا۔ میچ کی دونوں اننگز میں افغانستان اور انگلینڈ کے ایک ایک کھلاڑی نے سنچری بنائی، جس کے بعد چیمپئنز ٹرافی میں سنچریوں کا نیا ریکارڈ بن گیا۔ اس ٹورنامنٹ میں اب تک 11 سنچریاں بن چکی ہیں، جو کسی بھی چیمپئنز ٹرافی ایڈیشن میں سب سے زیادہ ہیں۔ اس سے قبل، 2002 اور 2017 کے ٹورنامنٹس میں 10، 10 سنچریاں بنی تھیں، جو اب دوسرے نمبر پر چلے گئے ہیں۔ لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے ایونٹ کے آٹھویں میچ میں افغانستان کی جانب سے دیے گئے 326 رنز کی ہدف کے تعاقب میں انگلینڈ کی ٹیم 317 رنز بنا کر آل آؤٹ ہوگئی۔ جو روٹ کی 120 رنز کی اننگز بھی رائیگاں چلی گئی۔ اس سے قبل افغانستان کی اننگز میں ابراہیم زادران نے 177 رنز کی شاندار اننگز کھیلی تھی، جس کی بدولت افغان ٹیم رنز کا پہاڑ کھڑا کرنے میں کامیاب ہوئی۔

لیورپول کے فٹبالر محمد صلاح کی بیٹی کا رمضان شو سے ٹی وی ڈیبیو ڈائریکٹر خالد الحافوی

ریاض (زیڈ این این) مصر کے شہرہ آفاق فٹ بالر اور لیورپول فٹ بال کلب کے فارورڈ کھلاڑی محمد صلاح کی بیٹی مکہ ماہ رمضان میں مقبول مصری سیریز کامل العدد سے بطور مہمان فنکار ٹیلی ویژن پر کام کا آغاز کریں گی، یہ بات ڈائریکٹر خالد الحافوی نے بتائی ہے۔ خالد الحافوی نے مصری اون ٹی وی چینل کو بتایا کہ سیریز کے تیسرے حصے میں نئے ستارے اور مکہ محمد صلاح خصوصی شرکت کریں گی۔ اس شو کا ماہ رمضان میں یہ تیسرا سیزن ہوگا اور اس میں کاسمیٹکس انڈسٹری میں کام کرنے والی ایک خاتون دینا الشربینی بطور لیلیٰ اور ان کے شوہر شریف سلامہ بطور احمد مختار کام رہے ہیں جو ایک کاسمیٹک سرجن ہیں۔ وہ آٹھ بچوں کے ساتھ رہتے ہیں اور شوگھریلو آزمائشوں اور مصائب کی عکاسی کرتا ہے۔ 32 سالہ محمد صلاح کی بیٹی مکہ کی پیدائش لندن میں 2014 میں ہوئی تھی اور صلاح خاندان اس شو کا بہت مداح ہے اگرچہ ان کی بطور مہمان فنکار موجودگی کے بارے میں تفصیلات کو خفیہ رکھا گیا ہے۔ خالد الحافوی نے کہا میں اپنی بیٹی کی اداکاری کی صلاحیت کے بارے میں فکر مند تھا کہ آیا وہ صحیح عربی بول سکتی ہیں یا نہیں لیکن انہوں نے مجھے حیران کر دیا۔ وہ بہت ہوشیار ہیں اور اچھی عربی بولتی ہیں۔ میں محمد صلاح کی شرکت کا خواب دیکھ رہا تھا۔

انگلش پریمیئر لیگ، لیورپول، مانچسٹر سٹی اور مانچسٹر یونائیٹڈ نے اپنے میچز جیت لئے

لندن (زیڈ این این) لیورپول نے انگلش پریمیئر لیگ کے ایک میچ میں نیوکیسل یونائیٹڈ کو 0-2 گول سے ہرا دیا، دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی نے سخت مقابلے کے بعد ٹوٹنہم ہاٹ پور کو 0-1 گول سے ہرا دیا جبکہ مانچسٹر یونائیٹڈ نے سخت مقابلے کے بعد اپسوچ ٹاؤن کو 2-3 گول سے مات دی۔ پریمیئر لیگ کے دلچسپ مقابلے انگلینڈ میں جاری ہیں۔ اینفیلڈ، لیورپول میں کھیلے گئے لیگ کے اہم میچ میں لیورپول کی ٹیم نے انتہائی شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے نیوکیسل یونائیٹڈ کو 0-2 گول سے ہرا دیا، ڈومینک سوبوسزلائی اور ایلکسس میک ایلسٹر نے ایک ایک گول کر کے اپنی ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ اس فتح کے بعد لیورپول کی ٹاپ پوزیشن مزید مستحکم ہوگئی ہے۔ ٹوٹنہم ہاٹ پور سٹیڈیم، لندن میں کھیلے گئے میچ میں دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی اور ٹوٹنہم ہاٹ پور کی ٹیمیں آمنے سامنے تھیں جس میں دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی نے ٹوٹنہم ہاٹ پور کو سخت مقابلے کے بعد 0-1 گول سے ہرا دیا۔ ایرلنگ ہالینڈ نے واحد گول کر کے اپنی ٹیم مانچسٹر سٹی کی فتح میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی کی ای پی ایل لیگ میں 14 ویں فتح ہے اور اس فتح کے بعد وہ 47 پوائنٹس کے ساتھ ٹیبل پر چوتھی پوزیشن پر موجود ہے۔

مچل اسٹارک نے چیمپئنز ٹرافی سے دستبردار ہونے کی وجہ بتا دی

میرے ٹخنے میں مسلسل درد رہ رہا تھا، میں اسے آرام دینا چاہتا تھا' کچھ وجوہات ذاتی تھیں، گفتگو

سڈنی (زیڈ این این) آسٹریلوی فاسٹ بولر مچل اسٹارک نے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی سے دستبردار ہونے کی وجہ بتا دی۔ مچل اسٹارک نے ٹخنے کی انجری کو چیمپئنز ٹرافی سے دستبرداری کی وجہ قرار دے دیا۔ آسٹریلوی فاسٹ بولر نے کچھ ذاتی وجوہات کو بھی چیمپئنز ٹرافی سے دستبرداری کی وجہ بتایا ہے۔ اس حوالے سے مچل اسٹارک کا کہنا ہے کہ چیمپئنز ٹرافی نہ کھیلنے کی کئی وجوہات تھیں، ان میں کچھ ذاتی تھیں، میرے ٹخنے میں مسلسل درد رہ رہا تھا، میں اسے آرام دینا چاہتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ابھی جلد بھارتی لیگ بھی شروع ہونے والی ہے، لیکن سب سے بڑھ کر ٹیسٹ چیمپئن شپ کا فائنل ہے، میں اپنی باڈی کو ٹیسٹ کے فائنل کے لیے تیار رکھنا چاہتا ہوں۔ مچل اسٹارک کا یہ بھی کہنا ہے کہ اگلے 2 ماہ میں کچھ کرکٹ کھیلوں گا تو پھر ٹیسٹ کے فائنل کے لیے تیار ہوں گا۔ میرے ٹخنے میں مسلسل درد رہ رہا تھا، میں اسے آرام دینا چاہتا تھا' کچھ وجوہات ذاتی تھیں، گفتگو کہ ابھی جلد بھارتی لیگ بھی شروع ہونے والی ہے، لیکن سب سے بڑھ کر ٹیسٹ چیمپئن شپ کا فائنل ہے، میں اپنی باڈی کو ٹیسٹ کے فائنل کے لیے تیار رکھنا چاہتا ہوں۔ مچل اسٹارک کا یہ بھی کہنا ہے کہ اگلے 2 ماہ میں کچھ کرکٹ کھیلوں گا تو پھر ٹیسٹ کے فائنل کے لیے تیار ہوں گا۔

آسٹریلیا پاکستانی لڑکیوں کو کرکٹ میں بااختیار بنا رہا ہے، آسٹریلین ہائی کمشنر

کھیل زندگی بدلنے، مواقع پیدا کرنے اور لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے کی طاقت رکھتے ہیں، نیل ہاکنز

اسلام آباد (زیڈ این این) آسٹریلیا کے ہائی کمیشن نے کنیرڈ کالج برائے خواتین اور پاکستان کرکٹ بورڈ کے ساتھ مل کر چھٹی کنیرڈ گرلز کرکٹ کپ کا انعقاد کیا، جہاں پاکستانی اسکولوں کی لڑکیوں نے نہ صرف کرکٹ کھیلی بلکہ اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، قیادت کی اور روایتی رکاوٹوں کو توڑنے کی کوشش کی۔ یہ ٹورنامنٹ خاص طور پر ایسے علاقوں کی لڑکیوں کے لیے رکھا گیا تھا جہاں کھیلوں کے مواقع کم ہوتے ہیں، تا کہ ہر طبقے کی لڑکیاں اپنے ٹیلنٹ کو دکھا سکیں۔ پاکستان میں آسٹریلیا کے ہائی کمشنر نیل ہاکنز نے کھلاڑیوں کی محنت اور جوش کو سراہتے ہوئے کہا کہ آسٹریلیا اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ کھیل زندگی بدلنے، مواقع پیدا کرنے اور لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے کی طاقت رکھتے ہیں۔ ہمیں خوشی ہے کہ ہم پاکستان میں خواتین کرکٹ کو آگے بڑھانے میں اپنا حصہ ڈال رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جبکہ مردوں کی ٹیمیں عالمی چیمپئنز ٹرافی میں ایک دوسرے کے خلاف کھیل رہی ہیں، آج ہم نے مستقبل میں سرمایہ کاری کی پاکستانی لڑکیوں کو وہ موقع دیا کہ وہ خود کو منوا سکیں اور ایک دن اپنے صوبے یا ملک کی نمائندگی کرنے کا خواب پورا کر سکیں۔ ٹورنامنٹ سے پہلے، کھلاڑیوں کے لیے تین روزہ کوچنگ کیمپ رکھا گیا، جس میں پاکستان کی قومی خواتین کرکٹ اور کم عمر کھلاڑیوں کی ٹیم کی کرکٹرز نے ٹریننگ دی۔ دو ہزار سولہ سے اب تک

لاہور: جناح پولو فیلڈز کے زیر اہتمام سرسبز چوتھی پریذیڈنٹ آف پاکستان پولو کپ برائے نیشنل اوپن چیمپئن شپ 2025 میں اولمپیا لائے زیڈ بی اور ایف جی کے درمیان میچ کا منظر

لاہور: وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمٰن انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ کی 126 ویں سالانہ تقریب میں فیکلٹی ممبرز اور طلبہ کے ساتھ رسہ کشی مقابلے میں حصہ لے رہے ہیں

ایرانی ڈرون پروگرام کی مالی معاونت کے نیٹ ورک پر امریکی پابندیاں عائد

بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں کی منتقلی کے لیے استعمال ہونے والے ذرائع کو نشانہ بنایا گیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خزانہ کے دفتر برائے غیر ملکی اثاثہ جات کنٹرول (او ایف اے سی) نے ایک نئے بیان میں ہانگ کانگ اور چین میں قائم چھ اداروں پر پابندیاں عائد کرنے کا اعلان کیا ہے جو ایران کے لیے ڈرون کے پرزے خریدنے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈرون فنانسنگ نیٹ ورک پر پابندیاں لگائی گئیں۔ جاری بیان میں کہا گیا کہ یہ کمپنیاں ایرانی کمپنی پشتازان کاوش گوستر بیشرہ کی جانب سے کام کر رہی تھیں۔ یہ اس سے قبل امریکی محکمہ خزانہ کی پابندیوں کی فہرست میں شامل تھی۔ اس کی ایک ذیلی کمپنی نرین سپر موبین بھی پابندی کی زد میں آئی۔ یہ کمپنیاں ڈرونز کی تیاری کے لیے ضروری پرزے خریدتی تھیں۔ امریکی محکمہ خزانہ کے بیان کے مطابق مذکورہ دو ایرانی کمپنیاں ایران کے ڈرون اور بیلسٹک میزائل پروگرام کی بڑی سپلائرز ہیں۔ پابندی کی زد میں آنے والی کمپنیاں ڈرون کے ضروری پرزہ جات کی خریداری اور منتقلی کرتی ہیں۔ بیان میں اشارہ کیا گیا کہ یہ پابندیاں امریکی صدر ٹرمپ کی جانب سے تہران کے خلاف شروع کی گئی زیادہ سے زیادہ دبا کی مہم کے دائرہ کار میں آتی ہیں۔ پابندیوں کا مقصد ان ایرانی کمپنیوں کی اپنی سپلائی چین کو دوبارہ بنانے اور غیر ملکی سپلائرز سے ضروری اجزا کو محفوظ بنانے کی کوششوں کو ناکام بنانا ہے۔ امریکی وزیر خزانہ سکاٹ بیسنٹ نے کہا: ایران اپنے ڈرون ہتھیاروں کے پروگرام کو بڑھانے کے لیے کلیدی اجزا حاصل کرنے کے نئے طریقے تلاش کر رہا ہے۔ یہ نئی فرنٹ کمپنیوں اور تیسرے ممالک میں سپلائرز کے ذریعے کیا جا رہا ہے۔ بیان میں یہ بھی کہا گیا کہ امریکی وزارت خزانہ نے ان منصوبوں کو ناکام بنانے کے اپنے عزم کی بھی توثیق کی ہے جو ایران کو ملک سے باہر مہلک ہتھیار بھیجنے کے قابل بناتے ہیں تا کہ دہشت گرد پراکسیوں کی حمایت کی جا سکے۔ دفتر برائے غیر ملکی اثاثہ جات کنٹرول (OFAC) نے اس سے قبل ہانگ کانگ میں قائم کمپنیوں کے نیٹ ورک پر پابندیاں عائد کی تھیں۔ اس نیٹ ورک میں شامل کمپنیاں ایرانی ڈرون اور میزائل پروگرام کو حساس مغربی مواد اور ٹیکنالوجیز فراہم کر رہی تھیں۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ یہ پابندیاں صدارتی ایگزیکٹو آرڈر کے تحت لگائی گئی ہیں جس میں بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں کے پبلشرز اور ان کی نقل و حمل کے لیے استعمال ہونے والے ذرائع کو نشانہ بنایا گیا ہے۔

اس تصویر میں غزہ میں نصیرت میں ایک حماس اہلکار ریڈ کراس کی گاڑیوں کے قافلے کے ساتھ) اے ایف پی / بشر طالب(

اسرائیل کی طرف سے رہا کیے گئے فلسطینی قیدی، 27 فروری 2025 کو خان یونس پہنچ رہے ہیں) اے ایف پی(

ہمارا اتحاد امریکا کیلئے غنیمت ہے، یورپی یونین کا ٹرمپ کو جواب

ٹرمپ کو اپنے ملک کے لیے ہماری مہربانیوں کا شکر گزار ہونا چاہیے، یورپی کمیشن

واشنگٹن (این این آئی) ڈونلڈ ٹرمپ کے صدر منتخب ہونے کے بعد انہوں نے یورپی ممالک پر وقفے وقفے سے تنقید کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فرانسیسی صدر عمانویل میکروں کے دو روز قبل واشنگٹن کے دورے کے باوجود ٹرمپ نے یورپی یونین پر تنقید کی ہے۔ گزشتہ روز ٹرمپ نے کہا کہ یورپی یونین کا قیام امریکہ کو نقصان پہنچانے کیلیے کیا گیا تھا تاہم یورپی ممالک کی طرف سے ان کے متنازعہ بیانات پر سخت ردعمل آیا ہے۔ یورپی کمیشن نے یونین کو ریاستہائے متحدہ امریکہ کے لیے ایک نعمت قرار دیا۔ یورپی یونین نے کہا ہے کہ ریپبلکن امریکی صدر کو اپنے ملک کے لیے ہماری مہربانیوں کا شکر گزار ہونا چاہیے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یورپی کمیشن کے ترجمان نے ایک بیان میں کہا کہ یورپی یونین دنیا کی سب سے بڑی آزاد تجارتی منڈی ہے۔ یہ امریکہ کے لیے ایک اعزاز ہے۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں تمام یورپی اور امریکی شہریوں اور کمپنیوں کے لیے ان مواقع کو یکساں طور پر محفوظ رکھنے کے لیے مل کر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا، نہ کہ ایک دوسرے کے خلاف مہم چلانے کی۔ انہوں نے زور دیا کہ یونین نے ایک بڑی اور مربوط سنگل مارکیٹ بنا کر امریکہ کو تجارت میں سہولت فراہم کی ہے، امریکی برآمد کنندگان کے لیے لاگت کو کم کیا ہے اور 27 ممالک میں متحد معیارات اور ضوابط بنائے ہیں

فلسطینی عوام کے حقوق کی خلاف ورزی مسترد کرتے ہیں، سعودی عرب

جنیوا (این این آئی) سعودی عرب نے فلسطینی عوام کے حقوق کی خلاف ورزی سے انکار پر زور دیا ہے۔ یہ خلاف ورزی چاہے آبادکاری کی پالیسیوں کے ذریعے ہو یا زمین سے الحاق یا جبری نقل مکانی کے ذریعے ہو۔ سعودی عرب نے 1967 کی سرحدوں پر ایک ایسی فلسطینی ریاست جس کا دارالحکومت مشرقی القدس ہو کے قیام کی حمایت میں اپنے مضبوط موقف کا اعادہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات مملکت کے اقوام متحدہ میں مستقل نمائندے السفیر عبدالمحسن بن خثیلہ کی تقریر کے دوران سامنے آئی۔ اقوام متحدہ میں سعودی عرب کے مستقل مشن نے جنیوا میں مقبوضہ فلسطینی علاقے میں انسانی حقوق کی صورتحال کے حوالے سے انسانی حقوق کے ہائی کمشنر کے ساتھ انٹرایکٹو ڈائیلاگ میں شرکت کی۔ سعودی عرب نے فلسطینی عوام کی حمایت کے لیے اپنی سفارتی اور انسانی کوششوں کو جاری رکھنے پر زور دیا اور اس بات کا اعادہ کیا کہ فلسطینی عوام کو بین الاقوامی جواز کی قراردادوں کے مطابق مکمل جائز حقوق دیے بغیر دیرپا اور منصفانہ امن کا حصول ممکن نہیں ہے۔ فلسطینیوں کے مکمل حقوق دیے بغیر دیرپا اور منصفانہ امن کا حصول ممکن نہیں، مندوب برائے اقوام متحدہ فلسطینی عوام کے حقوق کی خلاف ورزی مسترد کرتے ہیں، سعودی عرب انسانی حقوق کے ہائی کمشنر کے ساتھ انٹرایکٹو ڈائیلاگ میں شرکت کی۔

ایران نے یورینیم افزودگی کی رفتار تیز کر دی، آئی اے ای اے؛ ایران کے پاس

جوہری ہتھیار نہیں مگر اتنی بڑی مقدار میں افزودہ یورینیم موجود ہے، رپورٹ

تہران (این این آئی) جوہری ہتھیاروں کی مانیٹرنگ کے لیے قائم بین الاقوامی واچ ڈاگ کے ادارے نے خبردار کیا ہے کہ ایران نے جوہری ہتھیار بنانے کے لیے اعلیٰ ترین درجے میں یورینیم کی افزودگی کا عمل تیز کر دیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس امر کا اظہار بین الاقوامی جوہری 'واچ ڈاگ' 'آئی اے ای اے' کی اقوام متحدہ میں پیش کردہ رپورٹ میں کیا گیا۔ جوہری ادارے نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ آٹھ فروری کو ایران کے پاس 274.8 کلوگرام کی مقدار میں یورینیم موجود تھی۔ یہ یورینیم 60 فیصد تک افزودہ ہے۔ لیکن اس سے بھی اہم بات یہ ہے کہ پچھلے سال ماہ نومبر میں ایرانی جوہری پروگرام کے بارے میں اسی ادارے کی رپورٹ میں ایران کی ظاہر کردہ افزودہ یورینیم میں 92 کلوگرام سے زائد کا اضافہ دکھایا گیا ہے۔ افزودہ یورینیم میں یہ اضافہ ایران نے محض تین سے چار ماہ کے دوران ممکن بنا لیا ہے۔ 2024 کی جوہری 'واچ ڈاگ' 'ادارے کی' رپورٹ میں کہا گیا ہے ایران کے پاس افزودہ یورینیم کی مقدار اگست تک 164.7 کلوگرام کی مقدار میں تھی۔ ماہ نومبر یہ مقدار 182 کلوگرام سے زیادہ ہوگئی اور اب اس سے بھی زیادہ ہو چکی ہے۔ 'واچ ڈاگ' کے مطابق ایران واحد ایسا ملک ہے جو جوہری ہتھیار تو نہیں رکھتا مگر اس کے پاس اتنی بڑی مقدار میں افزودہ یورینیم موجود ہے۔ جو ہتھیار بنانے کے اسے قریب تر کر دیتا

مغربی کنارا ابھی جنگ کا میدان بن رہا ہے، انروا سربراہ کا انتباہ

مغربی کنارے میں پبلک انفراسٹرکچر کی تباہی بھی جاری ہے، فلپ لازارینی

غزہ (این این آئی) مقبوضہ مغربی کنارے میں مسلسل جاری اسرائیلی فوج کی جنگی کارروائیوں کے پھیلنے کے بعد انروا کے سربراہ نے بھی بین الاقوامی برادری کو خبردار کرنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مغربی کنارا میدان جنگ بن رہا ہے، میڈیا رپورٹس کے مطابق فلسطینی پناہ گزینوں کے لیے ریلیف کا کام کرنے والے ادارے کے سربراہ فلپ لازارینی نے اسرائیلی فوج کے کے پھیلے ہوئے آپریشنز کے حوالے سے کہا کہ پچھلے ماہ کے دوران درجنوں افراد جو 50 سے زائد ہیں ہلاک کر دیے گئے ہیں۔ اب مغربی کنارا بھی ایک میدان جنگ بن رہا ہے۔ لازارینی نے اس امر کا اظہار سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنی تازہ پوسٹ میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان ہلاک کیے گئے افراد میں فلسطینی بچے بھی شامل ہیں۔ انروا کے سربراہ نے اس قتل و غارت گری کے سلسلے میں کہا کہ یہ لازما بند ہونی چاہیے۔ لازارینی نے کہا کہ مغربی کنارے میں پبلک انفراسٹرکچر کی تباہی بھی جاری ہے۔ اسرائیلی فوج کے بلڈوزر سڑکیں تک تباہ کر رہے ہیں۔ تا کہ مقامی لوگوں کو اسرائیلی فوج تک پہنچنے کے راستے ہی بند ہو جائیں۔ ہر طرف خوف ، غم اور بے یقینی کی فضا غالب ہے۔ لازارینی نے کہا کہ مغربی کنارے میں پبلک انفراسٹرکچر کی تباہی بھی جاری ہے۔ اسرائیلی فوج کے بلڈوزر سڑکیں تک تباہ کر رہے ہیں۔ تا کہ مقامی لوگوں کو اسرائیلی فوج تک پہنچنے کے را

فلسطینی قیدی غزہ پہنچ گئے، حماس دوسرے مرحلے کے لیے تیار

باقی ماندہ اسرائیلی قیدیوں کو رہا کرنے کا واحد راستہ جنگ بندی معاہدے پر عمل کرنا ہے، حماس

غزہ (این این آئی) غزہ میں ایک نازک جنگ بندی کے فریم ورک کے اندر قیدیوں کے تبادلے کے ایک حصے کے طور پر حماس کی طرف سے چار اسرائیلی قیدیوں کی لاشیں اسرائیل کے حوالے کرنے کے کچھ ہی دیر بعد سینکڑوں فلسطینیوں کی رہائی شروع ہوگئی ہے۔ دوسری جانب حماس نے جنگ بندی کے معاہدے اور مذاکرات کا دوسرا مرحلہ شروع کرنے کے لیے اپنی تیاری کی تصدیق کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حماس نے ایک بیان میں اعلان کیا کہ پٹی میں باقی ماندہ اسرائیلی قیدیوں کو رہا کرنے کا واحد راستہ جنگ بندی معاہدے پر عمل کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ دوسرے مرحلے کے مذاکرات شروع کرنے کے لیے تیار ہیں۔ دریں اثنا اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو کے دفتر نے تصدیق کی کہ اسرائیل کو 4 اسرائیلیوں کی باقیات لے جانے والے تابوت موصول ہوئے ہیں۔ یہ لاشیں تزاچی ایڈان، اتزیک ایلگارات، اوہاد یاہلومی اور شلومو منصور کی ہیں جنہیں 7 اکتوبر 2023 کے حملے میں گرفتار کیے گئے تھے۔ انہوں نے ایک بیان میں لاشوں کی شناخت کے لیے ان کی فی الحال ابتدائی جانچ کی جا رہی ہے۔ پھر یہ عمل مکمل ہونے کے بعد ان کے اہل خانہ کو باضابطہ اطلاع بھیج دی جائے گی۔ یہ فلسطینی قیدیوں کی 12 بسوں میں غزہ کے جنوب میں واقع خان یونس کے یورپی اسپتال پہنچے اور 97 فلسطینی قیدیوں کو مصر پہنچانے کے لیے رفح کراسنگ سے بیرون ملک منتقل کیا جائے گا۔

اس تصویر میں لاگوس میں ایک ہائی وے پر آئل ٹینکر کے پھٹنے کے بعد جلی ہوئی کاروں کے درمیان راہگیر چل رہے ہیں۔ حادثے میں نو افراد مارے گئے تھے) اے ایف پی(

سوڈانی دارالحکومت خرطوم کے مغرب میں گر کر تباہ ہونے والے فوجی طیارے کے ملبے کا معائنہ کر رہے ہیں) اے ایف پی(

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

فیسکو جھنگ سرکل میں بجلی کو صورتحال مستحکم ہے

ماہ رمضان میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں: ایس ای فیسکو

جھنگ (اصغر بھٹی سے/قوت) ایس ای فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ نے کہا کہ فیسکو جھنگ سرکل میں بجلی کو صورتحال مستحکم ہے ماہ رمضان میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں فیسکو افسران اور لائن سٹاف کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئی ہیں رمضان المبارک میں سحری، افطاری اور تراویح کے اوقات میں ایکسینز، ایس ڈی اوز اور دیگر عملہ فیلڈ میں ہوگا تاکہ روزہ داروں کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے گزشتہ روز رمضان المبارک میں صارفین کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے حوالے سے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سرکل بھر میں میٹریل کی کمی نہیں ہے کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے فیسکو افسران اور لائن سٹاف ہمہ وقت الرٹ رہیں گے فیسکو سرکل جھنگ میں لاکھوں کی تعداد میں کنزیومرز ہیں اور سب کو مسلسل بلاتعطل بجلی فراہم کرنے کی بھرپور کوشش کی جائے گی تاہم کہیں بھی ٹرپنگ، معمولی نقص اور مقامی کمپلینٹ کی صورت میں فوری ایکشن لے کر شکایات کا ازالہ کیا جائے گا مدثر علی شیخ نے مزید کہا کہ رمضان المبارک سے قبل کمزور ٹرانسفارمرز، بوسیدہ تاریں و دیگر مرمتی کام مکمل کر لیا گیا ہے تاکہ صارفین کو بہترین وولٹیج کے ساتھ بجلی کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے

بے شمار نعمتوں کے حصول پر شکرانے کا موقع ملتا ہے: زاہد عمران کوروٹانہ

رمضان المبارک کی ایک ایک گھڑی قیمتی ہے خوب فائدہ اٹھانا چاہیے: ضلعی امیر

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) رمضان المبارک بابرکت اور عظمت والا مہینہ ہے توبہ کا بہترین موقع اور مخلوق کی خدمت کر کے نیکیوں میں کئی گنا اضافہ کیا جاسکتا ہے ماہ برکت کی ایک ایک ساعت قیمتی ہے خوب فائدہ اٹھانا چاہیے اس مہینے میں مخلوق کی خدمت کر کے اللہ تعالی کا قرب حاصل کیا جاسکتا ہے ان خیالات کا اظہار جماعت اسلامی کے ضلعی امیر زاہد عمران کوروٹانہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا جہاں تک ممکن ہے دکھی اور ضرورتمند لوگوں کی مدد کریں تاکہ وہ بھی رمضان المبارک کی برکتوں سے مستفید ہوں سکیں اللہ تعالی نے ماہ رمضان کی صورت میں ہمیں بے شمار رحمتیں اور برکتیں عطا کی ہیں ہمیں بے شمار نعمتوں سے شکرانے کا موقع ملتا ہے۔

حکومت پنجاب کی پالیسیوں پر عملدرآمد یقینی بنا رہے ہیں۔ عبدالحئی بھٹی

کمپیوٹرائزڈ رجسٹریشن سسٹم عملاً رائج ہے۔ سب رجسٹرار رورل سیالکوٹ

شہریوں کے اثاثہ جات و جائیدادوں کی رجسٹریشن کا جدید کمپیوٹرائزڈ نظام و حکومت پنجاب کی پالیسیوں پر عمل پیرا ہیں۔ رجسٹریشن کی غرض سے آنیوالے فروخت کنندہ و خرید کنندہ ہر دو فریقین سے مکمل اپریزل کرتے ہوئے پراسس کے بعد کمپیوٹرائزیشن باقاعدہ مکمل دستاویزات چیکنگ کے بعد انکی کمپیوٹر رجسٹریشن کرتے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار سب رجسٹرار رورل سیالکوٹ عبدالحئی بھٹی سابقہ اسٹنٹ کمشنر پسرور نے سنیئر میڈیا نمائندگان کیساتھ خصوصی ملاقات کے موقع پر کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت کی بہترین پالیسیز اور کمپیوٹرائزڈ آن لائن نیٹ ورکنگ سے رجسٹریشن کا عمل انتہائی فول پروف و جدید ہو چکا ہے۔ مزید یہ کہ کمپیوٹرائزڈ اراضی ریکارڈ سنٹر کے ساتھ آن لائن سسٹم آپریٹنگ سے کسی قسم کی متوقع جعلسازی کا امکان بھی ختم ہو چکا ہے جس سے شہریوں کو بہترین سہولیات بہم پہنچا رہے ہیں۔

رانا ندیم و فیصل خان سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کا قیمتی اثاثہ تھے۔ اظہر حمید بھٹی

دونوں مرحوم دوستوں کے لواحقین سے دلی تعزیت کرتے ہیں۔ بیرسٹر ابوبکر بھٹی

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) سیالکوٹ چیمبر آف کامرس و سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کے درخشاں ستارے رانا ندیم احمد سابقہ چیئرمین پی ایم اے ولاء اینڈ آرڈر کمیٹی اور سابقہ سنیئر نائب صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری فیصل محمود خان کی اچانک وفات پر انتہائی دکھ ہوا بلاشبہ دونوں دوست سیالکوٹ کے صنعتکاروں کے مسائل ہوں یا بزنس پروموشنز کیلئے اقدامات ان کی خدمات ناقابل فراموش رہی ہیں ان باتوں کا اظہار معروف بزنس مین اظہر حمید بھٹی و ڈائریکٹران ساتھ انڈسٹریز بیرسٹر ابوبکر بھٹی اور عباد اظہر بھٹی نے میڈیا میں اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں کیا۔ اظہر حمید بھٹی نے کہا کہ دونوں مرحومین کی بلندی درجات کیلئے دعا گو ہیں اور مرحومین کے خاندانوں کیساتھ اظہار تعزیت کرتے ہوئے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالی انکے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

جہلم ماہ رمضان سے قبل یوٹیلیٹی سٹورز پر کوکنگ آئل گھی آٹا چاول دالیں ناپید

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ماہ رمضان سے قبل یوٹیلیٹی سٹورز پر کوکنگ آئل گھی آٹا چاول دالیں ناپید ہیں اندرون شہر میں قائم یوٹیلیٹی سٹوروں پر گزشتہ کئی ماہ سے کوکنگ آئل گھی آٹا دالوں کی فراہمی بند ہے، تفصیلات کے مطابق حکومت پاکستان کی عدم توجہی کے باعث یوٹیلیٹی سٹورز پر پچھلے کئی ماہ سے مختلف کمپنیوں کے کوکنگ آئل گھی سمیت اشیاء ضروریہ کی فراہمی بند ہے جس کے باعث شہریوں کو اشیاء کی خرید وفروخت کرنے میں دشواری کا سامنا ہے جبکہ سماجی، رفاعی شہری تنظیموں کے عمائدین کا کہنا ہے کہ کل سے رمضان المبارک شروع ہو رہا ہے اس کے باوجود یوٹیلیٹی سٹورز پر کوکنگ آئل سمیت دیگر اشیاء ضروریہ کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے تاکہ غریب سفید پوش طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد حکومتی ریلیف سے مستفید ہو سکیں۔

رمضانُ کی آمد پر گیس لوڈ شیڈنگ جاری: سید عارف حسین شاہ

شہری مشکلات کا شکار ہیں لوڈ شیڈنگ استثناء چاہیئے، کھروٹہ سیداں پریس کلب



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) کھروٹہ سیداں اور گردونواح میں رمضان المبارک کے موقع پر بھی گیس کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ جاری جس سے گھریلو خواتین شدید پریشانی کا شکار ہیں۔ کھروٹہ سیداں سیالکوٹ میں گیس لوڈ شیڈنگ نے ادھم مچادی ہے۔ ان باتوں کا اظہار سرپرست اعلیٰ کھروٹہ سیداں پریس کلب سید عارف حسین شاہ و عہدیداران نے مشترکہ طور پر پریس ریلیز میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پائپ گیس لائن کنکشنز میں صبح 30:6 بجے گیس شروع ہوتی ہے جو کہ دو ڈھائی گھنٹے بعد غائب ہو جاتی اسی طرح دوپہر کو گیس نہیں ہوتی رات کو 30:9 بجے کے بعد مکمل غائب ہو جاتی ہے ان اوقات میں لوگ کوئی مہمان آجائے تو کھانا تو دور کی بات چائے بھی نہیں پلا سکتے سوئی گیس ملازمین کو پوچھنے پر کہتے ہیں پائپو میں پانی چلا گیا ہے اس کی صفائی کر رہے ہیں جلد ٹھیک ہو جائے گی کب تک ہوگی پائپوں کی صفائی کب گیس کا معاملہ ٹھیک ہوگا کسی کو کوئی پتہ نہیں صارفین نے وزیراعظم پاکستان اور محکمہ سوئی گیس کے اعلی حکام سے سوئی گیس کے بحران کو فوری حل کرنے کا مطالبہ کیا ہے

بھلوال کے سالانہ امتحانات کے رزلٹ کی ایک تقریب کا انعقاد

مہمان خصوصی عامر ضمیر شاہ۔ میڈیم افضالہ نورین پرنسپل ریڈر کالج بھلوال تھیں

READER GRAMMAR SCHOOL BHALWAL CAMPUS

بھلوال (تحصیل رپورٹر) ریڈر اردو گرائمر سکول بائی پاس بھلوال کے سالانہ امتحانات کے رزلٹ کی ایک تقریب منعقد ہوئی جس میں مہمان خصوصی عامر ضمیر شاہ۔ میڈیم افضالہ نورین پرنسپل ریڈر کالج بھلوال اور صدر وسیم مختار سیکرٹری عمران ارشد بار بھلوال رانا جاوید اختر صدر پوڑی نے شرکت کی اور طالب علموں میں شیلڈ تقسیم کی گئی اور طالب علموں کی حوصلہ افزائی کی گئی

ڈی پی او حافظ آباد عاطف نذیر نے اردل روم کا انعقاد کیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈی پی او حافظ آباد عاطف نذیر نے اردل روم کا انعقاد کیا جس میں انسپکٹر سے کانسٹیبل رینک کے پولیس افسران و جوان پیش ہوئے۔ ڈی پی او حافظ آباد نے 01 پولیس افسر کو جبری ریٹائر جبکہ 12 پولیس افسران کے انکریمنٹ سٹاپ، 02 پولیس آفیسران کو نوکری سے برخاست جبکہ 05 پولیس افسران کو سنشور کی سزائیں دیں۔ ڈی پی او حافظ آباد کا کہنا تھا کہ اگر کسی بھی پولیس آفیسر نے اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کیا، ڈیوٹی میں غفلت اور کوتاہی سے کام لیا، تھانہ جات میں عوام الناس کو انصاف فراہم کرنے میں ناکام رہے، وہ اپنے آپ کو محکمانہ سزاؤں کے لیے تیار رکھے۔ ڈی پی او حافظ آباد کا مزید کہنا تھا کہ پولیس میں خود احتسابی کے عمل کے تحت اردل روم کا انعقاد روزانہ کی بنیاد پر ہو رہا ہے اور تمام ایسے پولیس افسران وجوان جو کہ پبلک سروس ڈیلیوری میں کوتاہی کا مظاہرہ کریں گے، ان کو محکمانہ خود احتسابی کے عمل سے گزرنا پڑے گا۔

مہر محمد اکرم بھروانہ کی بطور چیف آفیسر ضلع کونسل جھنگ تعیناتی انتہائی خوش آئند ہے

جھنگ (اصغر بھٹی سے/قوت) مہر محمد اکرم بھروانہ کی بطور چیف آفیسر ضلع کونسل جھنگ تعیناتی انتہائی خوش آئند ہے۔ مہر محمد اکرم بھروانہ پہلے بھی بطور چیف آفیسر ضلع کونسل جھنگ تعینات رہے ہیں۔ ان کی تعیناتی کے دوران ضلع بھر سے ریکارڈ ریونیو اکٹھا کیا گیا اس کے علاوہ ان کے دور میں ضلع کونسل جھنگ سے ٹاوٹ مافیا کا مکمل خاتمہ ہو گیا تھا۔ کرپٹ اور کام چور عملہ کے خلاف انکی محکمانہ کاروائیاں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں۔ عوامی وسماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ مہر محمد اکرم بھروانہ جیسے افسر کی تعیناتی سے متعلقہ محکمے سے کرپشن، کام چوری، اقربا پروری اور ٹاوٹ مافیا کا خاتمہ ہوگا۔ ضلع جھنگ اور عوام کی بہتری کے لئے موثر اور پائیدار انتظامات کیے جائیں گے۔ عوامی وسماجی حلقوں نے مہر محمد اکرم بھروانہ کی تعیناتی کو خوش آئند قرار دیا اور امید ظاہر کی ہے کہ موصوف بہترین حکمت عملی کے تحت ضلع جھنگ کی خوبصورتی کو چار چاند لگائیں گے

ملک میں شعبہ صحت، تعلیم وانصاف کی بہتری کے لیے حکومت کے پاس پیسہ نہیں: غلام مصطفی مغل

قصور (بیورو چیف) سابق امیر جماعت اسلامی الہ اباد غلام مصطفی مغل نے کہا ھے کہ ملک میں شعبہ صحت، تعلیم وانصاف کی بہتری کے لیے حکومت کے پاس پیسہ نہیں۔ بجلی کی قیمتوں میں کمی آئی ایم ایف کی اجازت کے بغیر ممکن نہیں۔ ذاتی تشہیر اور وزراء کی مزید فوج بھرتی کرنے کے لیے قومی خزانے میں وافر مقدار میں رقم موجود ھے اس قسم کے کارناموں سے حکمران عوام کو بیوقوف بنا کر ان کے دلوں میں اپنا گھر نہیں بنا سکتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا کے ساتھ کی جانے والی ایک خصوصی گفتگو کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ صحت، تعلیم اور انصاف کی مفت فراہمی حکومتوں کی اولین ترجیحات میں شامل ہوتی ھے جبکہ ہمارے ملک میں چور دروازے سے تخت اقتدار پر براجمان ہونے والے حکمران سب سے پہلے انصاف کا گلہ گھونٹتے ہیں اس کے بعد پھر صحت اور تعلیم کی بربادی کو اپنا فرض اولین سمجھتے ہیں موجودہ حکومت نے سرکاری تعلیمی اداروں اور ہسپتالوں کو نجی شعبہ کے حوالے کر کے غریب آدمی کے پاؤں پر کلہاڑی ماری ہے۔

کوٹ رادھاکشن دارارقم سکول کے زیرِ انتظام سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد

بہترین کارکردگی کے حامل طلبہ وطالبات وسکول ٹیچرز کو شیلڈز انعامات نوازا سے گیا

کوٹ رادھاکشن (نامہ نگار) کوٹ رادھاکشن دارارقم سکول کے زیر انتظام سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد۔ بہترین کارکردگی کے حامل طلبہ وطالبات وسکول ٹیچرز کو شیلڈز انعامات نوازا سے گیا۔ تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب میں بچوں نے مختلف ٹیبلوز بھی پیش کئے جنہیں حاضرین نے بے حد پسند کیا۔ تفصیلات کے مطابق، کوٹ رادھاکشن دارارقم سکول کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد نجی شادی حال میں کیا گیا۔ تقریب میں سی ای او دارارقم سکول عامر محمود چیمہ، ڈسٹرکٹ ڈائریکٹر قصور شعیب شریف، ڈائریکٹر خالد منیر، سینئر نائب صدر چوہدری عارف ندیم ممبر امن کمیٹی میاں خالد سیف اللہ، صدر پریس کلب شوکت الرحمٰن خاں، سمیت دیگر معززین علاقہ، سماجی وصحافی برادری اور طلبہ و طالبات کے والدین نے خصوصی شرکت کی، اس موقع پر بہترین کارکردگی کے حامل طلبہ وطالبات و سکول ٹیچرز کو شیلڈز انعامات سے نوازا گیا، اور انکی حوصلہ افزائی کی گئی۔ تقریب میں بچوں نے مختلف ٹیبلوز بھی پیش کئے جنہیں حاضرین نے بے حد پسند کیا۔ آخر میں سکول انتظامیہ نے آنے والے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

کوٹ رادھاکشن لٹل اینجلز سکول، کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد

کوٹ رادھاکشن (نامہ نگار) کوٹ رادھاکشن لٹل اینجلز سکول، کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد، بہترین کارکردگی کے حامل طلبہ وطالبات کو شیلڈز اور میڈلز دیئے گئے، پروگرام میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے شرکت کی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چوہدری خالد حسین خاں نے کہا کہ بچے ہمارا مستقبل ہیں، طلباء وطالبات کی حوصلہ افزائی ضروری ہے، انہوں نے کہا کہ لٹل اینجلز سکول ایک طویل عرصے سے طلباء وطالبات کی تعلیم وتربیت کا فریضہ انجام دے رہا ہے یہاں سے پڑھ کر بہت سے بچے آج ایک کامیاب زندگی گزار رہے ہیں۔

محکمہ ریونیو نے بلدیہ دوکانوں کے کرایوں میں ہزاروں فیصد اضافہ پر حکم امتناعی

بلدیہ کرایہ داران کا کورٹ کے فیصلے اور لیگل ایڈوائزر چوہدری عمران جاوید ایڈووکیٹ کو خراج تحسین پیش کیا

عارفوالا (امیر احمد خان سے) محکمہ ریونیو نے بلدیہ دوکانوں کے کرایوں میں ہزاروں فیصد کرایوں اضافہ کے ساتھ اخبار اشتہار کے ذریعہ سے ضلع کونسل پاکپتن میں کرایوں کی بولی کروائی جاری تھی جس پر سینئر قانون دان چوہدری عمران جاوید ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے لاہور ہائی کورٹ سے حکم امتناعی حاصل کر لیا صوبائی حکومت کے رقبہ پر تاجروں نے اپنی مدد آپ کے تحت دوکانات کو تعمیر کیں اور 1967 سے تادم تحریر ہر سال 10 فیصد اضافہ کے ساتھ باقاعدگی سے بلدیہ کو کرایہ ادا کرتے آرہے ہیں حکومت کی جانب سے کرایوں میں ہزاروں فیصد اضافہ کے خلاف تاجروں نے سینئر قانون دان چوہدری عمران جاوید ایڈووکیٹ سپریم کورٹ کے ذریعہ سے لاہور ہائی کورٹ میں رٹ پٹیشن میں موقف اختیار کیا کہ ہماری دوکانوں کی پیمائش میں واضح فرق اور ایکسائز ریٹ پرائیویٹ پراپرٹی سے بھی زائد لاگو کیا گیا ہے۔ جس پر ماہر قانون چوہدری جاوید ایڈووکیٹ کے دلائل کے بعد کورٹ نے 7 اپریل تک حکم امتناعی جاری کر دیا بلدیہ کرایہ داران کا کورٹ کے فیصلے اور لیگل ایڈوائزر چوہدری عمران جاوید ایڈووکیٹ کو خراج تحسین پیش کیا

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت رمضان المبارک بارے اجلاس

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شرینہ جونیجو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی بھی اجلاس میں موجود تھے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ کی زیرصدارت احترام رمضان بارے اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شرینہ جونیجو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل رائے ذوالفقار علی، اسٹنٹ کمشنر ننکانہ، انفارمیشن، سی او ایم سیز سمیت دیگر اداروں کے افسران اجلاس میں موجود تھے۔ اجلاس کے دوران ڈی سی ننکانہ نے اسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ رمضان بازاروں سمیت دیگر چینی کے سٹالز پر اسٹنٹ کمشنرز 24 گھنٹے خصوصی نظر رکھیں، مخیر حضرات کو خیرات کے لیے آٹا چاول و دیگر سامان رعایتی نرخوں پر دیں۔ انہوں نے اسٹنٹ کمشنرز و دیگر افسران کو سختی سے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک کے ایام میں کسی کو ہوٹل کھولنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ ہسپتال، بس اسٹینڈز، عدالتی کینٹینز کو رعایت حاصل ہوگی اور وہ بھی مکمل پردے میں کھول سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ دوکاندار حضرات 3 بجے کے بعد افطاری کا سامان فروخت کر سکیں گے، تین بجے سے پہلے دوکانیں کھولنے والوں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ تمام پرائس مجسٹریٹس روزانہ کی بنیاد پر فیلڈ میں رہے کر احترام رمضان پر مکمل عملدرآمد کروائیں گے اور مہنگے داموں اشیا فروخت کرنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچائیں۔

NANKANA SAHIB

اس رمضان صاحب ثروت افراد عام شہریوں کیلئے بچت بازار سجائیں۔ میجر منصور احمد

مفت دسترخوان پر 1 شخص مستفید ہوتا جبکہ اسکا کنبہ کیا کرتا ہے۔ سابق صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) ماہ رمضان المبارک کی آمد آمد ہے بارگاہ الہی میں دعا ہے اس سال بھی گزشتہ سالوں کی طرح اللہ تعالیٰ ہمیں نیک اعمال کی توفیق عطا فرمائے۔ صاحب ثروت مسلمانوں سے درخواست ہے کہ اس سال مفت سحر و افطار کے دسترخوان سجانے کی بجائے راشن بیگز و بچت بازار سجائے جائیں کہ مفت دسترخوان پر مستحقین تو کھانا کھا لیتے ہیں مگر کیا پتہ انکے بیوی بچے بھوکے سوتے ہوں؟ اللہ کی رضا کیلئے مفلوک الحال مخلوق میں سحر و افطار کے اوقات میں مفت کھانا تقسیم کرنے والے مخیر لوگ ایک سستا بازار قائم کر سکتے ہیں جہاں مہنگی اجناس واشیائے خورد ونوش سبسڈائز کر کے عوام الناس کو مہیا کی جا سکتی ہیں۔ اس سے سفید پوشوں کی خودداری بھی قائم رہے گی کیونکہ اگر کوئی سفید پوش آپ کے دسترخوان سے مفت نہیں کھانا چاہے تو کیا کرے ان باتوں کا اظہار سابق صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میجر منصور احمد آف ٹیمپو انڈسٹریز نے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایسی کاوشوں سے سفید پوش طبقہ عزت نفس کے ساتھ اپنے گھر والوں کو اپنے حق حلال کی کمائی سے روزہ افطار کروانے کے قابل ہوسکے گا۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

انٹرنیشنل سول ڈیفنس ڈے کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا اہتمام

ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ کی ہدایت پر سیمینار میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نعمان علی ڈوگر نے شرکت کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج سول لائن شیخوپورہ کے جناح ہال میں محکمہ سول ڈیفنس پنجاب کے ڈائریکٹر ضمیر حسین کی خصوصی ہدایات پر شیخوپورہ میں بھی انٹرنیشنل سول ڈیفنس ڈے کے حوالے سے آگاہی سیمینار کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ کی ہدایت پر سیمینار میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نعمان علی ڈوگر نے شرکت کی۔ جبکہ اس موقع پر ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر خالد محمود شہزاد، چیف انسٹرکٹر چوہدری محمد حنیف ورک، شاہد اعوان، مدثر ورک کے علاوہ ڈی ای او کالجز، صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن شیخوپورہ امجد گوپے راء ایڈووکیٹ سمیت جنرل سیکرٹری چوہدری شمس بھٹی ایڈووکیٹ اور گورنمنٹ گریجویٹ کالج کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر عبدالرحیم اشرف نے بھی تقریب میں شرکت کی تقریب کے دوران سکولز و کالجز کے طلباء، معززین، سول سوسائٹی و میڈیا نمائندگان اور مختلف محکموں کے افسران و ملازمین بھی آگاہی سیمینار میں موجود تھے۔ تقریب کے مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نعمان علی ڈوگر نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عالمی یوم دفاع منانے کا مقصد تمام شہریوں میں تحفظ کا احساس پیدا کرنا ہے، ملکی سرحدوں کی حفاظت اور موجودہ بڑھتے ہوئے حادثات کے پیش نظر اس بات کی اہمیت سے قطعی انکار نہیں کیا جاسکتا کہ ہر فرد کا شہری دفاع اور ابتدائی طبی امداد کی تربیت حاصل کرنا ناگزیر ہو چکا ہے۔

پیکا ایکٹ جیسے کالے قانون بنا کر عوام سے آزادی رائے نہیں چھینی جا سکتی

ٹیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) حکومتی ایوانوں میں بیٹھے حکمران اپنی کارکردگی بہتر کریں پیکا ایکٹ جیسے کالے قانون بنا کر عوام سے آزادی رائے نہیں چھینی جا سکتی حکومت کو متنازعہ پیکا ایکٹ واپس لینا پڑے گا (محمد الطاف ساقی محمد اشرف تبسم) تفصیلات کے مطابق ممبر ٹیمبر پریس کلب رجسٹرڈ ملک باسط بلال جھکڑ کی طرف سے ٹیمبر پریس کلب کے اعزاز میں پرتکلف ڈنر کا اہتمام چیئرمین ٹیمبر پریس کلب محمد الطاف ساقی صدر محمد اشرف تبسم جنرل سیکرٹری احمد یار نائب صدر محمد اسلم لبھو اور ممبران کی شرکت اس موقع پر چیئرمین ٹیمبر پریس کلب رجسٹرڈ محمد الطاف ساقی کا کہنا تھا کہ حکمران طبقہ اقتدار کے مزے لینے کی بجائے اپنی کارکردگی بہتر کرے آزادی رائے پر ڈاکہ مار کے سب اچھے کی رپورٹ پیش نہیں کی جا سکتی حکومت کو پیکا جیسے کالے قانون واپس لینے ہوں گے محمد اشرف تبسم کا کہنا تھا کہ ہم اپنے صحافی بھائیوں کو کبھی بھی تنہا نہیں چھوڑیں گے

سالانہ مقابلہ گجرانوالہ باڈی بلڈنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام انعقاد

گجرانوالہ اور دیگر اضلاع سے تن سازوں نے شرکت کی

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) حلتن مارکی آناوہ میں باڈی بلڈنگ کا سالانہ مقابلہ گجرانوالہ باڈی بلڈنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام منعقد ہوا جس میں گجرانوالہ اور دیگر اضلاع سے تن سازوں نے شرکت کی جس میں موڑ ایمن آباد کے نوجوان عاشر گورائیہ آف فرینڈز جم نے جونیئر مسٹر ڈویژن گجرانوالہ اور جونیئر مسٹر گوجرانولہ کے دونوں ٹائٹل جیت لیے مہمان خصوصی رضوان مصطفیٰ سیان صاحب سید ابرار شاہ صاحب نے تن سازوں میں انعامات اور میڈلز تقسیم کیے اور اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے نوجوانوں کی صحت مندانہ سرگرمیوں کی طرف رغبت کو خوب سراہا گوجرانولہ باڈی بلڈنگ فیڈریشن کے صدر شہباز احمد مغل نیشنل چیمپئن پاکستان جنرل سیکرٹری آصف علوی جونیئر مسٹر گوجرانولہ وکوچ رانا انوار کوچ فرینڈز جم موڑ ایمن آباد کو باڈی بلڈنگ کا سالانہ مقابلہ کروانے پر مبارکباد دی اور انکی صحت مند معاشرے اور صحت مند نوجوان کے پروگرام کی تعریف کی کہ وہ بہت اچھا کام کر رہے ہیں۔

چاچا کرکٹ صوفی جلیل کی چیف ڈسٹرکٹ آفیسر ہیلتھ اسلم چوہدری سے ملاقات

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) اہم ملاقات کے بعد ہیلتھ آفس سیالکوٹ سٹاف کیساتھ گروپ فوٹو بنوائی۔ دنیا ہوئے کرکٹ میں سیالکوٹ سے تعلق رکھنے والے المشہور صوفی عبدالجلیل المعروف چاچا کرکٹ کی ڈسٹرکٹ آفس ہیلتھ سیالکوٹ میں خصوصی آمد کے

موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ سیالکوٹ ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور عزت کے ساتھ انہیں اپنے آفس میں بٹھایا۔ صوفی عبد الجلیل نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی حکومت میں شعبہ تعلیم وہیلتھ کی طرف بھرپور توجہ دیکھا رہی ہے جو کہ جی سی یونیورسٹی سیالکوٹ سمیت دیگر تعلیمی اداروں اور اسی طرح گورنمنٹ علامہ اقبال ٹیچنگ اسپتال سیالکوٹ و گورنمنٹ سردار بیگم ہسپتال میں ری ویمپنگ کی صورت سمیت دیگر ٹی ایچ کیوز اور بنیادی مراکز صحت کی انفراسٹرکچر بہتری میں خود اپنی آنکھوں سے دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔

چیچہ وطنی میں بچوں کی لڑائی پر فائرنگ، 2 بھائی قتل، تیسرا زخمی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) چیچہ وطنی میں بچوں کی لڑائی پر فائرنگ، 2 بھائی قتل، تیسرا زخمی، ڈی پی او نے فائرنگ کرنے والے 3 مرکزی ملزمان گرفتار کروادیے، دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لئے چھاپے جاری، تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر چیچہ وطنی کے علاقہ 110 / 12L میں بچوں کے مابین ہونے والی لڑائی طول پکڑ گئی اس لڑائی میں ہونے والی فائرنگ سے 2 بھائی رحمان اور عرفان جاں بحق جبکہ تیسرا بھائی عمران زخمی ہو گیا۔ وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان نے سخت نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا، ڈی ایس پی چیچہ وطنی تاثیر ریاض چیمہ اور ایس ایچ او تھانہ صدر چیچہ وطنی مدثر غفار کو موقع پر بھجوایا، ڈی پی او کے بار بار فالو اپ لینے کی وجہ سے پولیس نے فائرنگ کرنے والے 3 مرکزی ملزمان علی رضا، علی حسن اور علی حسین کو گرفتار کر لیا۔

گوجرانوالہ ڈویژن محکمہ اطلاعات ونشریات ثقافت حکومت پنجاب کی ادبی بیٹھک



گوجرانولہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) گزشتہ روز بروز بدھ 4 بجے پنجاب کونسل آف دی آرٹس گوجرانوالہ ڈویژن محکمہ اطلاعات ونشریات ثقافت حکومت پنجاب کی ادبی بیٹھک میں ایک کتاب بُدھا اور دھمپد کی رونمائی کی تقریب ہوئی جس کے خالق جناب اقبال رندھاوا صاحب ہیں جنہوں نے میکس میولر کی کتاب بُدھا اور دھمپد کا انمول ترجمہ کیا۔ جنہیں غلام عباس فراست ڈائریکٹر آرٹس کونسل پروفیسر طاہر ایوب پروفیسر میاں انعام الرحمن پروفیسر مطیع الرحمن سید پروفیسر شبیر حسین شاہ عظیم حسن فیض اللہ جان اور ڈاکٹر انور احمد اعجاز نے اقبال رندھاوا کے ترجمے اور محنت شاقہ پر گفتگو کی۔ اسٹنٹ ڈائریکٹر محمد عرفان میڈم شمسہ گیلانی حسن سردار اعجاز احمد و دیگر افسران بھی موجود تھے۔ گوجرانوالہ کے شاعروں اور ادیبوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

ہیڈ ماسٹر میاں اعجاز احمد کی ریٹائرمنٹ پر الوداعی تقریب

پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بڑھ کر کوئی استاد نہیں ہے: میاں اعجاز احمد

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) گورنمنٹ مڈل سکول مردانہ کے ہیڈ ماسٹر میاں اعجاز احمد مدت ملازمت پورے کرتے ہوئے ریٹائرڈ ہو گئے ان کی خدمات کے اعزاز میں سکول میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں حافظ طاہر محمود آف چک دھید وصاحبزادہ ضیاء الدین احمد جیلانی پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمد ارشاد ماہرین تعلیم عاشق علی رضوان طالب حسین سعیدی محمد طاہر امیر حمزہ شفیق مغل یاسر عرفات محمد عامر سیٹھ نصیر سمیت معززین علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے میاں اعجاز احمد کا کہنا تھا کہ ایک استاد ہونا بہت بڑی سعادت ہے کیونکہ پیغمبر اسلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ایک عظیم پیغمبر تھے تدریس کا شعبہ عزت کا شعبہ ہے ایک استاد بہترین نسل تیار کرتا ہے۔ جو علم کے سمندر میں غوطہ زن ہو کر معاشرے کا ایک بہترین فرد بن جاتا ہے اور ملک و قوم کی ترقی بلندی اور بہتری کے لئے اپنا کردار ادا کرتا ہے ہر قابل انسان کی قابلیت میں ایک استاد کا ہاتھ ہوتا ہے ایک استاد کبھی ریٹائرڈ نہیں ہوتا اس کے لگائے پودے معاشرے کو ثمر دیتے ہیں۔

پتوکی اوباش کی 14 سالہ لڑکے سے زیادتی: مقدمہ درج

بچے کی والدہ نے اعلی حکام سے نوٹس لے کر اوباش ظہور کے خلاف سخت کاروائی کا مطالبہ کیا ہے

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی اوباش کی 14 سالہ لڑکے سے زیادتی کا واقعہ پولیس نے مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیل کے مطابق تھانہ سٹی پتوکی کی حدود پرانی منڈی میں ظہور نامی شخص نے 14 سالہ لڑکے کو بدفعلی کا نشانہ بنا ڈالا متاثرہ بچے کی والدہ کی تحریری درخواست پر اوباش نوجوان کے خلاف پولیس نے مقدمہ درج کر لیا پولیس کے مطابق میڈیکل رپورٹ آنے کے بعد مزید کاروائی عمل میں لائی جائے گی مقدمہ متن کے مطابق میرا بیٹا رحمان سبزی منڈی میں ظہور نامی شخص کے پاس کام کرتا تھا عرصہ 6 ماہ قبل سے میرے بیٹے نے ظہور کے پاس سے کام چھوڑ رکھا تھا اوباش ظہور میرے گھر سے میرے بیٹے کو تھوڑی دیر کا کہہ کر ساتھ لے گیا اور ساری رات بیٹے رحمان کا انتظار کیا مگر وہ واپس نالوٹا دوسرے روز میرا بیٹا لاہور والا اڈہ سے ملا تو اس نے بتایا کہ ظہور نے میرے ساتھ زبردستی بدفعلی کی بیٹے نے بتایا کہ اسکو اولڈ منڈی میں ایک حویلی میں رکھا گیا اور ظہور نے زبردستی زیادتی کا نشانہ بنایا متاثرہ بچے کی والدہ نے اعلی حکام سے نوٹس لے کر اوباش ظہور کے خلاف سخت کاروائی کا مطالبہ کیا ہے۔

فیصل آباد فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے زیر انتظام محفل موسیقی کا اہتمام

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) فیصل آباد فوٹو جرنلسٹس رجسٹرڈ کے زیر انتظام فش پارٹی اور محفل موسیقی کا اہتمام کیا گیا جس میں فوٹو جرنلسٹس کی کثیر تعداد نے شرکت کی پارٹی کا مقصد نئے منتخب فوٹو جرنلسٹس کے عہدیداران وایگزیکٹو ممبران کے اعزاز میں ایک رنگارنگ تقریب کا اہتمام کرنا تھا تقریب کی صدارت نو منتخب صدر محمد طاہر نجفی نے کی جبکہ کے میٹینگ پریذائنڈنگ کے فرائض نو منتخب سیکرٹری تایا بشیر نے سرانجام دیئے تقریب میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے صدر محمد طاہر نے کہا کہ دنیا میں تصویر کشی زندگی کے ہر شعبہ میں ایک خاص اہمیت حاصل کر چکی ہے آج صرف کمی کو اتنی اہمیت حاصل نہیں جتنی بصری کو حاصل ہو چکی ہے عدل وانصاف کی بات ہو یا سول سوسائٹی غرض ہر جگہ تصویر کو اہم ثبوت سمجھا جانا بڑی اہمیت کا حامل بن چکا ہے اخباری دنیا ہو یا پھر سوشل میڈیا فوٹو گرافی لگی ہوئی ایک تصویر ایک ہزار الفاظ کے برابر سمجھا جائے تو بے جا نہ ہوگا عام موبائل کی فوٹو اور ایک پیشہ ور فوٹو گرافی کی تصویر میں ایک اہم فرق یہی ہے کہ پیشہ ور تصویر ذاتی مفاد سے بالاتر معاشی، معاشرتی اور دیگر تمام انسانی شعبہ زندگی میں ایک اثر رکھتی ہے۔

ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ ٹاور چوک کو وسیع کرنے بارے اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ کی زیرصدارت پکسل ٹاور چوک کو وسیع کرنے بارے اجلاس ڈی سی کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شرینہ جونیجو، اسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ، انفارمیشن، سی او میونسپل کمیٹی سمیت دیگر اداروں کے افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چوک کو وسیع کرنے کے حوالے سے سائٹ پلان تیار کر کے ریلوے حکام کو بھجوایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ چوک کو وسیع کرنے کا مقصد شہر کی خوبصورتی میں اضافہ اور لوگوں کو ایکسیڈنٹ سے بچا کر ان کی زندگیوں کو محفوظ بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ فوری کام کا آغاز کیا جائے اور دوران تعمیر ریلوے ٹریک کو ہرگز نہ چھیڑا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پکسل ٹاور چوک میں سپیڈ بریکرز بنائے جائیں، چوک کے اطراف میں نو پارکنگ کے بورڈز آویزاں کیے جائیں اور غیر قانونی پارکنگ کرنے والوں کو 02 ہزار روپے جرمانہ کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع کو خوبصورت بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ عملی اقدامات کر رہی ہے۔

پتوکی گھر میں آگ لگنے کے واقعہ میں دوسری بچی بھی جانبحق ہوگئی

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی گھر میں آگ لگنے کے واقعہ میں دوسری بچی بھی جانبحق ہوگئی۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پتوکی کے نواحی علاقہ بلوکی میں گھر کے کچن میں آگ لگنے کا واقعہ سرزد ہوا تھا جس میں ایک معذور بچی موقعہ پر جانبحق ہوگئی تھی اور دوسری آگ میں بری طرح جھلس کر زخمی ہوگئی تھی آگ سے جھلس کر زخمی ہونے والی دوسری معذور بچی بھی زخموں کی تاب نا لاتے ہوئے ہسپتال جا کر دم توڑ گئی اس سے قبل آگ لگنے سے 7 سالہ عائشہ موقع پر جاں بحق ہوگئی تھی جبکہ 3 سالہ سونیا جھلس کر شدید زخمی ہوئی تھی جو ہسپتال پہنچ کر زخموں کی تاب نا لاتے ہوئے دم توڑ گئی۔ آگ سے جھلس کر جاں بحق ہونے والی بچیوں کے گھر ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی کی بلوکی ان کے گھر آمد اور ڈپٹی کمشنر قصور نے آگ سے جھلس کر جانبحق ہونے والی دونوں بچیوں کے لواحقین سے اظہار تعزیت کی۔

بجلی چوری اور نادہندگان کے خلاف مسلسل آپریشن جاری

قصور (بیورو چیف) بجلی چوری کے خلاف آپریشن ایس ای لیسکو سرکل قصور اصغر سکھیرا اور ایکسین لیسکو سٹی ڈویژن معراج خالد کی خصوصی ہدایت پر بجلی چوری اور نادہندگان کے خلاف مسلسل آپریشن جاری ایس ڈی او لیسکو سول ایریا راشد اعوان، ڈویژنل سرویلنس ٹیم نے پاکستان رینجرز، ایلیٹ فورس کے ہمراہ مختلف علاقوں میں آپریشن کیا جس میں سلیم ٹاون، علی پارک، بھٹہ گوریاں والا، بجلی چوروں اور نادہندگان کیخلاف آپریشن کیا گیا۔ دوران آپریشن محکمہ واپڈا کے لاکھوں روپے بقایا جات کی مد میں 04 میٹر ورکیبلز اتار لی گئی ان سے 130000 / روپے ریکوری موقع پر وصول کی۔ بجلی چوری میں ملوث 07 افراد کی ڈائریکٹ سپلائی کو کاٹ کر موقع پہ گرفتار کر کے تھانہ صدر پولیس کے حوالہ کر دیا گیا۔ اس موقع پر ایکسین سٹی نے کہا کہ بجلی چوروں اور ڈیفالٹرز کے خلاف اپریشن مزید تیز رفتاری سے ہو گا اور ملوث افراد کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا۔

ملزم کی گرفتاری پر سماجی وسیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین

نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات سے پاک معاشرے کی تشکیل میں اپنا کلیدی کردار ادا کرتے رہیں گے۔ سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم

IJAZ
DSP
SHAKAR ULLAH
SHO

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) گوجرانوالہ (28 فروری 2025ء) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں انہی احکامات کے پیش نظر ڈی ایس پی کینٹ اعجاز احمد کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ کینٹ سب انسپکٹر شکراللہ خان و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیم نے دوران گشت و ناکہ بندی اور تلاش بدرویہ گان اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے منشیات فروشی کے دھندے میں ملوث 01 کس منشیات ڈیلر کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے 11 کلو گرام چرس اور منشیات فروشی میں استعمال ہونے والی آلٹو کار برآمد کر لی۔ گرفتار کیے گئے ملزم کی شناخت محمد جمیل کے نام سے ہوئی۔ دوران تفتیش ملزم نے انکشاف کیا کہ وہ دوسرے اضلاع سے منشیات لاتا اور ضلع بھر میں نوجوانوں کو منشیات فروخت کرتا تھا۔ ملزم سے مزید تفتیش جاری۔ سماجی وسیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کرنا ناگزیر ہے۔ سی پی او نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایچ او تھانہ کینٹ سب انسپکٹر شکراللہ خان اور انکی پولیس کی ٹیم کو شاباش دی۔

سردار اظہر عباس سیال کو ہیڈ کانسٹیبل سے اسسٹنٹ سب انسپکٹر (ASI) کے عہدے پر پرموٹ کر دیا گیا

جھنگ (اصغر بھٹی سے/قوت) سردار اظہر عباس سیال کو ہیڈ کانسٹیبل سے اسسٹنٹ سب انسپکٹر (ASI) کے عہدے پر پروموٹ کر دیا گیا ہے سردار اظہر عباس سیال 2006 میں اپنی قابلیت کے بل بوتے پر کانسٹیبل بھرتی ہوئے تھے اور 2016 میں ہیڈ کانسٹیبل کے عہدے پر ترقی یاب ہوئے تھے موصوف بطور ہیڈ کانسٹیبل سیکورٹی برانچ سمیت مختلف تھانہ جات میں تعینات رہے ہیں جہاں پر وہ جرائم پیشہ عناصر اور بڑے بڑے ڈرگ ڈیلرز کے خلاف منظم کاروائیاں کرتے رہے ہیں موصوف اب سپیشل برانچ میں تعینات ہیں اور اپنی تعیناتی کے دوران مستند رپورٹ سے کاروائیاں کروا رہے ہیں۔

آل پاکستان مہار اتحاد کنونشن خانیوال میں تقریب رونمائی

دیپالپور (زاہد خان جنجوعہ) آل پاکستان مہار اتحاد کنونشن خانیوال میں تقریب رونمائی ہوئی مہار قوم پر لکھی گئی مستند شاہکار تاریخی کتاب مہار تاریخ کے آئینے میں مصنف محسن مہار قوم ڈاکٹر محمد سرفراز حیات مہار گزشتہ روز وائیں میرج ہال میاں چنوں میں مہار برادری کی پورے پاکستان سے تقریب رونمائی میں کثیر تعداد میں شرکت، جن میں سیاسی، سماجی کاروباری مذہبی شخصیات نے شرکت کی اور ڈاکٹر محمد سرفراز مہار کو شاندار الفاظ میں اپنے آباؤ اجداد کا شجرہ نسب کو تحریری شکل دینے پر خراج تحسین پیش کیا اس تقریب میں سرپرست مہار ویلفیئر فاؤنڈیشن حاجی نور احمد مہار رہنماء پاکستان تحریک انصاف ٹکٹ ہولڈر این اے 138 اوکاڑہ میاں ارشد علی مہار ایڈووکیٹ سپریم کورٹ رہنماء پاکستان تحریک انصاف مر دلیر خان مہار ٹکٹ ہولڈر پی پی 219 ملتان بانی و مرکزی صدر آل آل پاکستان مہار اتحاد کنونشن خانیوال و تقریب رونمائی مہار قوم پر لکھی گئی مستند شاہکار تاریخی کتاب مہار تاریخ کے آئینے میں مصنف محسن مہار قوم ڈاکٹر محمد سرفراز حیات مہار گزشتہ روز وائیں میرج ہال 4 میاں چنوں میں مہار برادری کی پورے پاکستان سے تقریب رونمائی میں کثیر تعداد میں شرکت جن میں سیاسی سماجی کاروباری شخصیات نے شرکت کی اور ڈاکٹر محمد سرفراز مہار کو شاندار الفاظ میں اپنے آباؤ اجداد کا شجرہ نسب کو تحریری شکل دینے پر خراج تحسین پیش کیا اس تقریب میں سرپرست مہار ویلفیئر فاؤنڈیشن حاجی نور احمد مہار، رہنماء پاکستان تحریک انصاف ٹکٹ ہولڈر این اے 138 اوکاڑہ میاں ارشد علی مہار ایڈووکیٹ سپریم کورٹ، مہر محمد خاں مہار مہر عبدالوہاب مہر شفقت مجید مہار میاں محمد حسن مہار ڈپٹی جنرل سیکرٹری مہار اتحاد ابرار نقیبی ارشد مہاروی نے محفل کو چار چاند لگا دیئے نقیبی ارشد مہاروی نے محفل کو چار چاند لگا دیئے۔

مصطفی آباد: سنگین وارداتوں میں ملوث شہبازی گینگ گرفتار، 28 وارداتوں کا انکشاف

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) سنگین وارداتوں میں ملوث شہبازی گینگ گرفتار، 28 وارداتوں کا انکشاف، لاکھوں روپے کی نقدی، موٹر سائیکل، موبائل فون، ناجائز اسلحہ برآمد، مزید تفتیش جاری، تفصیلات کے مطابق ڈی پی او قصور محمد عیسی خاں سکھیرا کے خصوصی احکامات کی روشنی میں سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد حسن عمران سید نے سب انسپکٹر اشفاق کے ہمراہ خفیہ اطلاع پر چھاپہ مار کر ڈکیتی کی نیت سے بیٹھے شہبازی ڈکیت گینگ کے سرغنہ شہباز عرف شہبازی کو ساتھی ہارون سمیت گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے تین لاکھ روپے نقدی، موٹر سائیکل، چار موبائل فون، ناجائز اسلحہ برآمد، ملزمان مصطفی آباد کے نواحی دیہات کی جانے والی روڈز پر اسلحہ کے زور پر راہ گیروں کو لوٹنے کی وارداتیں کرتے تھے، 28 وارداتوں کا انکشاف، ملزمان سے مزید تفتیش جاری، ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد حسن عمران سید نے کہا کہ ڈی پی او قصور محمد عیسی خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں شہریوں کے جان ومال کا تحفظ پہلی ترجیح ہے، شہبازی گینگ کی گرفتاری سے راہ گیروں کو لوٹنے کی وارداتوں میں واضح کمی ہوگی، سماج دشمن عناصر کے خلاف پولیس تھانہ مصطفی آباد متحرک ہے۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ بقیہ جات 1

رجسٹریشن کے پابند کردیا گیا۔ خلاف ورزی کی صورت میں 6 ماہ قید اور 10 لاکھ روپے تک کا جرمانہ ہوگا۔ پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی ویب سائٹ پر 622 غیر قانونی/غیر منظور شدہ اداروں کی فہرست بھی شائع کردی گئی۔ تمام منظور شدہ اداروں کی تفصیل بمعہ کورسز اور تعداد ویب پورٹل میں موجود ہیں۔ طلبہ کی سہولت پی ایس ڈی اے کی ویب سائٹ پر متعلقہ کورسز کے کریکولم آن لائن دستیاب ہونگے۔ ویب سائٹ پر کسی بھی غیر قانونی ادارے سے متعلق آن لائن شکایت بھی درج کرائی جاسکے گی۔ طلبہ ویب پورٹل www.psda.punjab.gov.pk پر آن لائن رجسٹریشن کرا سکتے ہیں۔ طلبہ کے لئے ٹیکنیکل اور ووکیشنل اداروں کی مزید معلومات کے لئے 99231184-042 ہیلپ لائن قائم کردی گئی ہے۔ طلبہ پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی ای میل registration@psda.punjab.gov.pk پر بھی اپنے پیغامات بھیج سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کا کہنا ہے کہ نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر خود روزگار کی طرف گامزن کرنا چاہتے ہیں۔ نوجوان ملک کا قیمتی اثاثہ روزگار کے مواقع مہیا کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 2

سے دوروز میں متوقع ہے۔

بقیہ بقیہ جات 3

حالت نازک ہے جس کے باعث شہادتوں میں اضافے کا خدشہ ہے جبکہ صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ نمازیوں کو نشانہ بنانا مذموم اور گھناؤنا عمل ہے، دہشتگرد ملک و قوم اور انسانیت کے دشمن ہیں۔ جمعہ کو ریسکیو 1122 کے مطابق حقانیہ مدرسہ اکوڑہ خٹک میں دھماکے کی اطلاع ریسکیو کنٹرول روم کو موصول ہوئی، اطلاع ملنے پر ریسکیو ٹیمیں 6 ایمبولینس بمعہ میڈیکل ٹیموں اور فائر ٹیم موقع پر پہنچی۔ سینٹرل پولیس آفس کے مطابق مدرسہ حقانیہ اکوڑہ خٹک میں دھماکا نماز جمعہ کے بعد ہوا ہے۔ آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے کہا کہ حملہ ٹارگیٹڈ تھا جس میں 3 سے 4 افراد شہید ہوئے، حملے میں مولانا حامد الحق نشانہ تھے۔ آئی جی خیبر پختون خوا ذوالفقار حمید کے مطابق جامعہ حقانیہ کی مسجد میں نماز جمعہ کے بعد مبینہ خودکش حملہ کیا گیا۔ آئی جی خیبر پختون خوا نے بتایا کہ مولانا حامد الحق حقانی ہی حملے کا ہدف تھے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ مسجد میں نماز جمعہ کے وقت 25 پولیس اہلکار تعینات تھے۔ آئی جی کے پی نے بتایا کہ مولانا حامد الحق کی سیکیورٹی پر 6 پولیس اہلکار تعینات تھے۔ خیبر پختون خوا کے چیف سیکرٹری شہاب علی شاہ اور آئی جی پولیس ذوالفقار حمید نے دھماکے میں مولانا حامد الحق کے شہید ہونے کی تصدیق کی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق قاضی میڈیکل ہسپتال نوشہرہ میں 5 لاشیں اور 20 زخمی لائے گئے۔ دریں اثناء مولانا حامد الحق کے بیٹے ثانی حقانی نے تصدیق کی ہے کہ دھماکے کے وقت سیکڑوں افراد مسجد میں موجود تھے اور دھماکے میں 4 سے 5 افراد کے جاں بحق ہوئے ہیں اور درجنوں زخمی ہوئے۔ دھماکے کے پولیس کے مطابق دھماکا جمعہ کی نماز کی ادائیگی کے بعد مسجد کے مرکزی ہال میں ہوا۔ سیکیورٹی حکام کے مطابق خودکش دھماکے کی تحقیقات شروع کردی ہے، جائے وقوع سے فورنزک ٹیموں نے شواہد اکٹھے کرلیے ہیں، دھماکے کے بعد نوشہرہ کے ہسپتالوں کے علاوہ پشاور کے تین بڑے ہسپتالوں میں بھی ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہے۔ لیڈی ریڈنگ ہسپتال کے ترجمان کے مطابق انتظامیہ اور طبی عملے کو زخمیوں کے علاج کے لیے تیار رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ دریں اثناء صدر مملکت آصف علی زرداری نے دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک جامع مسجد میں خودکش دھماکے کی مذمت کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 4

یابی کی دعا بھی کی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے کہا کہ اکوڑہ خٹک جامع مسجد میں نماز جمعہ کے بعد بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے۔ دہشتگردی کے خلاف جنگ جیتیں گے، پوری قوم یکسو اور متحد ہے۔

بقیہ بقیہ جات 5

کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے راولپنڈی کے علاقہ کوٹلہ موڑ پر ٹرک اور کار میں تصادم سے 2 خواتین سمیت 4 افراد اور چکوال کے قریب ٹریفک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ و رنج کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سوگوار خاندانوں سے ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہدایت کی کہ غفلت برتنے والے ڈرائیور کے خلاف کارروائی کی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 6

میں جمعیت علمائے اسلام (س) کے سربراہ مولانا حامد الحق سمیت دیگر افراد کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت کیا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ دشمن ملک میں عدم استحکام پیدا کرنے کی گھناؤنی سازش کر رہا ہے، قوم کی حمایت سے دشمن کی ہر سازش ناکام بنائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 7

کے 5 رکنی آئینی بینچ نے بانی پی ٹی آئی کی درخواست پر سماعت کی، اس دوران بانی پی ٹی آئی کے وکیل حامد خان نے 9 مئی کے واقعے پر جوڈیشل کمیشن کی تشکیل سے متعلق دلائل دیے۔ اس موقع پر جسٹس امین الدین خان نے حامد خان سے سوال کیا کہ آپ کی اس درخواست میں استدعا کیا ہے؟ حامد خان نے جواب دیا کہ 9 مئی کے واقعے پر جوڈیشل کمیشن تشکیل دیا جائے، چیف جسٹس اور سپریم کورٹ کے 2 سینئر ججز پر مشتمل کمیشن بنانے کی بات کی ہے، دوسری استدعا ہے کہ سویلین کا ملٹری ٹرائل نہ کیا جائے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ سویلین کے ملٹری ٹرائل سے متعلق استدعا تو آپ کی غیر موثر ہو چکی، سویلین کے ملٹری ٹرائل سے متعلق معاملہ تو الگ سے چل رہا ہے، کیا 184 کی شق 3 میں ہم جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کا معاملہ دیکھ سکتے ہیں۔ بانی پی ٹی آئی کے وکیل حامد خان نے کہا کہ 9 مئی ایک قومی واقعہ ہے لیکن اس کی جوڈیشل انکوائری نہیں ہوئی۔ جسٹس محمد علی مظہر نے استفسار کیا کہ آپ نے ملٹری کورٹس میں سویلین ٹرائل کیس میں جوڈیشل کمیشن کا کہا ہے؟ حامد خان نے جواب دیا کہ نہیں اس کیس میں ہم نے جوڈیشل کمیشن کی تشکیل سے متعلق کوئی استدعا نہیں کی۔ جسٹس مندوخیل نے کہا کہ آپ نے درخواست میں لکھا ہے کہ 9 مئی کے واقعے میں درجنوں شہری ہلاک ہوئے، آپ نے 9 مئی کو ہلاک ہونے والے کسی شہری کا ڈیتھ سرٹیفکیٹ لگایا ہے؟ کوئی ایک سرٹیفکیٹ تو ہمیں دکھا دیتے۔ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ شہری ہلاکتوں کی کہیں کوئی پرائیویٹ شکایت درج ہوئی ہے؟ کوئی ایک آدھ ایف آئی آر کرائی ہو وہی دکھا دیں؟ علاوہ ازیں جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ 9 مئی کے واقعے میں ہلاک افراد سے متعلق کوئی میڈیا رپورٹس ہی لگا دیتے۔ بعد ازاں سپریم کورٹ نے تحریک انصاف کو مزید دستاویزات جمع کرانے کی مہلت دے کر کیس کی سماعت غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 8

لیگ ن کے صدر میاں نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے ملاقات متوقع ہے۔ ذرائع کے مطابق آصف زرداری سے وفاقی وزیر محسن نقوی کی بھی ملاقات کا امکان ہے، ملاقاتوں میں پیپلز پارٹی کو پنجاب میں درپیش مسائل پر تبادلہ خیال کیا جائے گا، ملاقات میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر بھی موجود ہوں گے، پنجاب میں پیپلز پارٹی کے تحفظات دور کرنے کیلئے اہم فیصلے کئے جائیں گے۔ آصف زرداری سے گزشتہ دورہ لاہور کے دوران پیپلز پارٹی جنوبی پنجاب کی تنظیم نے ملاقاتیں کی تھی، اس دورے کے دوران پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے رہنماؤں سے ملاقاتیں ہوں گی، صدر آصف زرداری کی لاہور میں کچھ نجی مصروفیات بھی رہیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 9

کے سینئر رہنما نوید چوہدری کی رہائشگاہ پر ان کی عیادت کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ گورنر خیبر پختونخواہ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ گزشتہ دنوں میں نے امن وامان پر آل پارٹیز کانفرنس طلب کی، کانفرنس میں تحریک انتشار کے علاوہ تمام سیاسی جماعتوں نے شرکت کی، ملک بھر سے علماء و مشائخ کو گورنر ہاؤس پشاور اظہار یکجہتی اور امن کا پیغام دینے کیلئے بلایا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ماہ رمضان کے شروع ہونے سے پہلے دہشتگردی کا واقعہ افسوسناک ہے، اسلام آباد فتح کرنے کا دعوی کرنے والے وزیراعلی خیبر پختونخواہ ضلع کرم میں امن قائم نہیں کرسکے، وزیراعلی دعوی کرتے ہیں کہ وہ بانی پی ٹی آئی کو رہا کروالیں گے، اسلام آباد میں بارود اور اسلحے سے حملہ کرنے والے وزیراعلی ضلع کے پچیس کلومیٹر پر امن قائم نہیں کرسکے، ضلع کرم میں بنکرز کی تعداد 300 یا 700 ہو سوال یہ ہے جب یہ بن رہے تھے اس وقت صوبائی حکومت کہاں تھی۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں کے درمیان مذاکرات نہیں مذاق رات ہو رہے ہیں، پی ٹی آئی کا ون پوائنٹ ایجنڈہ بانی کے لیے این آر او کا حصول ہے بانی پی ٹی آئی کو این آر او حکومت نہیں عدالت نے دینا ہے، پی ٹی آئی والے عدالتوں میں جائیں اگر آپ کے کرتوت اچھے ہوں گے تو ضمانت پر رہائی مل جائے گی، اگر آپ کے کرتوت غلط ہوں گے تو آپ کو سزا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ کو سزا ہونے پر پورے پاکستان میں احتجاجاً ایک ٹائر بھی نہیں جلایا گیا، پی ٹی آئی والے اندرونی طور پر جشن منا رہے ہیں کہ ان کی چودہ سال کیلئے بانی پی ٹی آئی سے جان چھوٹ گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 10

منصوبے مکمل کئے گئے، سپارکو کو پاک چین خلائی تعاون سے بھرپور طریقے سے استفادہ کرنا ہوگا۔ انہوں نے یہ بات جمعہ کو یہاں قومی خلائی ایجنسی، پاکستان سپیس اینڈ اپر ایٹموسفیئر ریسرچ کمیشن اور عوامی جمہوریہ چین کی مینڈ اسپیس ایجنسی کے ساتھ باہمی تعاون کے معاہدے پر دستخطوں کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس کے تحت پاکستان کے پہلے خلاباز کو چینی خلائی سٹیشن تیانگونگ کے مشن پر روانہ کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان خلائی تحقیق میں تعاون کا سمجھوتہ پاک چین دوستی کا ایک نیا باب ہے اور اس سے دونوں ممالک کے درمیان مضبوط دوستی کی عکاسی ہو رہی ہے۔ اس سمجھوتہ سے پہلے پاکستانی خلاباز کو چینی خلائی سٹیشن پر جانے کی تربیت کے مواقع میسر آئیں گے۔ اس سمجھوتہ سے چینی حکومت کی جانب سے دیگر شعبوں کے علاوہ خلائی تحقیق کے شعبہ میں پاکستان کے ساتھ تعاون کو مضبوط کرنے کی بھی عکاسی ہو رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ چین کے صدر شی جن پنگ کے شکرگزار ہیں جنہوں نے نہ صرف اس شعبہ بلکہ 2015 سے چین پاکستان اقتصادی راہداری پر تیزی سے عملدرآمد کی صورت میں پاکستان کے ساتھ تعاون اور ملکی معیشت کو مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کیا، اس عظیم منصوبہ کے ذریعہ پاکستان میں بڑے بڑے منصوبے مکمل کئے گئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان میں سپارکو کے ادارے کا قیام 1961 میں عمل میں آیا تھا مگر ہم نے اس شعبہ میں کوئی خاص ترقی نہیں کی، پاکستان اب چین کے ساتھ اس پروگرام کو آگے بڑھا رہا ہے، ہم نے نہ صرف اس کامیاب بنانا ہے بلکہ لیڈر شپ اور محنت کے ذریعہ اپنے نوجوانوں کیلئے نئی راہیں اور نئے مواقع تلاش کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی امنگوں کو بار آور کرنا ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سپارکو پر اس حوالہ سے بڑی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ سپارکو کو اس تعاون سے بھرپور طریقے سے استفادہ کرنا ہو گا۔ قبل ازیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ آج کے سمجھوتہ سے پاک چین دوستی آسمانوں سے بلند ہوگئی ہے۔ حکومت نے وزیراعظم کی قیادت میں ملک کو ٹیکنالوجی کے ذریعہ آگے بڑھانے کا جو ایجنڈا مرتب کیا ہے اس میں خلائی ٹیکنالوجی بھی اہم شعبہ ہے۔ خلائی ٹیکنالوجی ممالک کی اقتصادی نمو، قومی سلامتی، اور ماحولیاتی وموسمیاتی پائیداریت کی ضمانت بن گئی ہے۔ اندازہ ہے کہ عنقریب یہ ایک ٹریلین ڈالر کی صنعت بن جائے گی۔ مختلف ممالک اس ٹیکنالوجی میں تیزی کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں۔ پاکستان 1961 میں اپنی خلائی ایجنسی قائم کی لیکن بوجوہ ہم اس شعبہ میں اپنی لیڈرشپ برقرار نہ رکھ سکے۔ اڑان پاکستان کے ذریعہ ہم پاکستان کے اس کھوئے ہوئے مقام کو حاصل کرنے مختلف شعبوں میں آگے بڑھنے کے منصوبے بنا چکے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 11

پروگرام میں پی ٹی آئی پر تنقید کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ آپ نے جس ہوٹل میں بکنگ کرائی ہے اگر وہ آپ سے ایس او پیز کے مطابق پاسپورٹ یا شناختی کارڈ لانے کا کہتا ہے تو کیا آپ دینے کے بجائے دیوار پھلانگ کر ایس او پیز پر عمل کرنے سے انکار کردیتے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ پولیس اور ایف سی وہاں سیکیورٹی کے لیے کھڑی تھیں، کیا پولیس نے کسی کو پکڑا یا منتشر کرنے کی کوشش کی؟ طلال چوہدری کا کہنا تھا کہ ان کا رویہ سیاسی نہیں ہے، یہ لوگوں کو ساتھ لے کر نہیں چل سکتے۔ سب سے پہلے انہوں نے سیاسی اتحاد کا سربراہ بنا کر محمود خان اچکزئی کو آگے لگایا۔ وزیر مملکت نے کہا کہ اس کے بعد انہوں نے 26 ویں آئینی ترمیم میں مولانا فضل الرحمان کو آگے لگا کر اپنے تمام مطالبات تسلیم کروالیے، مگر پھر ووٹ تک نہیں دیا، انہیں عزت بھی نہیں دی۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت جو استحکام ہے اس میں ادارے اور حکومت کا بھرپور ساتھ دے رہے ہیں اور حکومت اس پارٹنر شپ کو آگے لے کر چلے گی۔

بقیہ بقیہ جات 12

بھی بند ہیں، ضلع کرم کے صدر مقام پاراچنار سمیت اپر اور لوئر کرم کے 100 سے زائد دیہات کی آبادی اس بندش کے باعث شدید مشکلات کا شکار ہوئی، خوراک اور علاج نہ ملنے کے باعث لوگ پریشان دکھائی دیے۔ ضلع کے تمام سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں کے سربراہان نے مشترکہ پریس کانفرنس میں یکم مارچ سے کھلنے والے تعلیمی ادارے احتجاجاً بند رکھنے کا اعلان کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 5 لاکھ کی آبادی خوراک، علاج اور پیٹرول سے محروم ہے، اسٹیشنری، یونیفارم اور پیٹرول موجود ہی نہیں تو طلبا کیسے تعلیم حاصل کرنے اسکول پہنچیں گے؟ انہوں نے کہا کہ آمد و رفت کے راستے کھولنے اور پیٹرول کی سپلائی بحال ہونے تک تعلیمی ادارے بند رکھے جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 13

کیسز میں رہنما پی ٹی آئی اعظم سواتی کی حاضری سے استثنی کی درخواست منظور کرلی۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد کے جج محمد افضل مجوکہ نے اعظم سواتی کیخلاف متنازعہ ٹویٹ کیسز کی سماعت کی، رہنما پی ٹی آئی عدالت میں پیش نہ ہوئے، ان کی طرف سے حاضری سے استثنی کی درخواست دائر کی گئی۔ عدالت نے حاضری سے استثنی کی درخواست منظور کرتے ہوئے کیس کی سماعت 5 اپریل تک ملتوی کر دی۔ یاد رہے کہ اعظم سواتی کیخلاف ایف آئی اے میں 2 مقدمات درج ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 14

ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے بتایا کہ تمام جیلوں کا ابتدائی سروے مکمل کر لیا ہے، سروے کے دوران جیلوں کی شمسی توانائی پر منتقلی کیلئے لاگت کا تخمینہ بھی لگایا گیا ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ پنجاب کی 43 جیلوں میں بجلی اور گیس کا سالانہ بل ساڑھے 4 ارب تک پہنچ چکا ہے، تمام جیلوں کو 4 ارب 35 کروڑ کی لاگت سے شمسی توانائی پر منتقل کیا جا سکتا ہے۔ ترجمان کے مطابق گرین انرجی کے مجوزہ حل پر مرحلہ وار عملدرآمد سے بجلی کے بلوں میں 60 فیصد کمی آئے گی، منصوبے کیلئے جاری مالی سال کے دوران 2 ارب روپے مختص کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

آفس کے اعتراضات برقرار رکھے ہیں۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں پانچ رکنی آئینی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ آئندہ سماعت پر اعتراضات پر دلائل دیں۔ عمران خان کے حامد خان نے کہا کہ میں تیار ہوں، آئندہ سماعت پر اعتراضات پر دلائل دوں گا۔ جسٹس امین الدین خان نے ریمارکس دیے کہ آپ کے اعتراضات ہیں، اعتراضات پر دلائل نہیں دے سکتے تو مرکزی درخواست پر دلائل دیں۔ وکیل شیر افضل مروت حنیف راہی نے کہا کہ جب تک اعتراضات دور نہیں ہوں گے، مرکزی درخواست پر دلائل نہیں دوں گا۔ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ ہم اجازت دے رہے ہیں، آپ دلائل دیں۔ وکیل شیر افضل مروت نے کہا کہ جب تک میری درخواست پر نمبر نہیں لگتا، دلائل نہیں دوں گا۔ آئینی بینچ نے سماعت غیر معینہ مدت تک کے لیے ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 16

رہا ہو شروع کریں گے، ہر منصوبے کا بتانے کے لئے دروازے پر دستک نہیں دی جاتی۔ انہوں نے کہا کہ ایک پارٹی کو پنجاب حکومت کی کارکردگی سے بہت مسئلہ ہو رہا ہے، عثمان بزدار کو اپنا تعارف کرانے کے لئے شہباز شریف کے نام کی ضرورت پڑتی تھی، پی ٹی آئی والے اپنے دور حکومت میں مریم نواز کو والد کے سامنے گرفتار کرنے میں مصروف تھے، چنگی اور گوگی کا رشوت کا بازار گرم تھا، ان کے دور میں ہر عہدے کا ایک ریٹ مقرر تھا۔ عظمٰی بخاری نے کہا کہ تحریک انصاف کا دور حکومت سکینڈلز سے بھرا رہا، پی ٹی آئی کے دور میں پیسے لیکر تقرر و تبادلے کیے جاتے تھے، پی ٹی آئی کے منصوبوں کا کوئی ریکارڈ نہیں، یہ منصوبے صرف سوشل میڈیا پر تھے، بانی پی ٹی آئی ان کیلئے مہاتما تھے، مہاتما نے خود کہا عثمان بزدار اپنی کارکردگی اشتہارات کے ذریعے بتائیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ تحریک انصاف کے کسی اشتہار پر کوئی بڑا منصوبہ نظر نہیں آئے گا، انہوں نے اپنے دور میں تبدیلی کا پروگرام، 50 ہزار گھر، لاکھوں نوکریوں والا اشتہار چھاپا تھا، عثمان بزدار نے اپنے دور میں کچھ کرکے نہیں دکھایا، ان نالائقوں کے پاس فرصت نہیں تھی یہ مصروف تھے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی طرف سے پنجاب حکومت کے خلاف پراپیگنڈا کیا جارہا ہے، انہوں نے 2 دن سے ایک مہم شروع کی ہوئی ہے، یہ کہہ رہے ہیں منصوبے پی ٹی آئی کے اور تختی مریم نواز کی، ڈائیلسز کا پروگرام بزدار کا نہیں شہباز شریف نے شروع کیا تھا، وزیراعلی مریم نواز نے ڈائیلسز کارڈ کے لئے 10 لاکھ روپے مختص کردیے ہیں۔ عظمٰی بخاری نے کہا کہ ایئر ایمبولینس کے نعرے بھی بہت بار لگے، ایئر ایمبولینس کے نعرے پرویز الٰہی اور عثمان بزدار نے بھی لگائے، ایئر ایمبولینس وزیراعلی مریم نواز حکومت کے پہلے 6 ماہ میں لائیں، یہ کسان کارڈ پر بھی بات کرتے ہیں، تحقیقات کے بعد پتہ چلا ان کے کسی منصوبے کی کوئی ڈیٹیل موجود نہیں، آج کسان کارڈ پر ساڑھے 7 لاکھ سے زیادہ لوگ اربوں روپے کی خریداری کر چکے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 17

اتارنے کے لیے ایوو برج منسلک کرانا اور مسافروں کے پہنچنے تک ان کا سامان بھی لاؤنج تک پہنچانا وہ ٹاسک تھا جسے خواتین پر مشتمل عملے نے بخوبی پورا کیا۔ ان باہمت خواتین نے ایوی ایشن انڈسٹری میں اس پیشے کو منتخب کیا ہے جو پہلے صرف مردوں کے لیے مخصوص سمجھا جاتا تھا۔ ایئرلائنز کو گراؤنڈ ہینڈلنگ سروس فراہم کرنے والی نجی کمپنی کا کہنا ہے کہ یہ صرف ایک فلائٹ آپریشن نہیں بلکہ پاکستان کی افرادی قوت کے منظرنامے میں ایک واضح تبدیلی ہے۔ جیریز دناتا کے نائب صدر علی کمال نے کہا کہ اگلا مرحلہ لاؤنج میں موجود مسافروں کو بورڈنگ کارڈ جاری کرکے طیارے میں سوار کرانا اور بیگیج طیارے میں لوڈ کرنا، ایندھن بھروانا، ساتھ ہی ایپرن ایریا میں کھڑے طیارے کو دوبارہ پرواز کے لیے تیار کرنا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ سب سے اہم اور حساس ترین کام ٹگ ماسٹر کے ذریعے دیو ہیکل طیارے کو دھکیل کر ایپرن ایریا سے ٹیکسی وے تک پہنچانا تھا جسے خاتون آپریٹر نے بخوبی انجام دیا۔ خواتین کے عالمی دن کی مناسبت سے سری لنکن ایئر لائن کا کراچی کی اس پرواز کے بیلنس سے لے کر ٹیکنیکل کرو تک تمام عملہ خواتین پر مشتمل تھا۔ گراو؟ نڈ پر بھی تمام خدمات خواتین نے ہی انجام دیں اور طیارے کو مقررہ وقت کے اندر کامیابی سے اگلی منزل کے لیے روانہ کر دیا۔ اس طرح پاکستان جنوبی ایشیا کا پہلا ملک بن گیا ہے جہاں طیارے کے کاک پٹ سے لے کر گراو؟ نڈ لینڈنگ تک تمام امور خواتین نے انجام

شخص کو اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 22

حوالے سے بہت اچھی بات چیت جاری ہے، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق برطانوی وزیراعظم کیئر سٹارمر کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس میں ٹرمپ سے سوال کیا گیا کہ کیا دوسرا مرحلہ نتیجہ خیز ہوگا؟ تو انہوں نے کہا کہ ہم دیکھیں گے کہ کیا ہوتا ہے۔ کوئی بھی واقعتاً نہیں جانتا لیکن ہم دیکھیں گے کہ کیا ہوتا ہے۔ ہماری کچھ بہت اچھی بات چیت جاری ہے۔ ٹرمپ کی غزہ پر امریکی قبضے اور فلسطینیوں کی مستقل نقل مکانی کی تجویز کے بارے میں جب پریس کانفرنس میں سٹارمر سے سوال کیا گیا تو انہوں نے کہا، جی ہاں، میں سمجھتا ہوں کہ دو ریاستی حل ہی بالآخر خطے میں پائیدار امن کا واحد راستہ ہے۔ ٹرمپ کے اس منصوبے کی عالمی سطح پر مذمت ہوئی ہے اور اسے نسلی تطہیر کی تجویز قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

ہاؤسز، وزیراعلی ہاؤسز کے گھیراؤ ہوں گے، سڑکوں پر بھی بیٹھیں گے اور لانگ مارچ بھی نکالیں گے، جب تک بجلی کی قیمتوں میں خاطر خواہ کمی نہیں کی جائے گی ہم اس تحریک کا مومینٹم بڑھاتے رہیں گے، وزیراعظم بتائیں کہ آئی پی پیز مافیاز کے نظرثانی شدہ معاہدوں سے ہونے والے ایک ہزار ارب روپے کا فائدہ عوام کو کیوں نہیں پہنچایا جارہا ہے، بجلی کی قیمتوں میں فی یونٹ کمی کیوں نہیں جا رہی، جب تک بجلی کے فی یونٹ میں قیمت کم نہیں ہوگی، انڈسٹری آگے بڑھ سکے گی نہ ہی عام شہری کے حالات بدلیں گے۔ وزراء اور مشیر جو پہلے موجود ہیں انہوں نے ملک اور عوام کے لیے کیا کیا جواب مزید وزراء کی فوج ظفر موج بھرتی کرلی گئی ہے۔ ہمارا واضح مطالبہ ہے کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی کی جائے، بلوں میں موجود تمام ناجائز ٹیکسز ختم کیے جائیں۔ پیپلز پارٹی کی 17 سالہ صوبائی حکومت کرپشن اور نااہلی کا دوسرا نام ہے، رمضان المبارک کے بعد جماعت اسلامی، کراچی کے عوام کی ترجمانی کرتے ہوئے ایک بڑا ملین مارچ کرے گی، پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم مسلسل نورا کشتی میں لگے ہوئے ہیں عوام کے مسائل سے انہیں کوئی سروکار نہیں، ان کا مقصد صرف وزارتیں سمیٹنا ہے۔ کراچی کا انفراسٹرکچر تباہ حال ہے، کراچی کے عوام ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی دونوں کو انتخابات میں مکمل مسترد کر چکے ہیں لیکن عوام کے ٹھکرائے ہوئے لوگوں کو ہمارے سر پر مسلط کردیا گیا ہے، رمضان المبارک سے قبل 1370 ملازمین کو ملازمتوں سے فارغ اور بے روزگار کرنے پر شدید مذمت کرتے ہیں، اسٹیل مل ایک منافع بخش قومی ادارہ تھا لیکن اسے ایک سازش کے تحت حکومتوں اور حکمران پارٹیوں نے مل کر تباہ کیا، پی ٹی آئی نے حکومت میں آنے سے قبل وعدہ کیا تھا کہ ہم پاکستان اسٹیل مل کو از سرنو بحال کریں گے لیکن اس نے بھی ساڑھے تین سال حکومت کے مزے تو لے لیے اسٹیل مل کے لیے عملاً کچھ نہیں کیا، پی ٹی آئی کے بعد پی ڈی ایم کی حکومت نے بھی کچھ نہیں کیا اور اب مسلم لیگ ن کے ساتھ پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم بھی وفاق میں شامل ہیں ان کی حکومت نے 1370 ملازمین کو فارغ کردیا ہے، ان سب کی نظریں اسٹیل مل کی زمینوں پر ہیں لیکن کوئی بھی اسٹیل مل کو چلانے کے لیے تیار نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 24

کی تکمیل کے بعد فلاڈیلفیا محور بفرزون برقرار رہے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے مزید کہا کہ یہ محور بفرزون رہے گا جیسا جنوبی لبنان اور شام میں بفرزون ہے۔ انہوں نے ان پانچ مقامات کا حوالہ دیا جہاں جنوبی لبنان سے اسرائیلی افواج نہیں ہٹی ہیں۔ اسی طرح انہوں نے گزشتہ دسمبر سے جنوبی شام میں ہونے والی دراندازیوں کا ذکر کیا۔

بقیہ بقیہ جات 25

کی۔ چیف جسٹس یحیٰی آفریدی کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنماؤں عالیہ حمزہ، شہریار آفریدی اور دیگر کی ضمانت منسوخی کی درخواستوں کی سماعت کی۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب عدالت میں پیش ہوئے۔ پنجاب حکومت نے رپورٹ جمع کروانے کیلئے عدالت سے وقت مانگ لیا۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے استدعا کی کہ رپورٹس کے لیے کچھ وقت درکار ہے۔ سپریم کورٹ نے کیس کی سماعت 2 ہفتوں کے لیے ملتوی کردی۔ ضمانت منسوخی کی اپیلیں پنجاب حکومت کی جانب سے دائر کی گئی تھیں۔

بقیہ بقیہ جات 26

کے زونل و میونسپل افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد لاہور میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینا، درپیش چیلنجز کو حل کرنا اور منصوبے کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانا تھا۔ وزیر خزانہ نے اجلاس میں اراکین اسمبلی سے ان کے حلقوں میں درپیش مسائل پر تفصیلی بریفنگ لی اور متعلقہ بلدیاتی اداروں کو ہدایت کی کہ وہ عوام کو درپیش مشکلات کے فوری حل کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر لاہور ڈویلپمنٹ پلان کے تحت شہر میں ترقیاتی کاموں کا آغاز کر دیا گیا ہے، جس کا مقصد بنیادی شہری سہولیات کو جدید خطوط پر استوار کرنا اور عوام کو بہترین معیار زندگی فراہم کرنا ہے۔ اس منصوبے کے تحت پورے شہر میں نکاسی آب کے نظام کی بہتری، پختہ سڑکوں کی تعمیر، اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب، پارکس کی بحالی اور سیوریج

جنھوں نے اپنے ضمیر کو بیچا ہے۔ پاکستان کی عوام یہ دیکھ رہے ہیں کہ یہ کیا سرکس جاری ہے۔ عدالت کے باہر ہی موجود رہنما پاکستان تحریک انصاف عالیہ حمزہ نے کہا کہ اس حکومت کا فسطائیت کا چہرہ سب کے سامنے ہے، یاسمین راشد، عمر چیمہ کسی کی ضمانت نہیں ہو رہی، ہمیں فیئر ٹرائل کا حق بھی نہیں دیا جارہا۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ میں ان ضمانتوں کو چیلنج کرنے آئی تھی، عوام کے ٹیکس پیئرز کا پیسہ عوام کو دبانے پر استعمال کرنے پر لگے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپنی مرضی کے قوانین لانا، اپنے فائدے کے لیے 26 ویں آئینی ترمیم پاس کروانا، میڈیا پر پیکا ایکٹ مسلط کردیا گیا، ایک اپوزیشن الائنس سے کیوں گھبرا رہے ہیں۔ مجھے مینار پاکستان پر ایک جلسہ کرنے کی اجازت دے دیں لوگوں کو گرفتار کریں راستے کھول دیں۔ عالیہ حمزہ نے کہا کہ مان لیں آپ ہار گئے ہیں وہ ایک شخص جیل میں بیٹھا اپنی عوام کی جنگ لڑ رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 29

نے کہا ہے کہ صوبہ بھر میں اشیائے خورد و نوش کے نرخوں میں ریلیف کی فراہمی جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں میں ماڈل بازاروں اور سہولت سٹالز سے 2 لاکھ 20 ہزار سے زائد افراد نے خریداری کی، لاہور ڈویژن میں 98 ہزار 970 سے زائد افراد نے سہولت سٹالز سے مختلف اشیاء کی خریداری کی۔ چیئرمین ملک افضل کھوکھر نے کہا کہ گوجرانولہ ڈویژن میں 38 ہزار، گجرات اور راولپنڈی 31 ہزار، سرگودھا میں 15 ہزار سے زائد افراد نے اشیائے خوردونوش خریدیں، ملتان، ساہیوال، بہاولپور، ڈی جی خان اور فیصل آباد میں 36 ہزار سے زائد افراد نے سہولت سٹالز سے خریداری کی۔

بقیہ بقیہ جات 30

پی ٹی آئی عہدیداروں کا کوئی سیاسی بیک گراؤنڈ نہیں، یہ اب تک گرینڈ الائنس بنانے میں بھی ناکام ہیں۔ لاہور میں عدالت کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے فواد چوہدری نے حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک میں شہریوں کو آسانیاں اور سہولیات دینے کے بجائے انہوں نے 50 وزیر بنادیے ہیں، امریکا گورنمنٹ چھوٹی کررہا ہے اور ہم بڑی کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت چل نہیں رہی گھسٹ رہی ہے۔ یہ الیکشن ہار گئے، دھاندلی ہی ان کے پاؤں کی بیڑیاں ہیں۔ ہر طبقے سے یہ حکومت بلیک میل ہورہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

7 مارچ کو منائی جائے گی۔ رفیق تارڑ 2 نومبر 1929ء کو منڈی بہاالدین میں پیدا ہوئے تھے، انہوں نے 1951 میں پنجاب لا کالج سے ایل ایل بی کی ڈگری حاصل کی۔ وہ 17 جنوری 1991 سے یکم نومبر 1994 تک سپریم کورٹ کے جج رہے، اس سے قبل 6 مارچ 1989 سے 31 اکتوبر 1991 تک لاہور ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔ بعد ازاں رفیق تارڑ نے پاکستان مسلم لیگ (ن) میں شمولیت اختیار کرلی تھی۔ مرحوم یکم جنوری 1998ء سے 20 جون 2001ء تک پاکستان کے 9 ویں صدر کے عہدے پر فائز رہے۔ سابق صدر پاکستان رفیق تارڑ 7 مارچ 2022ء کو 82 برس کی عمر میں انتقال کرگئے۔

بقیہ بقیہ جات 32

پر کڑی تنقید کی گئی ہے۔ مرکزی ترجمان پاکستان پیپلز پارٹی شازیہ مری نے یوٹیلیٹی اسٹورز ملازمین کی برطرفی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ایک طرف وزرا یقین دہانی کروا رہے ہیں کہ ملازمین کو نہیں نکالا جائے گا تو دوسری طرف چھانٹیاں کی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی اور سینیٹ میں یقین دہانی کرائی گئی کہ فیصلے پر نظرثانی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین کو برطرف کرکے اور یوٹرن لینے سے حکومتی ساکھ شدید متاثر ہورہی ہے۔ شازیہ مری نے کہا کہ وفاقی کابینہ میں وزرا کی فوج بھرتی کی جارہی ہے اور دوسری طرف غریب ملازمین سے روزگار چھینا جارہا ہے۔ کفایت شعاری کیا صرف غریب ملازمین کے لیے ہے جنہیں بیروزگار کرکے ان کے چولہے بند کیے جارہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 33

باہر سیکیورٹی تھی اور گیٹ بند تھا، ہم نے بتایا کہ وزیراطلاعات نے اجازت دی ہے۔ شاہد خاقان عباسی حکومت نے ہوٹل کے باہر سیکیورٹی تعینات کی تھی، موجودہ حکومت کے پاس مینڈیٹ نہیں، حکومت آئین کے نام سے بھی خائف رہتی ہے، ہم کوئی جلسہ نہیں کر رہے تھے، کانفرنس تھی، گزشتہ سال حکومت اور اپوزیشن نے کوئی کام نہیں کیا، ہم چاہتے ہیں کہ اپوزیشن تو اپنا آئینی کام پورا کرے۔ انھوں نے کہا کہ ہم آئین اور قانون کی بالادستی چاہتے ہیں، میں آج کی کانفرنس کو انتہائی کامیاب مانتا ہوں، بانی پی ٹی آئی کا دورہ حکومت میں رویہ بھی ٹھیک نہیں تھا، بانی پی ٹی آئی کو سوچنا چاہئے کہ ان کا رویہ کیسا تھا، موجودہ حکومت کی وجہ سے لوگ بانی کا رویہ بھول گئے، موجودہ حکومت نے بانی پی ٹی آئی کو فرشتہ بنادیا۔ عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ نے کہا کہ حکومت کے پاس مینڈیٹ نہیں الیکشن چوری ہوئے ہیں اس لیے ان کو مسئلہ ہے وہ ہر چیز سے خائف رہتے ہیں وہ آج آئین کے نام سے بھی خائف ہیں۔ ہمارا جلسہ نہیں تھا، ایک کانفرنس تھی جس میں زیادہ سے زیادہ بیس تیس لوگ ہوتے ہیں جو ہوٹل کے

دوران بہترین کوریج حاصل کی گئی ضلع میں انسداد پولیو مہم کے دوران ویکسین سے محروم بچوں کی شرح میں کمی ریکارڈ کی گئی مہم کوالٹی اعشاریے بھی بہتری کی جانب گامزن ہیں، مسلسل کمزور یونین کونسلوں میں کمی لائی جا رہی ہے، اعلیٰ سطحی قیادت، پولیو ورکروں کی بدولت مہم میں بہتری لائی جارہی ہے، حکومت، محکمہ صحت کی جانب سے متاثرہ بچی کے والدین کے ساتھ ہمدردی کا اظہار، پولیو ویکسین وائرس سے بچاؤ کے لئے اہم ہے یہ وہی ویکسین ہے جس سے دنیا بھر میں پولیو کا خاتمہ کیا گیا ہے، اضافی قطروں کی خوراکیں بچوں کی قوت مدافعت کو مضبوط کرتی ہیں پولیو کیس کی مکمل چھان بین کی جارہی ہے

بقیہ بقیہ جات 37

بار ایسوسی ایشن کے صدر انور کاشف ممتاز، سینئر نائب صدور زاہد عتیق چودھری، فاروق مجید، نائب صدور عاشق علی رانا، طاہر بشیر مغل، ملک صولت ستار، جنرل سیکرٹری ریحان صدیقی، جوائنٹ سیکرٹری سید عرفان حیدر اور سیکرٹری اطلاعات عمران خان کی جانب سے چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحیی آفریدی کو لکھے گئے خط میں کہا گیا ہے کہ ہائیکورٹس لاہور، اسلام آباد، کراچی، پشاور اور کوئٹہ میں ہیں جبکہ ملک بھر کے چھوٹے شہروں میں ہائیکورٹس موجود نہ ہونے کی وجہ سے ٹیکس دہندگان کو طویل سفر طے کرنا پڑتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 38

ویڈیو لنک شرکت کی۔ آئی جی پنجاب نے دونوں رینجز میں چالاننگ، ملزمان کی گرفتاری اور ریکوری پوزیشن کا جائزہ لیا۔ آئی جی پنجاب نے شیخوپورہ ریجن کو کرائم کنٹرول کے لئے کارکردگی بہتر بنانے جبکہ فیصل آباد میں نئے تعینات ہونے والے آر پی او اور سی پی او کو کرائم کنٹرول کے لئے بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے کی ہدایت کی۔ آئی جی پنجاب نے افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ سنگین جرائم کے اشتہاری مجرمان کی گرفتاری اور چالاننگ کی شرح بہتر بنائیں۔ رمضان المبارک کے دوران مساجد، عبادت گاہوں، مارکیٹوں اور شہریوں کی سیکورٹی یقینی بنائیں۔ ڈی پی اوز 1787، سی ایم کمپلینٹس اور ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن پر شکایت کنندگان سے خود رابطہ کرکے فیڈ بیک لیں۔ بلائنڈ مرڈر، خواتین اور بچوں سے زیادتی و دیگر سنگین کیسز کے حل پر فوکس کریں۔ خواتین اور بچوں سے زیادتی کے کیسز میں انویسٹی گیشن افسران ڈی این اے لازمی کروائیں اور لائن آف انکوائری کو فالو کریں۔ اینٹی ریپ ایکٹ ٹریننگ ماڈیول کے تحت اپریل میں انویسٹی گیشن افسران کا تربیتی کورس کروایا جائے گا۔ جنسی جرائم کے تشکیل کردہ ڈیٹا رجسٹر کے ذریعے مجرمان کی ریگولر سرویلنس یقینی بنائیں۔ اشتہاریوں کی گرفتاری کے لئے ٹاسک لسٹ کے ذریعے گرفتاری کے اہداف دیں۔ ایڈیشنل آئی جی انویسٹی گیشن اطہر اکرم، ڈی آئی جی آپریشنز پنجاب وقاص نذیر، اے آئی جی آپریشنز اور اے آئی جی مانیٹرنگ میٹنگ میں موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 39

کے شرکاء کیلئے لکی قرعہ اندازی کی تقریب منعقد ہوئی جس کے تحت وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر ایک خوش نصیب فاتح کا اعلان کیا۔ ٹیم ایوون بائیکس اور ڈاکٹر شاہد منیر نے ای بائیک کی چابیاں فاتح کے حوالے کیں۔ اس موقع پر ڈاکٹر شاہد منیر کا کہنا تھا کہ اس اقدام سے نہ صرف خواتین کی نقل وحرکت کو بہتر بنایا جا سکتا ہے بلکہ انہیں ٹرانسپورٹ کے شعبے میں بھی خود مختاری اور قیادت کے مواقع میسر آئیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 40

سٹاف بھی جیل کے اندر موجود ہوگا۔ سپرنٹنڈنٹس جیل اور میڈیکل افسر سحری اور افطاری کے وقت میں اپنی متعلقہ جیل کے اچانک دورے کریں گے، ہر بیرک میں تراویح کے انتظامات مکمل کئے جائیں۔ مراسلہ میں کہا گیا کہ رمضان کی پہلی تین سحری میں سپرنٹنڈنٹس جیل خود انتظامات کی نگرانی کریں گے، مخیر حضرات سے آنے والے راشن کی چیزوں کا بھی مکمل ریکارڈ رکھا جائے، تمام چیزیں مکمل چیکنگ کے بعد جیل کے اندر بھجوائی جائیں۔ تمام رینجز کے ڈی آئی جیز کو بھی جیلوں کے اچانک دورے کرنے کی ہدایات جاری کر دی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 41

کروادیا گیا۔ یونٹ میں مختلف برانڈز کی جعلی ڈرنکس کی تیاری کی جارہی تھی، بغیر منظور شدہ فارمولا کولڈ ڈرنکس تیار کی جا رہی تھی، یونٹ میں صفائی کے ناقص انتظامات، خام مال کھلا زمین پر رکھا گیا تھا، جعلی محلول قوانین کے خلاف نیلے ڈرموں میں رکھا پایا گیا، خوراک کا کاروبار بغیر فوڈ اتھارٹی لائسنس چھپ کر کیا جارہا تھا۔ ویجیلنس ٹیم نے ریکی کرکے جعلی یونٹ کا پتہ لگایا۔ عاصم جاوید نے کہا کہ جعلی کولڈ ڈرنکس کا استعمال گردے اور جگر کو متاثر کرسکتا ہے۔ خوراک کے نام پر جعلی کاروبار کرنے والوں کو ہرصورت پنجاب سے نکال بھگائیں گے۔ پنجاب بھر سے صحت دشمن عناصر کا ہر حربہ ناکام بنا کر قلع قمع کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 42

گزشتہ روز حالات سے تنگ آکر احمد دین نے گندم میں رکھنے والی گولیاں نگل لیں۔ حالت غیر ہونے پر اہل خانہ نے ہسپتال پہنچایا۔ جہاں ڈاکٹروں نے اسکی جان بچانے کی سرتوڑ کوشش کی لیکن وہ دوران علاج زندگی کی بازی ہار گیا، پولیس نے نعش قبضہ میں لیکر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی۔

170 روپے کلو تک پہنچ گئی ہے جبکہ گھی اور آئل کی قیمتوں میں بھی اضافے کا رجحان ہے جبکہ چچا اور بھتیجی عوام کے لئے دودھ اور شہد کی نہریں بہا دینے کے دعویدار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بتایا جائے رمضان المبارک میں پسے ہوئے طبقات کو ریلیف دینے کے لئے کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں، پنجاب میں پسے ہوئے طبقات کا مستند ڈیٹا موجود نہیں جس کی وجہ سے حقدار تک اس کا حق نہیں پہنچتا اور سب کچھ سیاسی بندر بانٹ کی نذر ہو رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 48

ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کی تینوں تحصیلوں میں رمضان بازار مکمل فعال ہیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شہربینہ غلام مرتضی جونیجو، اسسٹنٹ کمشنر وجیہہ ثمرین، سی او میونسپل کمیٹی راو انوار سمیت دیگر افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 49

چوراہوں میں اتائیوں نے کلینک بنا رکھے ہیں اور مریضوں پر تجربات کر کے زندگیوں سے کھیلنے میں مصروف عمل ہیں ضلعی انتظامیہ ہو یا ڈرگ کنٹرولر و ڈی ڈی ایچ او سانگلہ ہل اپنی اپنی مبینہ منتھلیوں کے عوض مریضوں و شہریوں کو اتائیوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے صفر کارکردگی دکھائی دیتی ہے شہریوں تاجروں رفاہی و سماجی تنظیموں نے مذکورہ معاملات پر سختی سے نوٹس لیتے ہوئے وزیر اعلی پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب اور سیکرٹری صحت پنجاب سے کاروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

معاونت کے حوالے سے بھی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر چیئرپرسن اعجاز الرحمان، سعید خان اور فیصل سعید خان نے طلبہ کی جانب سے پوچھے گئے مختلف سوالات کے جوابات بھی دیئے۔ چیئرپرسن کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اعجاز الرحمان نے کہا کہ نیشنل کالج آف آرٹس جیسے تعلیمی ادارے اور مختلف صنعتوں خصوصاً ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کے درمیان مضبوط روابط کی اسٹریٹجک اہمیت ہے، جس کے ذریعے پیداوار میں اضافے اور دیگر مہارتوں کی دستیابی میں کلیدی معاونت میسر آسکتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

جاں بحق بچی کی شناخت ایمان فاطمہ عمر 1 سال سے ہوئی، ریسکیو عملہ نے بچی کی ڈیڈ باڈی ضروری کارروائی کے بعد مقامی پولیس کے حوالے کردی۔

بقیہ بقیہ جات 52

ازاں ایک اسرائیلی ڈرون نے اسی علاقے پر اس وقت حملہ کیا جب شہری اس جگہ جمع تھے۔ ابتدائی معلومات کے مطابق اس حملے میں لوگ زخمی ہوئے۔ اسرائیلی حملہ ایک سال سے زائد عرصے تک جاری رہنے والے تصادم کے بعد امریکی ثالثی میں 27 نومبر کو حزب اللہ اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی کا معاہدہ طے ہونے کے باوجود کیا گیا ہے۔ جنگ بندی معاہدے کے بعد اسرائیل اب بھی جنوبی اور مشرقی لبنان کے کئی علاقوں پر حملے کررہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 53

ہوئے چلتی موٹر سائیکل سے دھکا دیدیا جس سے خاتون زخمی ہوگئی، پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

بھاری فائرنگ کی آڑ میں دراندازی کی تھی۔ دوسری لہر میں 2,000 افراد شامل تھے اور تیسری لہر میں کئی ہزار شہریوں کے ساتھ سینکڑوں عسکریت پسندوں نے اسرائیل میں دراندازی کی تھی۔ رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا کہ حملے کے دوران مجموعی طور پر تقریباً 5000 جنگجو اسرائیلی علاقے میں گھس آئے۔ تحقیقات میں واضح کیا گیا کہ غلط فہمیوں کی وجہ سے سات اکتوبر کو ہونے والے حملے کا اندازہ لگانے میں ناکامی ہوئی

بقیہ بقیہ جات 55

مجرمان اشتہاریوں میں سنگین مقدمات میں ملوث اے کیٹگری کے 305 مجرمان اشتہاری بھی شامل ہیں جبکہ بی کیٹگری کے 759 مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری کے لیے سپیشل ٹیم تشکیل دی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 56

کرائے ٹرانسپورٹ اسکے اخراجات بھی زیادہ ہیں تو پھر کچھ لوگ بھی مہنگائی کرلیتے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ 50 کلو سے 80 روپے بڑھ گیا ہے اوپر، جو 100 روپے پاؤ تھی وہ اب 120، 130 روپے پاؤ مارکیٹ میں ہوگئی ہے اور جو کہ جارہے گی وہ 150 روپے پاؤ بیچے گا۔ شہریوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ منافع خوروں کے خلاف کارروائی کرکے کھجور کی بڑھتی قیمتوں کو کنٹرول کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 57

شانہ بشانہ دشمن کے عزائم کو خاک میں ملایا ہے، ہم سب نے مل کر آزادی کا دفاع کرنا ہے اور مقبوضہ کشمیر کو آزاد کروا کر اپنے ساتھ شامل کرنا ہے، سوشل میڈیا پر پھیلائی گئی ہر اطلاع درست نہیں ہوتی، ان حالات میں قوم کی بالخصوص نئی نسل کی درست سمت میں رہنمائی ضروری ہے، ہائی سکول کہنہ موہری کے مسائل کے حل کیلئے کردار ادا کریں گے، طلباء تعلیم کیساتھ کھیلوں کی سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، ان خیالات کا

رمضان المبارک میں شہر لاہور کے غریب، نادار اور مستحقین کیلئے رمضان فوڈ حب کا باقاعدہ افتتاح کرتے ہوئے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ افتتاح کے موقع پر سیکرٹری جنرل سیکرٹری ڈاکٹر اعجاز نذیر اور الخدمت فاؤنڈیشن کے دیگر ذمہ داران کی شرکت۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور جنرل سیکرٹری ڈاکٹر اعجاز نذیر نے فوڈ بنک کا بھی دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا اور الخدمت فاؤنڈیشن کے ذمہ داران اور رضا کاروں کی کاوشوں کو بے حد سراہا۔ اس موقع پر ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے سب ڈونرز کا شکریہ ادا کیا اور یقین دلایا کہ ان کا دیا ہوا ایک ایک روپیہ حقیقی حقداروں کا پہنچے گا۔

بقیہ بقیہ جات 60

کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان دوستی کی تاریخ دہائیوں پر محیط ہے۔ ترکی نے ہر مشکل میں پاکستان کا ساتھ دیا۔ ذیشان رفیق نے ترک قونصل جنرل کو بتایا کہ وزیراعلی مریم نواز کی قیادت میں پنجاب حکومت مختصر مدت کے دوران عوامی فلاح کے کئی ایک منصوبوں کو مکمل کرچکی ہے۔ پنجاب میں ترک سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ ترکیہ کے قونصل جنرل درمش باستغ Durmus Bastug نے ملاقات پر صوبائی وزیر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ترکیہ کی حکومت کی جانب سے پاکستان بالخصوص پنجاب حکومت کے ساتھ تعاون جاری رکھنے کا یقین دلایا۔

بقیہ بقیہ جات 61

مد میں اوور چارجنگ کی روک تھام کا میکانزم مزید موثر بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لاہور پارکنگ کمپنی میں ریونیو جمع کرنے کی کافی صلاحیت ہے۔ خوشی ہے کہ لاہور پارکنگ کمپنی نے اپنے اقدامات کے ذریعے ریونیو میں اضافہ کیا ہے۔ ذیشان رفیق نے زور دیا کہ کمپنی لاہور شہر میں نئی پارکنگ سائٹس ڈویلپ کرے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پہلے مرحلے میں کمرشل سائٹس پر فوکس کیا جائے۔ لاہور پارکنگ کمپنی کو انتظامی طور پر بااختیار بنانے کیلئے وزیراعلیٰ سے درخواست کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ انفورسمنٹ کے معاملات بہتر بنائے بغیر مطلوبہ اہداف پورے نہیں ہوسکتے۔ لاہور پارکنگ کمپنی کی استعداد کار میں اضافے کے لئے موثر اقدامات کئے جائیں گے۔ اس موقع پر لاہور پارکنگ کمپنی کے سی ای او نوید الاسلام ورک نے بتایا کہ پارکنگ سائٹس پر اوور چارجنگ پر سخت کارروائی کی جا رہی ہے۔ وارننگ کے بعد ایف آئی آرز بھی درج کرائی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر کی ہدایت کے مطابق نئی پارکنگ سائٹس کی تیاری کے لئے سروے جلد شروع کردیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 62

ساتھ دیں گی۔" نامور سٹیج اداکار امانت چن نے بھی وزیراعلیٰ مریم نواز اور عظمٰی بخاری کے اقدامات کو سراہا۔ انہوں نے کہا، "شکر ہے کہ کسی نے تھیٹر انڈسٹری کی طرف بھی توجہ دی۔ عظمٰی بخاری کی محنت سے پاکستان کا تھیٹر ایک بار پھر دنیا میں مقبولیت حاصل کرے گا۔ ہم مریم نواز کو ایک سال کی بہترین کارکردگی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔" انہوں نے مزید کہا کہ "مریم نواز نے فنکار لکی ڈیئر کی مالی مدد کرکے ایک اعلیٰ مثال قائم کی ہے۔" سٹیج اداکارہ صائمہ خان نے بھی لائیو مانیٹرنگ کے فیصلے کو خوش آئند قرار دیا۔ انہوں نے کہا، "ڈراموں کی لائیو مانیٹرنگ فحاشی کے خاتمے کے لیے ایک مثبت قدم ہے۔ عظمٰی بخاری تھیٹر کی بہتری کے لیے جو کام کر رہی ہیں، ہم ان کے شکر گزار ہیں اور ان کے اقدامات پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔" طاہر نوشاد نے کہا کہ "وزیراعلیٰ مریم نواز اور وزیر اطلاعات عظمٰی بخاری تھیٹر انڈسٹری کے فروغ کے لیے جو کام کر رہی ہیں، ہم ان کے ساتھ ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 63

ڈویژنل سپورٹس آفیسر بہاولپور عامر حمید و دیگر نے کی شرکت ہے، سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال اور ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب خضر افضال چودھری نے اجلاس کو بریفنگ دی ہے۔ صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب کے تمام سپورٹس کمپلیکس اور سٹیڈیمز کی براہ راست مانیٹرنگ کی جائے گی، پنجاب کے شہروں میں مانیٹرنگ ٹیمیں سپورٹس سہولیات کو چیک کریں گی، فیصل آباد، ملتان، بہاولپور، راولپنڈی، ڈیرہ غازی خان و دیگر شہروں میں جدید سپورٹس کمپلیکس کے ساتھ خوبصورت مارکیٹس اور شاپس بنائی جائیں گی، صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نے مزید کہا ہے کہ پنجاب کے تمام سپورٹس سٹیڈیم اور کمپلیکس کو سولر پر منتقل کیا جائے گا، نئے تعمیر ہونیوالے سپورٹس کمپلیکس میں بھی سولر سسٹم نصب کیا جائے گا، 116 سپورٹس سہولیات میں سے 94 میں پہلے ہی سولر سسٹم نصب کیا جاچکا ہے، سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کے ریونیو میں اضافہ کرنے کیلئے 52 نئے تعمیر ہونیوالے سپورٹس کمپلیکس کے ساتھ شاپس بھی تعمیر کی جائیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 64

آئندہ ایڈیشن میں ایک نمائشی میچ بھی ہوگا جو 8 اپریل کو پشاور میں کھیلا جائے گا۔ میچ کی دونوں ٹیمیں مناسب وقت پر کنفرم کردی جائیں گی۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل 10 کے لیے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم 13 مئی کو کوالیفائر 1 سمیت 11 میچوں کی میزبانی کرے گا۔

CELESTIA
IT & OFFICE TOWER

NSIT

Exclusive
PAY AFTER POSSESSION OFFER WITH HANDOVER IN JUST 1 YEAR

Starting From* RS. 35,000 per sq. ft

Powering Pakistan's Tech Future from the Heart of Silicon Block at CBD NSIT City.

A dynamic IT launchpad for local and global IT powerhouses, disruptive startups & tech giants offering

- 19+ floors of premium, future-ready office spaces.
- 40% payment on possession, 60% payment in 2 years.
- Prime location adjacent to DHA Phase 6/7.
- Cutting-edge amenities.
- Rapid construction in progress.

Shape the Next Tech Revolution.

LIMITED SPACES AVAILABLE | SECURE YOURS NOW!

*Price varies based on unit selection.

SPL-394

PREMIUM IT & OFFICE SPACES BUILT FOR INNOVATION & SUCCESS.

Punjab Central Business District
Development Authority (PCBDDA)
CBD Complex (Ex Walton Airport) Lt (Navy), Yasir Shaheed Road, Lahore
042-99058100 | bd.team@cbdpunjab.gov.pk | www.cbdpunjab.gov.pk

Register now by visiting
www.cbdpunjab.gov.pk/NawazSharifITCity.
For details and information
UAN: 0331-111-1063

دی گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی بہاولپور میں تیسرے سالانہ کانووکیشن کا انعقاد

وائس چانسلر اور مہمان خصوصی سابق گورنر میاں بلیغ الرحمن نے طالبات میں میڈلز اور ڈگریاں تقسیم کیں

ویمن یونیورسٹی بہاولپور ایک عظیم علمی ادارہ ہے جو نواب آف بہاولپور کی خدمات کا احاطہ کرتی ہے۔ میاں بلیغ الرحمن

بہاول پور (خبر نگار) دی گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی بہاول پور کے تیسرے سالانہ کانووکیشن 2025 کی شاندار تقریب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انجم، مہمان خصوصی میاں محمد بلیغ الرحمان سابق گورنر پنجاب و دیگر معزز مہمانوں نے مختلف پروگرامز میں کامیاب ہونے والی 3988 طالبات میں ڈگریاں ایوارڈ کیں، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انجم نے تعلیمی میدان میں نمایاں آنے والی 84 طالبات کو گولڈ اور 84 ہی طالبات کو سلور میڈلز سے بھی نوازا، کانووکیشن میں 1591 بی ایس، 2394 ایم اے، ایم ایس سی اور ایم سی ایس کے علاوہ 11 ایم ایس پروگرامز سمیت 3 پی ایچ ڈی اسکالرز کو ڈاکٹریٹ کی ڈگری سے نوازا گیا، تقریب میں وائس چانسلر گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انجم نے خطبہ صدارت پیش کرتے ہوئے کہا کہ مجھے آج کے دن طالبات اور انکے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)



دی گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی بہاول پور میں تیسرے سالانہ کانووکیشن کا انعقاد کے موقع پر سابق گورنر بلیغ الرحمان اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انجم کے ہمراہ شرکاء کا گروپ فوٹو

الخدمت فاؤنڈیشن رمضان المبارک میں مستحق اور نادار افراد کا سہارا بنے گی، ضیاء الدین انصاری

الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ہر سال مستحق اور نادار افراد کے لئے فوڈ پیکیج کا انتظام کرتی ہے، مستحق افراد کے لیے آٹا، چاول، دالیں، چینی، گھی، چائے اور خشک اشیاء پر مشتمل فوڈ پیکیج فراہم کیا جائے گا

مخیر حضرات الخدمت فاؤنڈیشن کے دست و بازو بنیں اور اپنی زکوۃ، خیرات اور عطیات کے ذریعے سے مستحق اور نادار افراد کا سہارا بنیں، رمضان فوڈ حب کی افتتاحی تقریب میں میڈیا سے گفتگو

لاہور (خبر نگار) سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ الخدمت فاؤنڈیشن رمضان المبارک میں مستحق اور نادار افراد کا سہارا بنے گی۔ الخدمت فوڈ بنک سے مستحق اور سفید پوش خاندانوں کے گھروں میں باعزت طریقہ کار کے ذریعے راشن پہنچایا جائے گا۔ الخدمت فاؤنڈیشن ہر سال مستحق اور نادار افراد کے لئے فوڈ پیکیج کا انتظام کرتی ہے۔ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں الخدمت فاؤنڈیشن لاہور نے مستحق افراد کے لیے آٹا، چاول، دالیں، چینی، گھی، چائے اور خشک اشیاء پر مشتمل فوڈ پیکیج فراہم کرنے کے لیے فوڈ حب قائم کر دیا گیا ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن فوڈ بینک کے ذریعے 550 سے زائد خواتین کو سستا راشن فراہم کر رہی ہے۔ اہل لاہور سے اپیل کی ہے کہ وہ آگے بڑھ کر الخدمت فاؤنڈیشن کے دست و بازو بنیں اور اپنی زکوۃ، خیرات اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)



لاہور: سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ وحدت روڈ پر رمضان فوڈ حب کا افتتاح کر رہے ہیں

ہائیکورٹس کو ٹیکس کیسز کی ویڈیو لنک پر سماعت کی ہدایات دی جائیں، پاکستان ٹیکس بار کا چیف جسٹس پاکستان کو خط

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحیی آفریدی سے تمام ہائیکورٹس میں ٹیکسز کے کیسز کے لیے ویڈیو لنک سماعت کی اجازت دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ دوسری اپیل کے لیے ٹیکس دہندگان کو اب براہ راست ہائیکورٹس میں جانا پڑتا ہے، جس کی وجہ سے چھوٹے شہروں کے درخواست گزار شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ پاکستان ٹیکس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

فیصل آباد، حالات کے ستائے نوجوان نے زہریلی گولیاں کھا کر خودکشی کر لی

ملکوآنہ (این این آئی) حالات کے ستائے نوجوان نے زہریلی گولیاں کھا کر خودکشی کر لی، پولیس نے نعش تحویل میں لیکر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی۔ بتایا جاتا ہے کہ غلام محمد آباد کے علاقہ شاہی چوک کے رہائشی 40 سالہ احمد دین ولد بشیر احمد نے علاقہ میں بلڈ پوبنار کھا تھا اور معاشی حالات کی وجہ سے پریشان تھا، جس کے باعث ڈپریشن کا شکار تھا اور گھر میں بھی جھگڑا رہتا تھا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

پنجاب سے سال کا پہلا پولیو کیس رپورٹ

پولیو کیس پنجاب کے ضلع منڈی بہاؤالدین سے رپورٹ

لاہور (خبر نگار) پنجاب سے سال کا پہلا پولیو کیس رپورٹ، پولیو کیس پنجاب کے ضلع منڈی بہاؤالدین سے رپورٹ ہوا مزید برآں پولیو سے متاثرہ بچی کی عمر 8 سال ہے۔ بچی تحصیل ملکوال کی رہائشی ہے بچی پر فالج کا حملہ 10 فروری کو ہوا۔ ضلع کی محکمہ صحت ٹیم نے بچی کو چیک کیا، بچی کا پاخانہ ٹیسٹ کے لئے 14 فروری کو نیشنل لیبارٹری بھجوایا گیا ٹیسٹ سے پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی، یہ کہ ابتدائی رپورٹ کے مطابق بچی کو اچانک بخار ہوا، بخار کے بعد دونوں ٹانگوں میں کمزوری ہوئی، بچی کو تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال لے جایا گیا، بچی کا قطروں، ٹیکوں سے متعلق ریکارڈ چیک کیا جا رہا ہے۔ اس سے پہلے پنجاب میں پولیو کیس 2024 میں چکوال سے رپورٹ ہوا تھا، پنجاب میں پولیو کیس 5 ماہ بعد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

لاہور بورڈ کی ناقص حکمت عملی، کئی سرکاری سکولوں کے 50 فیصد سے زائد اساتذہ امتحانی ڈیوٹی پر لگا دیئے گئے: رانا لیاقت

لاہور (خبر نگار) پنجاب ٹیچرز یونین کے جنرل سیکرٹری رانا لیاقت علی نے کہا ہے کہ لاہور بورڈ کی ناقص حکمت عملی کی وجہ سے لاہور کے بعض سرکاری سکولوں کے 50 فیصد سے زائد اساتذہ کو 4 مارچ سے شروع ہونے والے میٹرک کے امتحان میں نگران عملہ کے طور پر تعینات کر دیا گیا ہے جس سے سرکاری سکولوں کے سالانہ امتحانات (SBA)، انتظامی امور اور داخلہ مہم شدید متاثر ہونے کا اندیشہ ہے لاہور میں اس وقت تقریباً 14 ہزار سے زائد اساتذہ تعینات ہیں جبکہ لاہور میں قائم امتحانی سنٹرز پر تقریباً 4 ہزار اساتذہ کی ضرورت ہے اگر ہر سکول سے 25 فیصد اساتذہ لے لئے جائیں تو درکار تعداد پوری ہو سکتی ہے اور مزید چاہیں تو ڈی پی ایس، ایل ڈی اے، پنجاب سکول، پیف، بیکن ہاؤس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں جنگلی حیات کے تحفظ کا عالمی دن 3 مارچ کو منایا جائے گا

ملکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں جنگلی حیات کے تحفظ کا عالمی دن 3 مارچ کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد بڑھتے ہوئے شکار کو روکنا، جانوروں، پرندوں اور تیزی سے معدوم ہوتی جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے عوامی شعور اجاگر کرنا ہے۔ اس دن کے حوالے سے فیصل آباد سمیت ملک بھر میں محکمہ وائلڈ لائف، چڑیا گھروں کی انتظامیہ کے زیر انتظام تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔

وزیر بلدیات ذیشان رفیق سے جمہوریہ ترکیہ کے قونصل جنرل کی ملاقات

ملاقات کے دوران دو طرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق سے جمہوریہ ترکیہ کے قونصل جنرل درمش باستو (Bastug Durmus) نے ان کے آفس ملاقات کی۔ اس موقع پر سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران دو طرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صوبائی وزیر نے ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان کے حالیہ دورہ پاکستان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

لاہور: وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق سے جمہوریہ ترکیہ کے قونصل جنرل درمش باستو سے ملاقات میں انہیں سووینیئر دے رہے ہیں، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں بھی موجود ہیں

فواد چوہدری 9 مئی کے پانچ مقدمات میں قصور وار قرار

بانی پی ٹی آئی سے مل کر تحریک چلانے کی اجازت لیں گے، ملاقات نہ ہو سکی تو خود ایکشن لیں گے، فواد چوہدری

عمران خان کا باہر آنا تحریک کے ذریعے ممکن ہے، مسلم لیگ (ن)، پیپلز پارٹی انتقام کا کلچر ختم کریں، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) پولیس نے سابق وفاقی وزیر فواد چودھری کو 9 مئی کے پانچ مقدمات میں قصور وار قرار دیدیا۔ انسداد دہشتگردی کی خصوصی کے جج منظر علی گل نے فواد چودھری کی عبوری ضمانتوں پر سماعت کی۔ دوران سماعت پولیس نے فواد چودھری کی تفتیشی رپورٹ عدالت میں جمع کرائی، رپورٹ میں پولیس نے سابق وفاقی وزیر فواد چودھری کو 9 مئی کے پانچ مقدمات میں قصور وار قرار دے دیا۔ اس موقع پر سابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

رمضان المبارک سے قبل ہی چکن مافیا نے گٹھ جوڑ کر لیا

سرکاری نرخ 595 روپے کی بجائے 700 روپے کلو تک فروخت ہونے لگا

رائے ونڈ (این این آئی) رمضان المبارک سے قبل ہی چکن مافیا نے گٹھ جوڑ کر لیا، سرکاری نرخ کی بجائے برائلر گوشت 700 روپے کلو تک فروخت ہونے لگا، ضلعی انتظامیہ سمیت دیگر اداروں نے چپ سادھ لی۔ تفصیلات کے مطابق رائے ونڈ شہر سمیت دیگر علاقوں میں چکن کی قیمت بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے، پولٹری فارم مالکان کی مبینہ ملی بھگت سے چکن کی فی کلو قیمت 700 روپے کر دی گئی ہے جبکہ سرکاری ریٹ لسٹ پر کئی دنوں سے چکن کی فی کلو قیمت 595 روپے پر مستحکم ہے۔ چکن فروشوں نے پولٹری فارم مالکان اور ہول سیلرز کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ اگر حکومت اس مافیا کو ہاتھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

وزیر بلدیات کی لاہور شہر میں نئی پارکنگ سائٹس ڈویلپ کرنیکی ہدایت

آن روڈ پارکنگ کی آؤٹ سورسنگ پر تجاویز طلب، پرائیویٹ پارکنگ کے معاملات بھی ریگولرائز کرنے کی ہدایت

لاہور پارکنگ کمپنی کی استعداد کار میں اضافے کے لئے موثر اقدامات کریں گے، وزیر بلدیات ذیشان رفیق

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کی زیر صدارت ایک اجلاس کے دوران لاہور پارکنگ کمپنی سے متعلق معاملات کا جائزہ لیا گیا۔ لاہور پارکنگ کمپنی کے سی ای او نوید الاسلام ورک نے صوبائی وزیر کو بریفنگ دی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے آن روڈ پارکنگ کی آؤٹ سورسنگ پر تجاویز طلب کرتے ہوئے کہا کہ پرائیویٹ پارکنگ کے معاملات بھی ریگولرائز کئے جائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پارکنگ فیس کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

لاہور: وزیر بلدیات ذیشان رفیق لاہور پارکنگ کمپنی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈراموں کی لائیو مانیٹرنگ پر سٹیج اداکار عظمیٰ بخاری کے شکر گزار

سٹیج اداکاروں کا لکی ڈیئر کو 25 لاکھ مالی امداد پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے اظہار تشکر

پنجاب حکومت ہماری بھلائی کیلئے کام کر رہی انکے اعتماد اور ایس پی پیز پر پورا اتریں گے: آغا ماجد

تھیٹر کی بہتری کیلئے عظمیٰ بخاری جو کام کر رہی انکے شکر گزار ہیں: صائمہ خان

لاہور (خبر نگار) پنجاب میں تھیٹر انڈسٹری کی بحالی اور فحاشی کے خاتمے کے لیے حکومت پنجاب کے اقدامات کو سٹیج اداکاروں اور فنکار برادری کی جانب سے بھرپور سراہا گیا ہے۔ تھیٹر فنکاروں نے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا شکریہ ادا کیا اور ان کے اقدامات کو "تھیٹر انڈسٹری کے لیے نئی زندگی" قرار دیا۔ آغا ماجد نے کہا کہ "پنجاب حکومت نے تھیٹر ڈرامے کی بحالی کے لیے بہترین اقدامات اٹھائے ہیں۔ وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے خود مختلف تھیٹرز کے دورے کیے، جو ان کی سنجیدگی اور محنت کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ ہم حکومت کے اعتماد اور ایس او پیز پر پورا اترنے کی پوری کوشش کریں گے۔" انہوں نے مزید کہا کہ "ہم عظمیٰ بخاری کا ساتھ دیں گے اور وہ ہمارا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت سپورٹس کے اہم امور بارے اجلاس

پنجاب کے تمام سپورٹس کمپلیکس اور سٹیڈیمز کی براہ راست مانیٹرنگ کی جائے گی، مانیٹرنگ ٹیمیں سپورٹس سہولیات کو چیک کریں گی

فیصل آباد، ملتان، بہاولپور، راولپنڈی، ڈیرہ غازی خان و دیگر شہروں میں جدید سپورٹس کمپلیکس کے ساتھ خوبصورت مارکیٹس اور شاپس بنائی جائینگی

لاہور: صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر سپورٹس کے اہم امور بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (سپورٹس رپورٹر) صوبائی وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر کی زیر صدارت سپورٹس کے اہم امور بارے اجلاس منعقد ہوا ہے، جمعۃ المبارک کے روز پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹیٹیوشن میں ہونیوالے اجلاس میں سیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال، ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب خضر افضال چودھری، ڈائریکٹر ایڈمن ڈاکٹر محمد کلیم، ڈائریکٹر یوتھ افیئرز سید عمیر حسن، ڈپٹی ڈائریکٹر عطاء الرحمٰن، طارق خانزادہ، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

پنجاب حکومت عوام کو اتنا ریلیف نہیں دے رہی جتنا دکھا رہی ہے، مسرت چیمہ

رمضان المبارک میں عوام کی سہولت کیلئے کوئی اقدامات نہیں اٹھائے گئے، پنجاب میں پسے ہوئے طبقات کا مستند ڈیٹا موجود نہیں

پنجاب کی وزیر اعلیٰ بتائیں زبانی جمع خرچ کے علاوہ ایک سال میں عوام کی ان کی زندگیوں میں کتنی خوشحالی اور آسودگی آئی ہے؟

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت عوام کو اتنا ریلیف نہیں دے رہی جتنا دکھا رہی ہے، گھی اور چینی بنیادی ضرورت ہے لیکن ان کی قیمتیں روزانہ کی بنیاد پر بڑھ رہی ہیں، رمضان المبارک میں عوام کی سہولت کے لئے کوئی اقدامات نہیں اٹھائے گئے۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ پنجاب کی وزیر اعلیٰ بتائیں زبانی جمع خرچ کے علاوہ ایک سال میں عوام (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

کراچی، شہری پر تشدد کرنیوالے گارڈز گرفتار، مرکزی ملزم بلوچستان فرار

رات گئے 2 مقامات پر 2 گارڈز کو گرفتار کر لیا 4 جدید ہتھیار برآمد ہوئے، ڈی آئی جی ساؤتھ اسد رضا

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے بوٹ بیسن میں 19 فروری کو مسلح افراد کے شہری پر تشدد کرنے والے افراد کے خلاف کارروائی جاری ہے۔ سی سی ٹی وی سامنے آگئی۔ ویڈیو میں مسلح افراد کو شہری پر تشدد کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ ڈی آئی جی ساؤتھ اسد رضا کے مطابق رات گئے 2 مقامات پر کارروائی کر کے 2 گارڈز کو گرفتار کر لیا گیا ہے جن سے 4 جدید ہتھیار برآمد ہوئے ہیں۔ اسد رضا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ کا اچانک رمضان بازار کا دورہ

رمضان بازاروں میں عوام کو اشیا خورد و نوش سستے نرخوں پر فروخت کی جا رہی ہیں، ڈپٹی کمشنر ننکانہ

ننکانہ صاحب (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ کا اچانک رمضان بازار کا دورہ، ڈی سی نے رمضان بازار میں انتظامات و سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے افسران کو رمضان بازار میں خریداروں کیلئے بیٹھنے کے انتظامات، سٹالز پر لگی پینا فلیکس اور صفائی ستھرائی کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت جاری کیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر رمضان بازاروں میں عوام کو اشیا خورد و نوش سستے نرخوں پر فروخت کی جا رہی ہیں، رمضان بازار میں عوام کیلئے بہترین انتظامات اور سہولیات فراہم کی جا رہی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

پی ایس ایل کا آغاز 11 اپریل کو ہو گا، شیڈول کا اعلان

اسلام آباد یونائیٹڈ اور لاہور قلندرز کی ٹیمیں افتتاحی میچ میں مدمقابل، فائنل 18 مئی کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائیگا

چھ ٹیموں کے ٹورنامنٹ میں 11 اپریل سے 18 مئی تک 34 میچز کھیلے جائیں گے، پشاور 8 اپریل کو نمائشی میچ کی میزبانی کریگا

لاہور (این این آئی) ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 10 کا آغاز 11 اپریل بروز جمعہ سے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں دفاعی چیمپئن اسلام آباد یونائیٹڈ اور دو بار کی چیمپئن لاہور قلندرز کے درمیان افتتاحی میچ سے شروع ہو گی جس کے شیڈول کا اعلان کر دیا گیا۔ چھ ٹیموں کے ٹورنامنٹ میں 11 اپریل سے 18 مئی تک 34 میچز کھیلے جائیں گے جس میں لاہور کا قذافی اسٹیڈیم 13 میچوں کی میزبانی کرے گا جن میں دو ایلیمینیٹرز اور فائنل شامل ہیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور شیخوپورہ اور فیصل آباد ریجنز کے انسداد کرائم جائزہ اجلاس میں افسران کو ہدایات دے رہے ہیں

ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت شیخوپورہ اور فیصل آباد ریجن کی کرائم میٹنگ

آئی جی پنجاب نے شیخوپورہ اور فیصل آباد ریجنز میں کرائم کنٹرول، لا اینڈ آرڈر اور سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت شیخوپورہ اور فیصل آباد ریجن کی کرائم میٹنگ سنٹرل پولیس آفس پنجاب لاہور میں منعقد ہوئی۔ آئی جی پنجاب نے شیخوپورہ اور فیصل آباد ریجنز میں کرائم کنٹرول، لا اینڈ آرڈر اور سکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا۔ کرائم میٹنگ میں آر پی او شیخوپورہ اطہر اسماعیل، آر پی او فیصل آباد ذیشان اصغر، سی پی او فیصل آباد صاحبزادہ بلال عمر اور متعلقہ اضلاع کے ڈی پی اوز نے بذریعہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

سانگلہ ہل میں اتائیوں کا راج مریضوں پر تجربات کر کے کھیلنے لگے، عوامی سماجی حلقے سراپا احتجاج

ننکانہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل میں اتائیوں کا راج مریضوں پر تجربات کر کے کھیلنے لگے ضلعی محکمہ صحت کے ادارے ڈرگ کنٹرولر اور ڈی ڈی ایچ او سانگلہ ہل نے مبینہ منتھلیوں کے عوض مریضوں اور شہریوں کو اتائیوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا۔ شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب اور سیکرٹری صحت سے نوٹس کا مطالبہ کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق سانگلہ ہل میں گلی محلوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)

ڈیرہ غازیخان: ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد بہترین اساتذہ کو ایوارڈ دے رہے ہیں

نیشنل کالج آف آرٹس کے طلبہ کا کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کا دورہ

مختلف ناٹس، قالینوں کی تیاری کے دوران ہنر مندوں کی تکنیکی مہارتوں سے آگاہی دی گئی

اکیڈیمیاں، صنعت کے درمیان خلیج کم کرنے کیلئے ملاقاتیں مکالمہ کرنا چاہیے، چیئرپرسن سی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) نیشنل کالج آف آرٹس کے طلبہ نے کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کا دورہ کر کے ہاتھ سے قالینوں کی تیاری کے مختلف مراحل اور ایکسپورٹ کے حوالے سے آگاہی حاصل کی۔ کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئرپرسن اعجاز الرحمان، سعید خان اور فیصل سعید خان نے طلبہ کے وفد کا انسٹی ٹیوٹ آمد پر خیر مقدم کیا اور انہیں لوریا سافٹ ویئر، ہزارہ سمیت مختلف ناٹس اور قالینوں کی تیاری کے دوران ہنر مندوں کی تکنیکی مہارتوں کے حوالے سے تفصیلی آگاہ کیا۔ طلبہ کو کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کی جانب سے مینو فیکچررز کو جدید ڈیزائنوں کی تیاری سمیت دیگر مراحل میں فراہم کی جانے والی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

ننکانہ صاحب، تیز رفتار کار اور منی ٹرک میں تصادم، حادثہ میں 1 بچی جاں بحق، 3 خواتین سمیت 4 افراد زخمی

ننکانہ صاحب (این این آئی) تھانہ مانگٹانوالہ کے قریب تیز رفتار کار اور منی ٹرک میں تصادم ہوا، حادثہ میں 1 بچی جاں بحق، 3 خواتین سمیت 4 افراد زخمی، اطلاع پا کر ریسکیو 1122 کا عملہ وہاں پہنچا، ریسکیو عملہ نے زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا، زخمیوں میں 60 سالہ لیاقت، 28 سالہ ثانیہ، 6 سالہ زینب اور 35 سالہ سحرش شامل ہیں، حادثہ میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

مشرقی لبنان میں اسرائیلی حملہ، حزب اللہ کے دو ارکان جاں بحق

حملے میں ایک کار کو نشانہ بنایا گیا جس میں حزب اللہ کا رکن مہدی شاہین سوار تھا، مقامی میڈیا

بیروت (این این آئی) مشرقی لبنان میں ہرمل کے علاقے پر اسرائیلی حملے کے نتیجے میں حزب اللہ کے دو ارکان جاں بحق ہو گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حملے میں ایک کار کو نشانہ بنایا گیا جس میں حزب اللہ کا رکن مہدی شاہین سوار تھا۔ مقامی میڈیا کے مطابق ایک اسرائیلی ڈرون نے ریڈ کراس کے قریب ایک سائیڈ روڈ پر دو میزائلوں سے ایک پک اپ کو نشانہ بنایا۔ بعد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

فیصل آباد پولیس نے رواں سال کے دوران 1064 مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا

ملکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد پولیس نے رواں سال کے دوران 1064 مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا۔ ترجمان پولیس طاہر جٹ نے بتایا کہ سی پی او صاحبزادہ بلال عمر کی ہدایت پر فیصل آباد پولیس نے ضلع بھر کے تھانوں کی حدود میں مجرمان اشتہاریوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کرتے ہوئے رواں سال کے دوران اب تک 1064 مجرمان اشتہاریوں کو گرفتار کیا ہے۔ گرفتار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

حجرہ شاہ مقیم، شوہر نے بیوی کو چلتی موٹر سائیکل سے دھکا دیدیا

روٹھ کر میکے آئی بیوی کو واپس لے جاتے ہوئے طیش میں آگیا، مقدمہ درج

حجرہ شاہ مقیم (این این آئی) شوہر کا بیوی پر تشدد، چلتی موٹر سائیکل سے دھکا دیدیا، مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق حجرہ شاہ مقیم کی غوثیہ کالونی کے رہائشی محمد رفیق کی بیٹی (ط) بی بی کی شادی ساجد سے ہوئی جنکی آپس میں ناچاکی ہونے پر خاتون میکے آگئی جسے گزشتہ روز ملزم شوہر ساجد دوائی دلوانے کے بہانے ساتھ لے گیا اور راستے میں تشدد کرنے لگا بعد ازاں گھر کی طرف جاتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

حماس نے سات اکتوبر کو تین لہروں میں حملہ کیا تھا، اسرائیلی فوجی تحقیقات

حملے کے عروج پر 5000 سے زیادہ لوگ غزہ سے اسرائیل میں داخل ہوئے تھے، رپورٹ

تل ابیب (این این آئی) حال ہی میں شائع ہونے والی اسرائیلی فوجی تحقیقات سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ سات اکتوبر کو حماس نے حملہ تین لہروں میں کیا تھا۔ اس حملے کے عروج پر 5000 سے زیادہ لوگ غزہ سے اسرائیل میں داخل ہوئے تھے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فوج کی طرف سے فراہم کردہ تحقیقات کے خلاصے میں کہا گیا کہ پہلی لہر میں 1,000 سے زیادہ جنگجو شامل تھے جنہوں نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

لاہور: بادامی باغ سبزی منڈی میں سیوریج اور صفائی کا موثر نظام نہ ہونے کی وجہ سے بارش کے بعد ابتر صورتحال کا منظر

لاہور: بزرگ بھٹیارن گاہکوں کے انتظار میں بیٹھی ہے

مہنگائی کا طوفان، کھجور کی قیمت کو بھی پر لگ گئے

فیصل آباد میں کھجور کی قیمت میں 50 سے 100 روپے فی کلو اضافہ

ملکوآنہ (این این آئی) ماہ رمضان مبارک کی آمد سے پہلے مہنگائی کا طوفان اشیائے خورد و نوش کے ساتھ کھجور کی قیمت کو بھی پر لگ گئے، فیصل آباد کی ہول سیل مارکیٹ میں کھجور کی قیمت پچاس سے سو روپے فی کلو اضافہ ہو گیا۔ مارکیٹ میں ایرانی کھجور 600 روپے جبکہ پاکستانی کھجور 450 روپے فی کلو فروخت کی جا رہی ہے۔ آڑھتیوں نے قیمتوں میں اضافے کی وجہ بے جا ٹیکسز کو قرار دے دیا۔ گورنمنٹ نے کسٹم وغیرہ بڑھائے ہیں اس وجہ سے بھی اسکے ریٹ میں فرق پڑا ہے، مہنگا ہو جاتا ہے، (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

خطہ کشمیر کے لوگوں نے دفاع وطن کیلئے بے مثال قربانیاں دیں، بریگیڈیئر مسعود اختر

"سویفٹ ریٹارٹ ڈے" بھارت کو یاد دلاتا رہے گا کہ جارحیت کا جواب کیسے ملتا ہے

باغ (این این آئی) کمانڈر باغ بریگیڈیئر مسعود اختر نے کہا ہے سوشل میڈیا کے فلو کے عہد میں نسل نو کی درست سمت میں رہنمائی کرنے والے اساتذہ قوم کے اصل معمار ہیں، یہاں تعلیم کا رجحان عام ہے، آزاد کشمیر کے عوام نے ہر موقع پر وطن عزیز کے دفاع کیلئے بے مثال قربانیاں دی ہیں، اس خطے کی خواتین نے بھی مردوں کے شانہ بشانہ میدان جنگ شجاعت اور بہادری کے جوہر دکھائے، "سویفٹ ریٹارٹ ڈے" بھارت کو یاد دلاتا رہے گا کہ جارحیت کا جواب کیسے ملتا ہے، آج کے دن بھارت نے ہماری فضائی حدود کی خلاف ورزی کی تو افواج پاکستان نے منہ توڑ جواب دیا ہمارے عوام نے ہمیشہ اپنی افواج کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

ناقص کارکردگی پر بورڈ ناراض، سینئر کھلاڑیوں کا بریک لینے پر غور

ڈراپ ہونے کا لیبل لگوانے سے قبل کھلاڑی دستبردار ہونے کا پلان کر رہے ہیں، ذرائع

لاہور (این این آئی) چیمپئنز ٹرافی میں ناقص کارکردگی کی وجہ سے ڈراپ ہونے کے خدشے کے پیش نظر پاکستان کرکٹ ٹیم کے سینئر کھلاڑیوں نے اگلی سیریز میں بریک لینے کے لیے مشاورت شروع کر دی۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کے اعلیٰ عہدیدار قومی کھلاڑیوں کی ناقص کارکردگی کی وجہ سے سخت ناخوش ہیں۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کرکٹ ٹیم کے سینئر کھلاڑیوں نے نیوزی لینڈ کے خلاف سیریز کے لیے "بریک" لینے پر مشاورت شروع کر دی ہے، کچھ کھلاڑی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

امریکا نے ہم سے ایران پر دباؤ بڑھانے کا کہا ہے، عراق

امریکہ نے ایران سے گیس کی درآمد روکنے کی تجویز پیش کی ہے، وزیر خارجہ

بغداد (این این آئی) اس بات کو تسلیم کرتے ہوئے کہ امریکہ نے ایران پر دباؤ بڑھانے سے متعلق عراقی حکومت کے مسائل پیش کیے عراقی وزیر خارجہ فواد حسین نے کہا ہے کہ ان کا ملک واشنگٹن اور تہران کے درمیان اپنے تعلقات میں توازن کی حفاظت کرنا چاہتا ہے۔ فواد حسین نے عرب ٹی وی کو دیے گئے ایک انٹرویو میں مزید کہا کہ امریکہ نے ایران سے گیس کی درآمد روکنے کی تجویز پیش کی ہے۔ تاہم انہوں نے ساتھ ہی اس بات پر بھی زور دیا کہ بغداد کو امید ہے کہ وہ امریکی انتظامیہ کے ساتھ سٹریٹجک مذاکرات جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا ہمیں نئی امریکی انتظامیہ کے ساتھ نمٹنے کی کوئی فکر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 68)

نارووال: ریسکیو اہلکار سرکلر روڈ پر گھر میں لگی آگ کو بجھانے کی کوشش کر رہا ہے

یو ای ٹی لاہور اور ایوون بائیکس کے مابین اشتراک

لاہور (این این آئی) یو ای ٹی لاہور میں زیمل سوسائٹی اور ایوون بائیکس کے اشتراک سے ویمن آن وہیلز کے موضوع پر سیمینار اور دیگر سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر نے کی۔ سیمینار کا مقصد خواتین کو با اختیار بنانے میں الیکٹرک وہیکلز اور ای۔موبلیٹی سے متعلق آگاہی فراہم کرنا تھا۔ مختلف قسم کی سرگرمیوں کا سلسلہ دو روز تک جاری رہا جن میں ٹیسٹ رائیڈز، اسٹالز اور ای۔موبلیٹی اور خواتین کے ٹرانسپورٹ میں با اختیاری پر لیکچرز شامل تھے۔ سیمینار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

معیشت کی بحالی براہ راست ایس ایم ای سیکٹر سے منسلک ہے، قاضی صدام نصیر

ملکوآنہ (این این آئی) معیشت کی بحالی براہ راست ایس ایم ای سیکٹر سے منسلک ہے جبکہ اس سلسلہ میں خواتین کی حوصلہ افزائی کو اولین ترجیح دی جا رہی ہے۔ یہ بات سمیڈا کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور